Title - AWAAMIR-O-NAWAAHI DAR KITAB-E-ILAHI

Creator - Murattiba Shams uddin.

Publisher - Muslim University Press (Aligarh)

Date - 1945.

Pages - 280

Subjects -

اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا

یہ قرآن وہ راہ دکھاتا ہے جو سب سے سیدھی ہے اور ان مومنوں کو جو نیک کام کرتے ہیں خوشخبری دیتا ہے کہ ان کے لیے بڑا اجر ہے

بنی اسرائیل ۹/۱

اوامر و نواہی

در

کتاب الٰہی

جس میں قرآن مجید کے اوامر و نواہی الگ الگ کرکے اور یہ جتلاتے ہوئے کہ کن لوگوں کو مخاطب کیا گیا اور بلحاظ مضامین کے عنوان قایم کرکے یکجا جمع کئے گئے ہیں۔ تاکہ اہل اسلام کو فرقان حمید کے سمجھنے اور اس پر عمل کرنے میں آسانی ہو

مرتبہ

پیرزادہ شمس الدین

سنہ ۱۹۴۵

شمس الدین پبلیشر نے مسلم یونیورسٹی پریس علیگڑھ میں باہتمام رمضان صاحب جواہر خاں منیجر مطبع علی گڑھ سے چھپوا کر شائع کیا

بار اول ایک ہزار — قیمت فی جلد پانچ روپیہ

مسلم خواتین کے لئے مفید کتب

(۱) اسلامی پردہ

جس میں قُلْ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ یَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِھِمْ۔ مومن مردوں کو کہہ دو اپنی نظریں نیچی رکھیں (۲۴ آیۃ ۳۰

وَ قُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ یَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِھِنَّ۔ اور مومن عورتوں کو کہہ دو اپنی نظریں نیچی رکھیں (۲۴ آیۃ ۳۱)

کے مساوی احکام کے ماتحت یہ ثابت کیا گیا ہے کہ مسلم خواتین کے چہرے کا پردہ گھروں سے باہر بھی نہیں ہے۔

جب مرد اس حکم کی تعمیل کھلے چہرے سے کرتے ہیں تو پھر کیا وجہ ہے کہ عورتیں بھی اس مساوی حکم کی تعمیل کھلے چہرے سے

نہ کریں یہی وجہ ہے کہ چہرہ ڈھانکنے سے مستثنٰی کیا گیا ہے جیسا کہ اس آیت سے ثابت ہوتا ہے۔ وَلَا یُبْدِیْنَ

زِیْنَتَھُنَّ اِلَّا مَا ظَھَرَ مِنْھَا۔ اور اپنی زینت کو نہ دکھائیں سوائے اس کے جو ظاہر ہے۔ (۲۴ آیۃ ۳۱)

کیونکہ چہرہ ڈھانک کر نظریں نیچی رکھنا ایک بے معنی بات ہے۔

(۲) اسلامی مساوات

جس میں یہ ثابت کیا گیا ہے۔ کہ مساوی احکام کے ماتحت مسلم خواتین کو بھی یکساں حقوق دیئے گئے ہیں

مثلاً وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰہُ بِہٖ بَعْضَکُمْ عَلٰی بَعْضٍ ط لِلرِّجَالِ نَصِیْبٌ مِّمَّا اکْتَسَبُوْا ط

وَ لِلنِّسَآءِ نَصِیْبٌ مِّمَّا اکْتَسَبْنَ ط وَ سْئَلُوا اللّٰہَ مِنْ فَضْلِہٖ ط اِنَّ اللّٰہَ کَانَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمًا

۲۔ اور اس کی آرزو نہ کرو جس سے اللہ نے تم کو ایک دوسرے پر فضیلت دے رکھی ہے۔ مردوں کا

فہرست مضامین اوامر و نواہی۔ در۔ کتاب الٰہی

نزولِ قرآن کا بیان

قرآن مجید کی سورتوں کی فہرست بحساب نزول مع زمانہ اور مقام کے اس غرض سے دی جاتی ہے کہ ناظرین کو یہ بات بآسانی معلوم ہو جائے کہ قرآنی سورتیں کس ترتیب سے نازل ہوئیں اور کون سے اوامر و نواہی پہلے نازل ہوئے اور کون سے بعد میں۔

شمار سورت بحساب نزول	نام سورت	شمار سورت بحساب موجودہ ترتیب	تعداد آیات	زمانہ نزول	مقام نزول
۱	العلق	۹۶	۱۹	قبل ہجرت	مکہ معظمہ
۲	المدثر	۷۴	۵۶	〃	〃
۳	المزمل	۷۳	۲۰	〃	〃
۴	الضحیٰ	۹۳	۱۱	〃	〃
۵	الانشراح	۹۴	۸	〃	〃
۶	الفلق	۱۱۳	۵	〃	〃
۷	النّاس	۱۱۴	۶	〃	〃
۸	الفاتحہ	۱	۷	〃	〃
۹	الکافرون	۱۰۹	۶	〃	〃
۱۰	الاخلاص	۱۱۲	۴	〃	〃
۱۱	اللھب	۱۱۱	۵	〃	〃
۱۲	الکوثر	۱۰۸	۳	〃	〃
۱۳	الھمزۃ	۱۰۴	۹	〃	〃
۱۴	الماعون	۱۰۷	۷	〃	〃
۱۵	التکاثر	۱۰۲	۸	〃	〃
۱۶	اللیل	۹۲	۲۱	〃	〃
۱۷	القلم	۶۸	۵۲	〃	〃
۱۸	البلد	۹۰	۲۰	〃	〃
۱۹	الفیل	۱۰۵	۵	〃	〃
۲۰	القریش	۱۰۶	۴	〃	〃
۲۱	القدر	۹۷	۵	〃	〃
۲۲	الطارق	۸۶	۱۷	〃	〃
۲۳	الشمس	۹۱	۱۵	〃	〃
۲۴	عبس	۸۰	۴۲	〃	〃
۲۵	الاعلیٰ	۸۷	۱۹	〃	〃

ب

شمار سورت بحساب نزول	نام سورت	شمار سورت بحساب موجودہ ترتیب	تعداد آیات	زمانہ نزول	مقام نزول
۲۶	التین	۹۵	۸	قبل ہجرت	مکہ معظمہ
۲۷	العصر	۱۰۳	۳	〃	〃
۲۸	البروج	۸۵	۲۲	〃	〃
۲۹	القارعه	۱۰۱	۱۱	〃	〃
۳۰ ※	الزلزال	۹۹	۸	〃	〃
۳۱	الانفطار	۸۲	۱۹	〃	〃
۳۲	التکویر	۸۱	۲۹	〃	〃
۳۳	الانشقاق	۸۴	۲۵	〃	〃
۳۴	العدیت	۱۰۰	۱۱	〃	〃
۳۵	النّزعت	۷۹	۴۶	〃	〃
۳۶	المرسلات	۷۷	۵۰	〃	〃
۳۷	النباء	۷۸	۴۰	〃	〃
۳۸	الغاشیه	۸۸	۲۶	〃	〃
۳۹	الفجر	۸۹	۳۰	〃	〃
۴۰	القیمة	۷۵	۴۰	〃	〃
۴۱	التطفیف	۸۳	۳۶	〃	〃
۴۲	الحاقة	۶۹	۵۲	〃	〃
۴۳	الذّاریت	۵۱	۶۰	〃	〃
۴۴	الطّور	۵۲	۴۹	〃	〃
۴۵	الواقعه	۵۶	۹۶	〃	〃
۴۶	النجم	۵۳	۶۲	〃	〃
۴۷	المعارج	۷۰	۴۴	〃	〃
۴۸	الرحمٰن	۵۵	۷۸	〃	〃
۴۹	القمر	۵۴	۵۵	〃	〃
۵۰	الصّٰفّٰت	۳۷	۱۸۲	〃	〃
۵۱	نوح	۷۱	۲۸	〃	〃
۵۲	الدهر	۷۶	۳۱	〃	〃
۵۳	الدخان	۴۴	۵۹	〃	〃
۵۴	قٓ	۵۰	۴۵	〃	〃
۵۵	طٰهٰ	۲۰	۱۳۵	〃	〃
۵۶	الشعرا	۲۶	۲۲۷	〃	〃
۵۷	الحجر	۱۵	۹۹	〃	〃

شمار سورت بحساب نزول	نام سورت	شمار سورت بحساب موجودہ ترتیب	تعداد آیات	زمانہ نزول	مقام نزول
۵۸	مریم	۱۹	۹۸	قبل ہجرت	مکہ معظمہ
۵۹	ص	۳۸	۸۸	〃	〃
۶۰	یٰس	۳۶	۸۳	〃	〃
۶۱	الزخرف	۴۳	۸۹	〃	〃
۶۲	الجن	۷۲	۲۸	〃	〃
۶۳	الملک	۶۷	۳۰	〃	〃
۶۴	المومنون	۲۳	۱۱۸	〃	〃
۶۵	الانبیاء	۲۱	۱۱۲	〃	〃
۶۶	الفرقان	۲۵	۷۷	〃	〃
۶۷	بنی اسرائیل یا اسریٰ	۱۷	۱۱۱	〃	〃
۶۸	النمل	۲۷	۹۳	〃	〃
۶۹	الکہف	۱۸	۱۱۰	〃	〃
۷۰	السجدہ	۳۲	۳۰	〃	〃
۷۱	حٰم السجدہ	۴۱	۵۴	〃	〃
۷۲	الجاثیہ	۴۵	۳۷	〃	〃
۷۳	النحل	۱۶	۱۲۸	〃	〃
۷۴	الروم	۳۰	۶۰	〃	〃
۷۵	ھود	۱۱	۱۲۳	〃	〃
۷۶	ابراھیم	۱۴	۵۲	〃	〃
۷۷	یوسف	۱۲	۱۱۱	〃	〃
۷۸	المومن	۴۰	۸۵	〃	〃
۷۹	القصص	۲۸	۸۸	〃	〃
۸۰	الزمر	۳۹	۷۵	〃	〃
۸۱	العنکبوت	۲۹	۶۹	〃	〃
۸۲	لقمان	۳۱	۳۴	〃	〃
۸۳	الشوریٰ	۴۲	۵۳	〃	〃
۸۴	یونس	۱۰	۱۰۹	〃	〃
۸۵	السباء	۳۴	۵۴	〃	〃
۸۶	الفاطر	۳۵	۴۵	〃	〃
۸۷	الاعراف	۷	۲۰۶	〃	〃

شمار سورت بحساب نزول	نام سورت	شمار سورت بحساب موجودہ ترتیب	تعداد آیات	زمانہ نزول	مقام نزول
۸۸	الاحقاف	۴۶	۳۵	قبل ہجرت	مکہ معظمہ
۸۹	الانعام	۶	۱۶۶	″	″
۹۰	الرعد	۱۳	۴۳	″	″
۹۱	البقرہ	۲	۲۸۶	بعد ہجرت	مدینہ منورہ
※ ۹۲	البیّنۃ	۹۸	۸	″	″
※ ۹۳	التغابن	۶۴	۱۸	″	″
۹۴	الجمعہ	۶۲	۱۱	″	″
۹۵	الانفال	۸	۷۵	″	″
۹۶	محمدؐ	۴۷	۳۸	″	″
۹۷	آل عمران	۳	۲۰۰	″	″
۹۸	الصف	۶۱	۱۴	″	″
۹۹	الحدید	۵۷	۲۹	″	″
۱۰۰	النساء	۴	۱۷۷	″	″
۱۰۱	الطلاق	۶۵	۱۲	″	″
۱۰۲	الحشر	۵۹	۲۴	″	″
۱۰۳	الاحزاب	۳۳	۷۳	″	″
۱۰۴	المنافقون	۶۳	۱۱	″	″
۱۰۵	النور	۲۴	۶۴	″	″
۱۰۶	المجادلہ	۵۸	۲۲	″	″
※ ۱۰۷	الحج	۲۲	۷۸	″	″
۱۰۸	الفتح	۴۸	۲۹	″	″
۱۰۹	التحریم	۶۶	۱۲	″	″
۱۱۰	الممتحنۃ	۶۰	۱۳	″	″
۱۱۱	النصر	۱۱۰	۳	″	″
۱۱۲	الحجرات	۴۹	۱۸	″	″
۱۱۳	التوبہ	۹	۱۲۹	″	″
۱۱۴	المائدۃ	۵	۱۲۰	″	″

※ ایسی نشان شدہ سورتوں کے مقام نزول کے متعلق اختلاف ہے بعض مفسرین کی یہ رائے ہے کہ یہ سورتیں مکہ معظمہ میں نازل ہوئیں اور بعض کی یہ رائے ہے کہ مدینہ منورہ میں۔ دراصل بات یہ ہے کہ ان سورتوں کا کچھ حصہ تو ہجرت سے پہلے مکہ معظمہ میں ہی نازل ہوا۔ اور کچھ حصہ ہجرت کے بعد مدینہ منورہ میں۔ اور یہی اختلاف کی وجہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　　یا حی یا قیوم　　　نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم

تمہید

ہندوستان۔ سیلون۔ برما۔ ملایا۔ چین۔ عدن۔ مصر۔ انگلینڈ۔ مغربی، جنوبی اور مشرقی افریقہ۔ زنجبار۔ ماریشس اور دیگر مختلف ممالک کی پچیس ۲۵ سالہ سیر و سیاحت کے بعد خاکسار اس نتیجہ پر پہنچا ہے کہ برادران اسلام کے اعمال کا اکثر حصہ قرآن مجید کی تعلیم کے مطابق نہیں۔ جسے دیکھ کر حیرت کی کوئی حد نہیں رہتی کہ یا الٰہی! یہ کیا ماجرا ہے کہ جس قوم کو اللہ تبارک و تعالیٰ اور اس کی مبارک کتاب اور اس کا عظیم الشان رسول اندھیرے سے نکال کر روشنی میں لانے والے ہوں تو پھر ایسی قوم جہالت کے اندھیرے میں کیوں رہے۔ حضرات! اس کے بہت سے اسباب ہیں۔ مگر اہم وجوہ حسب ذیل ہیں جنہوں نے

---

۱ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ　البقرة ۳۴

اللہ ان لوگوں کا کارساز ہے جو ایمان لائے وہ ان کو سخت اندھیرے سے نکال کر روشنی کی طرف لاتا ہے ۲/۲۵۷

كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ　ابراہیم ۱

یہ کتاب وہ ہے جو ہم نے تیری طرف اتاری تاکہ تو لوگوں کو اندھیرے سے نکال کر روشنی کی طرف لے جائے ۱۳/۱

هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ　الاحزاب ۶

وہی ہے جو تم پر درود بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے بھی تاکہ تمہیں اندھیرے سے روشنی کی طرف نکالے ۳۳/۴۳

اس روشنی پر پردہ ڈال رکھا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اہل اسلام کے بہت سے اعمال قرآن مجید کے خلاف ہیں کیونکہ اس کی تعلیم سے بے خبر ہیں۔

(۱) عام طور پر قرآن مجید کا مسلمانوں کو اس طور پر سکھلایا جانا کہ ان کا سوائے عربی الفاظ جاننے کے اور کچھ حاصل نہ کر سکنا۔

(۲) عموماً برادران اسلام کا اس طریقہ سے کلام الٰہی پڑھنا کہ سوائے عربی الفاظ رٹنے کے اور کچھ نہ سمجھ سکنا۔

(۳) اکثر اہل اسلام کا عربی نہ جاننے کی وجہ سے فرقان حمید کی تلاوت ہی نہ کر سکنا۔

(۴) اکثر مسلمانوں کا اُردو انگریزی نہ جاننے کی وجہ سے کلام ربّانی کے ترجموں کو بھی نہ پڑھ سکنا۔

(۵) قرآن مجید کے ایسے ترجمے کرنا جسے پڑھکر بھی اکثر مسلمانوں کا قرآنی مطالب کو نہ سمجھ سکنا۔

(۶) اکثر مسلمانوں کا کلام الٰہی کو محض ثواب کی غرض سے پڑھنا حتیٰ کہ فالناموں تعویذوں اور قسم کھانے کے لئے استعمال کرنا۔

(۷) اکثر مومنوں کا کلام ربّانی کو سمجھنے کے لئے عقل سے کوئی کام نہ لینا۔ اور نہ ایک مضمون کی آیات کو آپس میں ملاکر قرآنی تعلیم کو سمجھنے کی کوشش کرنا۔

(۸) عموماً مسلمانوں کا قرآن کریم پڑھتے وقت کسی مضمون کے متعلق کوئی یادداشت نہ رکھنا جس کا نتیجہ یہ نکلنا کہ آج کا پڑھا ہوا کل بھول جانا۔

(۹) اکثر مسلمانوں کا یہ سمجھ کر کہ قرآن حکیم کا سمجھنا اور سمجھانا صرف مولویوں کا کام ہے خود فہم قرآن سے بے بہرہ رہنا۔

(۱۰) اکثر برادران اسلام کا کلام الٰہی کی تعلیم کو چھوڑ کر رسم و رواج پر عمل کرنے کو ترجیح دینا۔

(۱۱) اکثر اہل اسلام کا باوجود قرآنی علم حاصل کرنے کے پھر بھی رسم و رواج کا ہی پابند رہنا۔

(۱۲) اکثر تعلیم یافتہ مسلمانوں کا اپنے مذہب سے لاپروا ہوکر قرآن کریم کے پڑھنے اور سمجھنے کی طرف کوئی توجہ نہ کرنا۔

(۱۳) اکثر تعلیم یافتہ اہلِ اسلام کا اپنے دنیاوی کاموں میں اس قدر مستغرق رہنا کہ فرقان حمید کی تلاوت کے لیے بھی کوئی وقت نہ نکال سکنا۔

(۱۴) اکثر مومنین کا کلام ربّانی کو اپنی زندگی کا دستور العمل سمجھ کر نہ پڑھنا۔ عقائد پر تو بہت زور دینا۔ مگر اعمال صالح کی طرف کوئی توجہ نہ دینا۔

(۱۵) اکثر مسلمین کا احادیث۔ فقہ۔ اور تصوف کی تعلیم پر زیادہ زور دینا مگر قرآن مجید کی طرف چنداں توجہ نہ کرنا۔

(۱۶) اکثر برادران اسلام کا ناولوں اور شیکسپیر کی کتابوں کو تو خوب شوق سے پڑھنا۔ اور اخبار بینی کا بھی بہت ذوق رکھنا۔ مگر قرآن کریم کو پسِ پشت ڈال دینا۔

(۱۷) اکثر اہلِ اسلام کا کسی گناہ کے سرزد ہو جانے پر کلام ربانی کی تلاوت کو ہی چھوڑ دینا۔ حالانکہ یہ ایک ایسا نیک کام ہے جس سے گناہ مٹ جاتے ہیں۔

(۱۸) عام طور پر مسلم خواتین کا قرآنی تعلیم کو نہ سمجھ سکنا۔ اس لئے ان کی اولاد کا بھی کلام الٰہی کی تعلیم سے محروم رہنا۔

(۱۹) اکثر مولوی صاحبان کا بہت سی قرآنی آیات کو غلط طور پر پیش کرنے اور ان کی بیجا تاویلات کرنے سے قرآن حکیم کے سمجھنے میں طرح طرح کی رکاوٹیں اور الجھنیں پیدا کر دینا۔

(۲۰) اکثر مذہبی راہنماؤں کا کلام ربّانی کی ایسی دور از قیاس تاویلیں کرنا جس سے نہ صرف اہلِ اسلام کو قرآن مجید کی صحیح تعلیم سے ہی الگ کر دینا بلکہ انھیں کشمکش و تذبذب میں ڈال کر آپس میں لڑانا۔
بقول اقبال مرحوم ؎

زمن بر صوفی و مُلّا سلامے — کہ پیغام خدا گفتند ما را
ولے تاویل شاں در حیرت انداخت — خدا و جبرئیل و مصطفٰے را

دیگر ؎
دینِ کافر فکر و تدبیر جہاد
دینِ مُلّا فی سبیل اللہ فساد

(۱) علاوہ ازیں اکثر اہلِ اسلام اتنی بھی کوشش نہیں کرتے کہ قرآن کریم کو سمجھ کر خود اس سے کوئی نتیجہ نکالیں مگر جو نتائج مولوی صاحبان نکال کر دیتے ہیں صرف انھیں پر بھروسا رکھتے ہیں خواہ وہ نتائج غلط ہی

کیوں نہ ہوں جس کا انجام یہ ہوا کہ عام طور پر مسلمان قرآنی تعلیم پر تدبر اور تفکر کرنے کے نام سے ہی ناآشنا ہو گئے۔ حالانکہ کلام ربانی میں غور و فکر کرنے کی تاکید کی گئی ہے۔ اس آیت کو ملاحظہ کیجئے:۔

كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ — یہ کتاب جو ہم نے تیری طرف اتاری ہے برکت دی گئی ہے۔
وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ (ص) — تاکہ وہ اس کی آیتوں پر غور کریں اور تاکہ عقل والے نصیحت حاصل کریں۔

برادران اسلام اتنا بھی محسوس نہیں کرتے کہ شاید ان کا دماغ ایک مولوی کے دماغ سے بڑھ کر ہو۔ اور وہ کسی اچھے سے اچھے بڑے مفکر کی طرح صحیح اور عمدہ نتیجہ نکال لیں۔ یہ کچھ ضروری نہیں کہ صرف مذہبی راہنما ہی قرآن کریم کو سمجھیں اور دوسرے لوگ اس نعمت سے محروم رہیں۔ بقول اقبال مرحوم ؎

قرآن میں ہو غوطہ زن اے مرد مسلماں
اللہ کرے تجھ کو عطا جدت کردار

۲۔ بلاشبہ قرآن مجید اہل اسلام کی زندگی کا دستور العمل ہے۔ مگر افسوس عموماً مسلمان قرآن کریم کی تعلیم سے اتنے دور ہیں کہ اگر ان سے پوچھا جائے کہ فلاں قرآنی حکم کہاں ہے تو سوائے خاموشی کے اور کوئی چارہ نہیں ہوتا۔ خیر یہ تو ایک بڑا سوال ہے۔ اگر اتنا ہی پوچھا جائے کہ قرآن حکیم کی سورتیں کتنی ہیں تو اس کا جواب دینا بھی دوبھر ہو جاتا ہے۔ حالانکہ کلام ربانی کے اوامر و نواہی کو (جو حسب ضرورت وقتاً فوقتاً نازل کئے گئے) مختلف مقامات پر رکھنے اور مختلف لوگوں کو مخاطب کرنے کی یہی غرض تھی کہ برادران اسلام قرآن کریم کو خوب ذوق و شوق سے پڑھیں اور دن رات کے مطالعہ سے اپنے علم کو بڑھائیں تاکہ قرآنی تعلیم پر عبور حاصل کر کے اس سے مستفید ہو سکیں۔ جیسا کہ ایک شخص مختلف مقامات کی سیر اور مختلف لوگوں سے تبادلہ خیالات کر کے مستفید ہوتا ہے۔ مگر افسوس عام طور پر مسلمانوں نے دن رات دنیاوی کاموں میں مشغول رہنے کی وجہ سے اس طرف کافی توجہ نہ کی اور اس غفلت کا نتیجہ یہ نکلا کہ عموماً مسلمان قرآنی تعلیم سے بے بہرہ ہو گئے۔ گویا کلام ربانی کو سمجھنے کے لئے جو بات خوبی کی تھی وہ بھی مسلمانوں کے شامت اعمال کی وجہ سے ان کے نہ سمجھنے کے لئے ایک سخت رکاوٹ کا باعث ہو گئی۔

۳۔ اب اس مشکل کو حل کرنے کے لئے خاکسار نے کلام ربانی کے تمام اوامر و نواہی الگ الگ کر کے بلحاظ مضامین کے عنوان قائم کرتے اور یہ جتلاتے ہوئے کہ کن لوگوں کو مخاطب کیا گیا یکجا جمع کر دئیے ہیں۔ تاکہ مسلمانوں کے لئے قرآن مجید کے سمجھنے اور اس پر عمل کرنے میں آسانی ہو۔

معزز ناظرین کو میں یقین دلاتا ہوں کہ یہ اپنی طرز کی پہلی کتاب ہے کیونکہ قرآن مجید کے متعلق اس قسم کی کوئی کتاب آج تک شائع نہیں ہوئی۔

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ — یہ اللہ کا فضل ہے وہ جسے چاہتا ہے دیتا ہے

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ — اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ (الجمعہ ۴ — ۶۲/۴)

برادرانِ اسلام اس بات کو بخوبی ذہن نشین کر لیں کہ جتنا ہم قرآنی تعلیم پر چلیں گے اتنا ہی دنیا اور آخرت میں کامیاب ہونگے۔ اور جتنا ہم اس کے خلاف عمل کریں گے اتنا ہی دونوں جہانوں میں نقصان اٹھائیں گے۔ دوسرے الفاظ میں یوں سمجھ لیجئے کہ قرآن حمید کی تعلیم پر چلنے کا نام ترقی ہے اور اس کے خلاف جانے کا نام تنزل ہے۔

۴- بلاشبہ اس کتاب کے لکھنے کی ایک غرض تو یہ ہے کہ اہلِ اسلام قرآنی تعلیم پر عمل کرنا سب سے مقدم سمجھیں کیونکہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی قوم کی خستہ حالت کو ہی دیکھ کر یہ فرمایا

وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِي — اور رسول نے کہا اے میرے رب! میری قوم نے اس

اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا — قرآن کو چھوڑ دی ہوئی چیز (کی طرح) قرار دیا (الفرقان ۳ — ۲۵/۳۰)

اگر کوئی اور چیز بھی قابلِ عمل ہوتی تو اس کا بھی ساتھ ہی ذکر کر دیتے۔ صاحبانِ عقل کے لئے غور کرنے کا موقع ہے۔

۵- دوسری غرض یہ ہے کہ برادرانِ اسلام اپنی موجودہ حالت کو ایک بہتر اور اعلیٰ حالت میں بدل سکیں۔ کیونکہ قوموں کی ترقی کا دارومدار ان کی عملی حالت پر رکھا گیا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا — اللہ کسی قوم کی حالت کو نہیں بدلتا جب تک وہ

مَا بِاَنْفُسِهِمْ — خود اپنی حالت کو نہ بدلیں (الرعد ۲ — ۱۳/۱۱)

۶- دوستو! ہمارے بزرگوں نے جو وقار، سلطنت، دولت، عزت اور روحانیت حاصل کی وہ قرآن مجید پر ہی عمل کرنے کا نتیجہ تھی۔ بقول اقبال مرحوم ؎

وہ معزز ہوئے تھے عاملِ قرآں ہو کر
اور ہم خوار ہوئے تارکِ قرآں ہو کر

۷- حضرات! یہ قرآن کریم کی تعلیم پر نہ چلنے کا ہی نتیجہ ہے کہ وہ تمام باتیں جو ہماری قوم کی مایہ ناز تھیں

ہم سے جاتی رہیں ورنہ اللہ تبارک و تعالیٰ تو اس نعمت کو جو اس نے کسی قوم کو عطا کی ہو ہرگز نہیں چھینتا تاوقتیکہ وہ اپنی حالت کو نہ بدلیں۔ چنانچہ کلام ربانی اس پر گواہ ہے اس آیۃ کو ملاحظہ کیجئے:

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۙ — الانفال ۷

یہ اس لئے کہ اللہ کبھی کسی نعمت کو نہیں بدلتا جو اس نے کسی قوم پر کی ہو جب تک کہ وہ خود اپنی حالتوں کو نہ بدلیں

بلاشبہ اللہ کی نعمتوں کا ہاتھوں سے نکل جانا ہی عذاب الٰہی ہے۔ اس آیت پر غور کیجئے:

وَمَنْ يُّبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ — البقرہ ۲۶

اور جو اللہ کی نعمت کو بدل دے اس کے بعد کہ وہ اس کے پاس آگئی تو اللہ سخت سزا دینے والا ہے ۲۱۱

دوستو! جب ہم نے بداعمالی کی وجہ سے اپنی حالتوں کو بدل دیا۔ تو پھر اللہ نے دوسری قوموں کو ہزارہا میلوں سے لاکر ہم پر مسلط کر دیا۔ اور قرآن مجید کی مندرجہ ذیل پیش گوئیاں پوری ہو کر رہیں:

اِلَّا تَنْفِرُوْا يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ وَّيَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوْهُ شَيْـًٔا ؕ — التوبۃ ۶

اگر تم نہ نکلو تو وہ تم کو دردناک عذاب دیگا اور تمہاری جگہ دوسرے لوگ لے آئے گا اور تم اس کا کچھ نہ بگاڑ سکو گے ۳۹

۷۔ تیسری غرض یہ ہے کہ اہل کتاب اور دوسرے لوگ بھی اسے پڑھ کر فائدہ اٹھائیں۔ کیونکہ بہت سے اوامر و نواہی ان کی بہبودی اور بہتری کے لئے بیان کئے گئے ہیں۔ جو ان کی اپنی الہامی اور مستند کتابوں میں ہرگز نہیں پائے جاتے۔ بلاشبہ عالمگیر کتاب بھی وہی ہو سکتی ہے جو دنیا بھر کے لوگوں کی ہدایت کے لئے نازل کی گئی ہو اور جس میں تمام بنی نوع انسان کے لئے احکام موجود ہوں اس کے ثبوت میں یہ کتاب خود ہی گواہ ہے مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ قرآن مجید کی تبلیغ غیر مسلموں میں نہیں کی گئی جتنا روپیہ اہل اسلام ناشروع عرسوں کے موقعہ پر قوالی اور طوائفوں کے ناچ اور گانے اور ٹی پارٹیوں کے دینے اور سینما کے دیکھنے پر خرچ کرتے ہیں اگر اس کا بیسواں حصہ بھی قرآنی تبلیغ پر خرچ کر دیتے تو آج مسلمانوں کی حالت کا نقشہ کچھ اور ہی ہوتا۔

اس کتاب میں ناظرین کی سہولت کے لئے عربی عبارت کے بالمقابل سورۃ کا نام اور اس کے نیچے رکوع کا نمبر دیا گیا ہے۔ اور ترجمہ کے بالمقابل سورۃ کا نمبر اور اس کے نیچے آیۃ کا نمبر دیا گیا ہے۔ مثلاً:

وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ ۝ — محمد ۴

۴۷۔ اگر تم پھر جاؤ تو وہ تمہارے سوائے کسی اور قوم کو بدلکر لے آئیگا پھر وہ تم جیسے نہ ہونگے۔ ۳۸

پیرزادہ شمس الدین
شمس منزل مصری شاہ لاہور
۲۱ مئی ۱۹۴۶ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ

اور یقیناً ہم نے قرآن کو نصیحت کے لئے آسان کیا ہے تو کیا کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا ہے

اوامر و نواہی

در

کتاب الٰہی

(باب ۱) وہ اوامر جن میں لوگوں کو مخاطب کیا گیا ہے

(فصل ۱) خدا کی عبادت کرو اور اسی کو سجدہ کرو

آیت	حوالہ	ترجمہ	
(۱) يَاأَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُمْ وَالَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ	البقرۃ ۳	اے لوگو! اپنے رب کی عبادت کرو جس نے تمہیں پیدا کیا اور انہیں جو تم سے پہلے تھے۔ تاکہ تم متقی ہو جاؤ	۲/۲۱
(۲) وَاعْبُدُوا اللَّهَ	النساء ۶	اور اللہ کی عبادت کرو	۴/۳۶
(۳) خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوهُ	الانعام ۱۳	ہر چیز کا پیدا کرنے والا سو اسی کی عبادت کرو	۶/۱۰۲
(۴) ذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ	یونس ۱	یہ اللہ تمہارا رب ہے سو اسکی عبادت کرو	۱۰/۳

(۵) وَمِنْ آيَاتِهِ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ... وَاسْجُدُوا لِلَّهِ الَّذِي خَلَقَهُنَّ إِنْ كُنْتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ۝ حم السجدة ۵

اور اس کی نشانیوں میں سے رات اور دن اور سورج اور چاند ہیں ... اور اللہ کو سجدہ کرو جس نے انہیں پیدا کیا اگر تم اسی کی عبادت کرتے ہو ۴۱/۳۷

(فصل ۲) خدا کو پکارو

(۱) اُدْعُوا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَخُفْيَةً ط الاعراف ۷

اپنے رب کو عاجزی سے اور چپکے چپکے پکارو ۷/۵۵

(۲) وَادْعُوهُ خَوْفًا وَطَمَعًا ط

اور خوف کرتے ہوئے اور امید رکھتے ہوئے اس کو پکارو ۷/۵۶

(۳) وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ ط المؤمن ۶

اور تمہارا رب کہتا ہے مجھے پکارو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا ۴۰/۶۰

(۴) هُوَ الْحَيُّ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ فَادْعُوهُ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ ط المؤمن ۷

وہ زندہ ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں سو خالص اسی کی فرمانبرداری کرتے ہوئے اسے پکارو ۴۰/۶۵

(فصل ۳) اپنے رب سے بخشش مانگو اس کی طرف رجوع کرو۔ اس کی فرمانبرداری کرو۔ اللہ کی مغفرت اور جنت کی طرف لپکو

(۱) وَأَنِ اسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ مَتَاعًا حَسَنًا إِلَىٰ أَجَلٍ مُسَمًّى وَيُؤْتِ كُلَّ ذِي فَضْلٍ فَضْلَهُ هود ۱

اور کہ اپنے رب سے بخشش مانگو پھر اسکی طرف رجوع کرو وہ تمہیں ایک وقت مقرر تک اچھے سامان سے فائدہ پہنچائیگا اور ہر ایک بزرگی والے پر اپنا فضل کریگا ۱۱/۳

(۲) اِسْتَجِيبُوا لِرَبِّكُمْ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَأْتِيَ يَوْمٌ

اپنے رب کی فرمانبرداری کرو اس سے پہلے کہ وہ دن آجائے

لَا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ — الشورٰی ٥

جس کے لئے اللہ کی طرف سے ٹلنا نہیں ٤٢/٤٧

(٣) سَابِقُوْۤا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۙ اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ؕ — الحدید ٣

اپنے رب کی مغفرت کی طرف سبقت کرو اور اس جنت کی طرف جس کی فراخی آسمان اور زمین کی فراخی کی طرح ہے وہ ان لوگوں کے لئے تیار کی گئی ہے جو اللہ اور اسکے رسولوں پر ایمان لائے ہیں ٥٧/٢١

(فصل ۴) خدا کی نعمتوں کو یاد کرو

(١) يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ؕ — فاطر

اے لوگو اپنے اوپر اللہ کی نعمت کو یاد کرو ٣٥/٣

(٢) وَجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْفُلْكِ وَالْاَنْعَامِ مَا تَرْكَبُوْنَ ۙ لِتَسْتَوٗا عَلٰى ظُهُوْرِهٖ ثُمَّ تَذْكُرُوْا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ اِذَا اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ وَتَقُوْلُوْا سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ۙ — الزخرف ١

اور تمہارے لئے کشتیاں اور چارپائے بنائے جن پر تم سوار ہوتے ہو تاکہ تم انکی پیٹھوں پر سوار ہو پھر اپنے رب کی نعمت کو یاد کرو جب اس پر قرار پکڑو اور کہو وہ پاک ذات ہے جس نے ہمارے لئے اسے کام میں لگایا اور ہم اسے قابو میں رکھنے والے نہ تھے ٤٣/١٢-١٣

(فصل ۵) خدا اور اس کے رسول اور اس کی کتاب پر ایمان لاؤ

(١) يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَاٰمِنُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ؕ — النساء ٢٣

اے لوگو رسول تمہارے رب کی طرف سے حق کے ساتھ تمہارے پاس آیا سو ایمان لاؤ تمہارے لئے اچھا ہے ٤/١٧٠

(٢) اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ — الحدید ١

اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ ٥٧/٧

(٣) وَالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ لِتُؤْمِنُوْا بِرَبِّكُمْ — الحدید ١

اور رسول تمہیں بلاتا ہے کہ تم اپنے رب پر ایمان لاؤ ٥٧/٨

(٤) فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِيْۤ اَنْزَلْنَا ؕ — التغابن ١

سو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اس نور پر جو ہم نے اتارا ٦٤/٨

(فصل ۶) قرآن مجید کی پیروی کرو۔ اللہ اور رسول کی اطاعت کرو

آیت	حوالہ	ترجمہ	
(۱) اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ	الاعراف ۱	اس کی پیروی کرو جو تمہارے رب سے تمہاری طرف اتارا گیا۔	۷/۳
(۲) وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ	التغابن ۲	اور اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو	۶۴/۱۲

(فصل ۷) اللہ کا تقویٰ کرو۔ اس سے ڈرو۔ حقوق اللہ اور حقوق العباد کی نگہداشت کرو۔ اور قیامت کے دن سے ڈرو

آیت	حوالہ	ترجمہ	
(۱) يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا	النساء ۱	اے لوگو! اپنے رب کا تقویٰ اختیار کرو جس نے تم کو ایک ہی اصل سے پیدا کیا۔ اور اسی سے اس کا جوڑا پیدا کیا اور ان دونوں سے بہت سے مرد اور عورتیں پھیلائیں۔ اور اللہ کے (حقوق) کی جس کے ذریعہ سے تم ایک دوسرے سے سوال کرتے ہو اور رحموں کی نگہداشت کرو۔ اللہ تم پر نگہبان ہے	۴/۱
(۲) فَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ ۝	النحل ۶	سو مجھ ہی سے ڈرتے رہو	۱۶/۵۱
(۳) يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۝	الحج ۱	اے لوگو اپنے رب کا تقویٰ اختیار کرو	۲۲/۱
(۴) يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا يَوْمًا لَّا يَجْزِيْ وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ ۡ وَلَا مَوْلُوْدٌ هُوَ جَازٍ عَنْ وَّالِدِهٖ شَيْـــًٔا	لقمٰن ۴	اے لوگو! اپنے رب کا تقویٰ کرو۔ اور اس دن سے ڈرو جس دن باپ اپنے بیٹے کے کچھ کام نہیں آئے گا اور نہ بیٹا اپنے باپ کے کچھ کام آسکے گا	۳۱/۳۳
(۵) يٰعِبَادِ فَاتَّقُوْنِ	الزمر ۲	اے میرے بندو تم میرا تقویٰ اختیار کرو۔	۳۹/۱۰

(فصل ۸) والدین کے ساتھ احسان کرو ان سے ادب سے بات کرو۔ ان کی تابعداری کرو۔ قریبیوں یتیموں، مسکینوں، پڑوسیوں۔ اور غلاموں کے ساتھ نیک سلوک کرو۔

آیت	ترجمہ
(۱) وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِي الْقُرْبٰى	اور ماں باپ کے ساتھ احسان کرو اور قریبیوں کے ساتھ بھی

وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِى الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ؕ — النساء ۴

اور یتیموں اور مسکینوں اور قریبی پڑوسی اور دور کے پڑوسی اور پاس والے ساتھی اور مسافر اور ان کے ساتھ بھی جن کے تمہارے داہنے ہاتھ مالک ہوئے ۴/۳۶

(۲) وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ؕ — بنی اسرائیل ۳

اور ماں باپ سے نیکی کرو ۱۷/۲۳

(۳) وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا ○ — "

اور ان دونوں سے ادب سے بات کر ۱۷/۲۳

(۴) وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ؕ — "

اور ان دونوں کے آگے رحم کے ساتھ عاجزی کا بازو جھکا اور کہہ اے میرے رب تو ان پر رحم کر جس طرح انھوں نے مجھے چھٹپن میں پالا

(۵) وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ — "

اور قریبی کو اس کا حق دے اور مسکین اور مسافر کو بھی ۱۷/۲۶

(۶) وَاِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَآءَ رَحْمَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا فَقُلْ لَّهُمْ قَوْلًا مَّيْسُوْرًا — "

اور اگر تو اپنے رب کی رحمت کو چاہتا ہوا جس کی تجھے امید ہے ان سے منہ پھیرے تو ان سے نرمی کی بات کہہ دے ۱۷/۲۸

(۷) وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا — العنکبوت ۱

اور ہم نے انسان کو اپنے ماں باپ سے نیکی کرنے کا تاکیدی حکم دیا ہے ۲۹/۸

(۸) وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ — لقمٰن ۲

اور ہم نے انسان کو اپنے ماں باپ کے حق میں تاکیدی حکم دیا ہے ۳۱/۱۴

(۹) اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ ؕ — "

کہ میرا شکر کر اور اپنے ماں باپ کا بھی

(۱۰) وَصَاحِبْهُمَا فِى الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا ۖ وَّاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَيَّ — "

اور دنیا میں ان کا اچھی طرح ساتھ دے اور اس کے رستہ کی پیروی کر جو میری طرف رجوع کرتا ہے ۳۱/۱۵

آیت	ترجمہ	حوالہ
(۱۱) وَوَصَّيْنَا الْإِنسَانَ بِوَالِدَيْهِ إِحْسَانًا الاحقاف ۲	اور ہم نے انسان کو اس کے ماں باپ کے ساتھ نیکی کا حکم دیا ہے	۴۶/۱۵
(۱۲) وَيْلَكَ آمِنْ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ "	تجھ پر افسوس ایمان لا اللہ کا وعدہ سچا ہے	۴۶/۱۷

(فصل ۹) یتیموں اور ان کے مال کے متعلق اوامر

آیت	ترجمہ	حوالہ
(۱) وَآتُوا الْيَتَامَىٰ أَمْوَالَهُمْ النساء ۱	اور یتیموں کو ان کے مال دو	۴/۲
(۲) وَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تُقْسِطُوا فِي الْيَتَامَىٰ	اور اگر تمہیں خوف ہو کہ یتیموں کے بارے میں انصاف نہ کر سکو گے	
فَانكِحُوا مَا طَابَ لَكُم مِّنَ النِّسَاءِ "	تو (ایسی) عورتوں سے نکاح کرلو جو تمہیں پسند ہوں	۴/۳
(۳) وَارْزُقُوهُمْ فِيهَا وَاكْسُوهُمْ وَقُولُوا	اور تم انہیں ان کے ذریعے سے کھانے کے لئے دو اور انہیں	
لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوفًا "	کپڑا پہناؤ اور ان سے بھلی بات کہتے رہو	۴/۵
(۴) وَابْتَلُوا الْيَتَامَىٰ حَتَّىٰ إِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ فَإِنْ	اور یتیموں کا امتحان لیتے رہو یہانتک کہ جب وہ نکاح (کی عمر) کو پہنچ	
آنَسْتُم مِّنْهُمْ رُشْدًا فَادْفَعُوا إِلَيْهِمْ أَمْوَالَهُمْ	جائیں تب اگر تم ان میں عقل کی پختگی پاؤ تو ان کے مال ان کے حوالے کردو	۴/۶
(۵) وَمَن كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ وَمَن كَانَ	اور جو آسودہ ہے چاہیئے کہ وہ بچا رہے اور جو محتاج ہو وہ مناسب	
فَقِيرًا فَلْيَأْكُلْ بِالْمَعْرُوفِ فَإِذَا دَفَعْتُمْ	طور کھالے پھر جب تم ان کے مال ان کے حوالے کرو تو ان پر	
إِلَيْهِمْ أَمْوَالَهُمْ فَأَشْهِدُوا عَلَيْهِمْ النساء ۱	گواہ کر لو۔	۴/۶
(۶) لِلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ	مردوں کے لئے اس سے ایک حصہ ہے جو (ان کے) والدین اور	
وَالْأَقْرَبُونَ وَلِلنِّسَاءِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ	قریبی چھوڑیں اور عورتوں کے لئے اس سے ایک حصہ ہے جو ان کے	
الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُونَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ أَوْ كَثُرَ	ماں باپ اور قریبی چھوڑیں خواہ وہ تھوڑا ہو یا بہت۔	

نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ○ النساء

ایک مقرر حصہ ۴/۷

(۷) وَاِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنُ فَارْزُقُوْهُمْ مِّنْهُ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ○ النساء ۱

اور جب مال تقسیم کے وقت رشتہ دار اور یتیم اور مسکین موجود ہوں تو ان کو اس میں سے کچھ دو اور ان کو اچھی بات کہو ۴/۸

(۸) وَلْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ تَرَكُوْا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعٰفًا خَافُوْا عَلَيْهِمْ فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ وَلْيَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ○

اور ایسے لوگوں کو ڈرنا چاہیے جو اگر اپنے پیچھے کمزور اولاد چھوڑیں تو ان کے لئے ڈرتے ہوں پس چاہیئے کہ اللہ کا تقویٰ کریں اور چاہیئے کہ سیدھی بات کہیں ۴/۹

(۹) اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا ○ وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا ○ النساء ۱

جو یتیموں کا مال ظلم سے کھاتے ہیں وہ اپنے پیٹوں میں آگ ہی کھاتے ہیں اور وہ بھڑکائی ہوئی آگ میں داخل ہوں گے ۴/۱۰

(فصل ۱۰) اللہ کی راہ میں صدقہ اور خیرات دو

(۱) مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ اَضْعَافًا كَثِيْرَةً ○ البقرة ۳۲

کون ہے جو اللہ کے لئے اچھا مال الگ کرے تو وہ اسے اس کے لئے کئی گنا بڑھاتا ہے ۲/۲۴۵

(۲) لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ○ آل عمران ۱۰

تم راستبازی کو ہرگز حاصل نہ کرو گے یہاں تک کہ اس سے خرچ کرو جس سے تم محبت رکھتے ہو اور جو کوئی چیز بھی تم خرچ کرو گے تو اللہ اسے خوب جاننے والا ہے ۳/۹۳

(۳) وَأَنْفِقُوا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُسْتَخْلَفِينَ فِيهِ ۖ الحدید/۱

اور اس سے خرچ کرو جس میں اسنے تمھیں (اپنا) نائب بنایا ہے ۵۷/۷

(۴) مَنْ ذَا الَّذِي يُقْرِضُ اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضَاعِفَهُ لَهُ وَلَهُ أَجْرٌ كَرِيمٌ ۝ الحدید/۲

کون ہے جو اللہ کے لئے اچھا مال الگ کرے تو وہ اُسے اس کے لئے بڑھاتا ہے اور اس کے لئے عزت والا بدلہ ہے ۵۷/۱۱

(۵) إِنَّ الْمُصَّدِّقِينَ وَالْمُصَّدِّقَاتِ وَأَقْرَضُوا اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا يُضَاعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ أَجْرٌ كَرِيمٌ

صدقہ دینے والے مرد اور صدقہ دینے والی عورتیں (جو) اللہ کے لئے اچھا مال الگ کرتے ہیں انکے لئے بڑھایا جائیگا اور انکے لئے عزت والا اجر ہے ۵۷/۱۸

(فصل ۱۱) ناپ تول کو پورا کرو

(۱) وَأَوْفُوا الْكَيْلَ إِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيمِ ۚ ذَٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا ۝ بنی اسرائیل/۴

اور جب تم ناپو تو ناپ کو پورا کرو اور سیدھی ترازو سے تولو یہ بہتر ہے اور بہت خوبی کی بات ہے ۱۷/۳۵

(۲) وَأَقِيمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ الرحمن/۱

اور وزن کو انصاف سے قایم کرو ۵۵/۹

(فصل ۱۲) حلال اور ستھری چیزیں کھاؤ پیو

(۱) يَا أَيُّهَا النَّاسُ كُلُوا مِمَّا فِي الْأَرْضِ حَلَالًا طَيِّبًا البقرہ/۲۱

اے لوگو! اُس سے جو زمین میں ہے حلال اور پاکیزہ کھاؤ ۲/۱۶۸

(۲) وَمِنَ الْأَنْعَامِ حَمُولَةً وَفَرْشًا ۚ كُلُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ الانعام/۱۴

اور چارپایوں میں سے جو بوجھ اُٹھانے والے اور زمین سے لگے ہوئے ہیں اس سے کھاؤ جو تم کو اللہ نے رزق دیا ہے ۶/۱۴۲

(۳) وَكُلُوا وَاشْرَبُوا الاعراف/۳

اور کھاؤ اور پیو ۷/۳۱

(۴) كُلُوا وَارْعَوْا أَنْعَامَكُمْ ۗ طٰہٰ/۲

کھاؤ اور اپنے چارپایوں کو چراؤ ۲۰/۵۴

(۵) وَكُلُوْا مِنْ رِّزْقِهٖ ؕ — الملک ۲ — اور اس کے دیئے سے کھاؤ — ۶۷/۱۵

(فصل ۱۳) ہستی باری تعالیٰ۔ خدا کے کاموں۔ اور اس کی مخلوقات کھانے پینے کی چیزوں اور انسانی پیدائش پر غور کرو

(۱) وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَّجَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ اُنْظُرُوْٓا اِلٰى ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَيَنْعِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ○ — الانعام ۱۲

اور وہی ہے جس نے اوپر سے پانی اتارا پھر اس کے ساتھ ہم ہر طرح کی روئیدگی نکالتے ہیں پھر اس سے ہم سبز کونپلیں نکالتے ہیں اس سے ہم گتھے ہوئے دانے نکالتے ہیں اور کھجور سے اس کے گابھے میں سے جھکے ہوئے گچھے اور انگوروں کے باغ اور زیتون اور انار ایک دوسرے سے ملتے جلتے اور نہ ملتے جلتے اس کے پھل کو دیکھو جب وہ پھل لائے اور اس کے پکنے کو (دیکھو) یقیناً اس میں ان لوگوں کے لئے نشان ہیں جو ایمان لاتے ہیں — ۶/۱۰۰

(۲) فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ — الروم ۵

سو اللہ کی رحمت کے آثار کی طرف دیکھ کس طرح زمین کو اس کی موت کے بعد زندہ کرتا ہے — ۳۰/۵۰

(۳) مَا تَرٰى فِيْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ؕ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ — الملک ۱

تو رحمٰن کی پیدائش میں کوئی اختلاف نہ دیکھے گا۔ پھر نظر لوٹا کیا تو کوئی بگاڑ دیکھتا ہے — ۶۷/۳

(۴) ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ ○ — الملک ۱

پھر نظر کو بار بار لوٹا نظر تیری طرف حیرت سے تھک کر واپس آئیگی — ۶۷/۴

(٥) فلينظر الانسان الى طعامه ○ انا صببنا الماء صبا ○ ثم شققنا الارض شقا ○ فانبتنا فيها حبا ○ وعنبا وقضبا ○ وزيتونا ونخلا ○ وحدائق غلبا ○ وفاكهة وابا ○ متاعا لكم ولانعامكم ○ (عبس ٣٠ / ٢٤ تا ٣٢)

پس انسان کو چاہیے کہ اپنے کھانے کی طرف دیکھے رہے ہم خوب پانی برساتے ہیں پھر ہم زمین کو شق کرتے ہوئے پھاڑتے ہیں پھر ہم اس میں غلہ اگاتے ہیں اور انگور اور ترکاری اور زیتون اور کھجور اور گھنے باغ اور پھل اور چارہ تمہارے لئے اور تمہارے چارپایوں کے لئے سامان

(٦) فلينظر الانسان مم خلق ○ خلق من ماء دافق ○ يخرج من بين الصلب والترائب ○ انه على رجعه لقادر ○ (الطارق ٣٠ / ٨٦ / ٥-٨)

پس انسان دیکھے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے وہ گرائے ہوئے پانی سے پیدا ہوا ہے۔ وہ پیٹھ اور پسلیوں کے بیچ میں سے نکلتا ہے۔ یقیناً وہ اس کے لوٹانے پر بھی قادر ہے

(فصل ۱۴) جان لو

(١) اعلموا ان الله يحي الارض بعد موتها (الحديد ٢)

جان لو کہ اللہ زمین کو اس کی موت کے بعد زندہ کرے گا (٥٧ / ١٧)

(٢) اعلموا انما الحيوة الدنيا لعب ولهو وزينة وتفاخر بينكم وتكاثر في الاموال والاولاد (الحديد ٣)

جان لو کہ دنیا کی زندگی کھیل اور تماشا اور زینت اور آپس میں فخر کرنا اور مال اور اولاد میں ایک دوسرے پر کثرت چاہنا ہے (٥٧ / ٢٠)

(٣) وما الحيوة الدنيا الا متاع الغرور

اور دنیا کی زندگی صرف دھوکے کا سامان ہے (٥٧ / ٢٠)

(فصل ۱۵) مثال سن رکھو

(۱) يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَنْ يَّخْلُقُوْا ذُبَابًا وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ ۭ وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَـيْـــًٔـا لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ۭ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ ۝ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝ الحج ۱۰

اے لوگو! ایک مثال بیان کی جاتی ہے سو اسے سن رکھو وہ جنھیں تم اللہ کے سوائے پکارتے ہو ایک مکھی بھی پیدا نہیں کر سکتے گو وہ سب اس کے لئے اکٹھے ہو جائیں اور اگر مکھی ان سے کوئی چیز چھین لے جائے تو اسے اس سے چھڑا نہیں سکتے طالب اور مطلوب (دونوں) کمزور ہیں انھوں نے اللہ کو نہیں پہچانا (جس طرح) اس کے پہچاننے کا حق (تھا) یقیناً اللہ طاقتور غالب ہے

(فصل ۱۶) سن لو

(۱) اَلَا سَاۗءَ مَا يَزِرُوْنَ ۝ انعام ۴/۳ و النحل

سنو وہ بوجھ برا ہے جو اٹھائینگے ۴/۳۱ و ۱۴/۲۵

(۲) اَلَا لَهُ الْحُكْمُ ۣ وَهُوَ اَسْرَعُ الْحٰسِبِيْنَ ۝ انعام ۸

سنو حکم اسی کا ہے اور وہ بہت جلد حساب لینے والا ہے ۸/۶۲

(۳) اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ۭ الاعراف

سن لو بنانا اور حکم دینا اسی کا کام ہے ۷/۵۴

(۴) اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اَلَآ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ یونس ۶

سنو اللہ کے لئے ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سنو اللہ کا وعدہ سچا ہے ۱۰/۵۵

(۵) اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَاۗءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ یونس ۷

سنو اللہ کے دوستوں پر نہ کچھ خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے ۱۰/۶۲

(۶) اَلَآ اِنَّ عَادًا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ۭ هود ۶

سنو عاد نے اپنے رب کا انکار کیا ۱۱/۶۰

آیت	حوالہ	ترجمہ
(٧) أَلَا بُعْدًا لِعَادٍ قَوْمِ هُودٍ	هود ٥	سنو! ھود کی قوم عاد پر پھٹکار ہے
(٨) أَلَا إِنَّ ثَمُودَا كَفَرُوا رَبَّهُمْ أَلَا بُعْدًا لِثَمُودَ	هود ٦	سنو! ثمود نے اپنے رب کا انکار کیا سنو ثمود پر پھٹکار ہے
(٩) أَلَا بُعْدًا لِمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُودُ	هود ٨	سنو! مدین پر پھٹکار ہو جیسے ثمود پر پھٹکار ہوئی
(١٠) أَلَا سَاءَ مَا يَحْكُمُونَ	النحل ٧	سنو! بہت برا ہے جو فیصلہ کرتے ہیں
(١١) أَلَا إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ	الشوریٰ ١	سنو! اللہ ہی بخشنے والا رحم کرنے والا ہے

(فصل ١٧) متفرق اوامر

آیت	حوالہ	ترجمہ
(١) وَذَرُوا ظَاهِرَ الْإِثْمِ وَبَاطِنَهُ	الانعام ١٤	اور کھلے اور چھپے گناہ کو چھوڑ دو
(٢) كُلُوا مِنْ ثَمَرِهِ إِذَا أَثْمَرَ وَآتُوا حَقَّهُ يَوْمَ حَصَادِهِ	الانعام ١٧	اس کے پھل سے کھاؤ جب وہ پھل لائے اور اس کے کاٹنے کے دن اس کا حق دو
(٣) يَا بَنِي آدَمَ خُذُوا زِينَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ	الاعراف ٣	اے بنی آدم ہر نماز کے وقت اپنی زینت کو لے لیا کرو
(٤) وَإِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوا لَهُ وَأَنْصِتُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ	الاعراف ٢٤	اور جب قرآن پڑھا جائے تو اس کو سنو اور چپ رہو تاکہ تم پر رحم کیا جاوے
(٥) وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيرَ لِتَرْكَبُوهَا وَزِينَةً	النحل ١	اور گھوڑے اور خچر اور گدھے پیدا کئے تاکہ تم ان پر سوار ہو اور زینت
(٦) وَهُوَ الَّذِي سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَأْكُلُوا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا	النحل ٢	اور وہی ہے جس نے سمندر کو کام میں لگا رکھا ہے تاکہ تم اس سے تازہ گوشت کھاؤ

وَتَسْتَخْرِجُوا مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُونَهَا وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيهِ وَلِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ — النحل ۲

اور اس سے (موتیوں) زیور نکالو جنھیں تم پہنتے ہو اور تو کشتیوں کو دیکھتا ہے اُسے پھاڑتی چلی جاتی ہیں تاکہ تم اس کا فضل طلب کرو ۱۴/۱۶

(۷) فَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ — النحل ۵

سو زمین میں چلو پھر دیکھو کہ جھٹلانے والوں کا انجام کیسا ہوا

(۸) وَجَعَلْنَا اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ آيَتَيْنِ فَمَحَوْنَا آيَةَ اللَّيْلِ وَجَعَلْنَا آيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِتَبْتَغُوا فَضْلًا مِنْ رَبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوا عَدَدَ السِّنِينَ وَالْحِسَابَ — بنی اسرائیل ۲

اور ہم نے رات اور دن کو دو نشانیاں بنایا ہے پھر ہم نے رات کی نشانی کو مٹا دیا اور دن کی نشانی دیکھنے کو بنایا تاکہ تم اپنے رب کا فضل طلب کرو اور تاکہ سالوں کی گنتی اور حساب کو جانو ۱۲/۱۷

(۹) وَأَوْفُوا بِالْعَهْدِ إِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُولًا — بنی اسرائیل ۴

اور عہد کو پورا کرو کیونکہ (ہر) عہد کے متعلق سوال کیا جاوے گا ۳۴/۱۷

(۱۰) فَاسْأَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ إِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ — الانبیاء ۱

پس اہل علم سے پوچھ لو اگر تم نہیں جانتے

(۱۱) وَمِنْ رَحْمَتِهِ جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوا فِيهِ وَلِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ — القصص ۷

اور اپنی رحمت سے اس نے تمہارے لئے رات اور دن بنائے تاکہ تم اس میں آرام کرو اور تاکہ تم اس کا فضل ڈھونڈو ۷۳/۲۸

(۱۲) وَمِنْ آيَاتِهِ أَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِنْ أَنْفُسِكُمْ أَزْوَاجًا لِتَسْكُنُوا إِلَيْهَا — الروم ۳

اور اس کے نشانوں میں سے ہے کہ تمہارے لئے تمہارے نفسوں سے جوڑے پیدا کئے تاکہ تم ان سے تسکین پاؤ ۲۱/۳۰

(۱۳) ادْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِنْدَ اللَّهِ — الاحزاب ۱

انھیں ان کے باپوں کے نام سے پکارو یہ اللہ کے نزدیک زیادہ انصاف ہے ۵/۳۳

فَإِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ ۭ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَآ اَخْطَاْتُمْ بِهٖ وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ — الاحزاب

پھر اگر تم ان کے باپوں کو نہیں جانتے تو وہ دین میں تمہارے بھائی اور تمہارے دوست ہیں اور تم پر اس بارے میں کچھ گناہ نہیں جو تم سے چوک ہو جائے لیکن (وہ گناہ ہے) جو تمہارے دل عمداً کریں ۳۳/۵

(۱۴) اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْهُ عَدُوًّا — فاطر

شیطان تمہارا دشمن ہے تو اسے دشمن سمجھو ۳۵/۶

(۱۵) لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ — یٰس

تاکہ وہ اس کے پھل سے کھائیں ۳۶/۳۵

(۱۶) كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ — صٓ

یہ کتاب جو ہم نے تیری طرف اتاری ہے برکت والی ہے تاکہ وہ اس کی آیتوں پر غور کریں اور تاکہ عقل والے نصیحت حاصل کریں ۳۸/۲۹

(۱۷) اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا — المؤمن

اللہ وہ ہے جس نے تمہارے لئے رات بنائی تاکہ تم اس میں آرام پاؤ اور دن کو روشن (بنایا) ۴۰/۶۱

(۱۸) اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ لِتَرْكَبُوْا مِنْهَا وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ — المؤمن

اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لئے چارپائے بنائے تاکہ تم ان میں سے بعض پر سوار ہو اور ان میں سے بعض کو تم کھاتے ہو ۴۰/۷۹

(۱۹) وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوْا عَلَيْهَا حَاجَةً فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ

اور تمہارے لئے ان میں فائدے ہیں اور تاکہ ان پر (چڑھ کر) تم اس حاجت کو پہنچو جو تمہارے سینوں میں ہو اور ان پر اور کشتیوں پر تم چڑھے پھرتے ہو ۴۰/۸۰

(۲۰) اَقِيْمُوا الدِّيْنَ — الشوریٰ

دین کو قائم رکھو ۴۲/۱۳

(۲۱) اَللّٰهُ الَّذِيْ سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ الْفُلْكُ

اللہ وہ ہے جس نے سمندر تمہارے کام میں لگایا تاکہ

فِيهِ بِأَمْرِهِ وَلِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝ (الجاثیۃ ۲)

اس کے حکم سے اس میں کشتیاں چلیں اور تاکہ تم اس کا فضل تلاش کرو اور تاکہ تم شکر کرو ۴۵/۱۲

(۲۲) يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنَاكُمْ مِنْ ذَكَرٍ وَأُنْثَىٰ وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوبًا وَقَبَائِلَ لِتَعَارَفُوا ۝ (الحجرات ۲)

اے لوگو ہم نے تمہیں مرد اور عورت سے پیدا کیا اور تمہاری شاخیں اور قبیلے بنائے تاکہ تم ایک دوسرے کو پہچانو ۴۹/۱۳

(۲۳) وَلَقَدْ تَرَكْنَاهَا آيَةً فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ ۝ (القمر ۱)

اور ہم نے اسے نشان کے طور پر چھوڑا تو کیا کوئی نصیحت قبول کرنے والا ہے ۵۴/۱۵

(۲۴) وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ ۝ (القمر ۱، ۲)

اور یقیناً ہم نے قرآن کو نصیحت کے لئے آسان کیا ہے تو کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے ۵۴/۱۷، ۲۲، ۳۲، ۴۰

(۲۵) هَلْ جَزَاءُ الْإِحْسَانِ إِلَّا الْإِحْسَانُ ۝ (الرحمٰن ۳)

نیکی کا بدلہ سوائے نیکی کے کچھ نہیں ۵۵/۶۰

(۲۶) فَاعْتَبِرُوا يَا أُولِي الْأَبْصَارِ ۝ (الحشر ۱)

سو اے آنکھوں والو! عبرت حاصل کرو ۵۹/۲

(۲۷) هُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ ذَلُولًا فَامْشُوا فِي مَنَاكِبِهَا ۝ (الملک ۲)

وہی ہے جس نے زمین کو تمہارے نیچے کر دیا سو اس کی اطراف میں چلو ۶۷/۱۵

(۲۸) وَاللَّهُ جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ بِسَاطًا ۝ لِتَسْلُكُوا مِنْهَا سُبُلًا فِجَاجًا ۝ (نوح ۱)

اور اللہ نے تمہارے لئے زمین کو وسیع قطعہ بنایا تاکہ اس کے کھلے رستوں میں چلو ۷۱/۱۹-۲۰

(۲۹) وَلَقَدْ صَرَّفْنَاهُ بَيْنَهُمْ لِيَذَّكَّرُوا فَأَبَىٰ أَكْثَرُ النَّاسِ إِلَّا كُفُورًا ۝ (الفرقان ۵)

اور ہم نے اسے ان کے درمیان طرح طرح کے پیرایوں میں بیان کیا ہے تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں مگر بہت سے لوگوں کو سوائے انکار کے کچھ منظور نہیں ۲۵/۵۰

(باب ۲) وہ نواہی جن میں لوگوں کو مخاطب کیا گیا

(فصل ۱) خدا کے سوائے کسی کی عبادت نہ کرو نہ سورج کو اور نہ چاند کو سجدہ کرو

آیت	ترجمہ	حوالہ
(۱) اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ — هود ۱	کہ اللہ کے سوائے کسی کی عبادت نہ کرو	۱۱/۲
(۲) وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ — بنی اسرائیل ۳	اور تیرے رب نے فیصلہ کر دیا ہے کہ اس کے سوائے (کسی کی) عبادت نہ کرو	۱۷/۲۳
(۳) لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ — حم السجدہ ۵	سورج کو سجدہ نہ کرو اور نہ چاند کو	۴۱/۳۷

(فصل ۲) خدا کے ہمسر نہ ٹھہراؤ اور نہ خدا کے ساتھ کسی اور کو پکارو

آیت	ترجمہ	حوالہ
(۱) اَلَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَاۗءَ بِنَاۗءً وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ○ — البقرہ ۳	وہ جس نے زمین کو تمہارے لئے فرش بنایا اور آسمان کو عمارت اور اوپر سے پانی اتارا پھر اس کے ساتھ تمہارے لئے پھلوں سے رزق نکالا پس تم اللہ کے ہمسر نہ ٹھہراؤ اور تم جانتے ہو	۲/۲۲
(۲) وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا — النساء ۴	اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کرو	۴/۳۶
(۳) وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْٓا اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ — النحل ۷	اور اللہ نے کہا ہے کہ دو معبود مت بناؤ وہ صرف اکیلا ہی معبود ہے	۱۶/۵۱
(۴) فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ○ — الجن ۱	سو اللہ کے ساتھ اور کسی کو نہ پکارو	۷۲/۱۸

(فصل ۳) خدا کا شریک ٹھہرانے کے لئے ماں باپ کا بھی کہنا نہ مانو

(۱) وَإِنْ جَاهَدَاكَ لِتُشْرِكَ بِي مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ؕ العنکبوت ۱ و لقمان ۲	اور اگر وہ تجھ پر زور دیں کہ تو میرے ساتھ (دوسروں کو) شریک کرے جس کا تجھے علم نہیں تو ان کی بات نہ مان	۲۹/۸ و ۳۱/۱۵

(فصل ۴) ماں باپ کو اُف تک نہ کہہ اور نہ ڈانٹ

(۱) إِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ أَحَدُهُمَا أَوْ كِلَاهُمَا فَلَا تَقُلْ لَهُمَا أُفٍّ وَلَا تَنْهَرْهُمَا بنی اسرائیل ۳	اگر تیرے سامنے دونوں میں سے ایک یا دونوں ہی بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو ان کو ہوں (تک) نہ کہہ اور نہ ان کو ڈانٹ	۱۷/۲۳

(فصل ۵) کلام ربانی کو چھوڑ کر اور دوستوں اور شیطان کی پیروی نہ کرو

(۱) وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ ؕ البقرۃ ۲۱ الانعام ۱۸	اور شیطان کے قدموں کے پیچھے نہ چلو	۲/۱۶۸ و ۶/۱۴۳
(۲) وَلَا تَتَّبِعُوا مِنْ دُونِهِ أَوْلِيَاءَ ؕ الاعراف ۱	اور اس کو چھوڑ کر اور دوستوں کی پیروی نہ کرو	۷/۳

(فصل ۶) ناپ تول میں کمی نہ کرو

(۱) أَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيزَانِ ۝ الرحمٰن ۱	تاکہ تم میزان میں سرکشی نہ کرو	۵۵/۸
(۲) وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيزَانَ ۝ ″	اور تول میں کمی نہ کرو	۵۵/۹
(۳) وَيْلٌ لِلْمُطَفِّفِينَ ۝ الَّذِينَ إِذَا اكْتَالُوا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُونَ ۝ وَإِذَا كَالُوهُمْ أَوْ وَزَنُوهُمْ	کمی کرنے والوں کے لئے تباہی ہے جو جب لوگوں سے ناپ کر لیتے ہیں تو پورا کر لیتے ہیں اور جب انہیں ناپ یا تول کر دیتے ہیں	

يُخْسِرُوْنَ ۝ اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ	التطفيف ۱	تو کم کر دیتے ہیں کیا وہ خیال نہیں کرتے کہ وہ اٹھائے جائیں گے ۸۳/۲-۴

(فصل ۷) فضول خرچ نہ کرو

(۱) وَلَا تُسْرِفُوْا	الانعام ۱۷ و اعراف ۳	بیجا خرچ نہ کرو ۶/۱۴۲ و ۷/۳۱

(فصل ۸) یتیموں اور ان کے مال کے متعلق نواہی

(۱) وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيْثَ بِالطَّيِّبِ وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَهُمْ اِلٰٓى اَمْوَالِكُمْ	النساء ۱	اور اچھی چیز کو ردی سے نہ بدلو اور ان کے مالوں کو اپنے مالوں کے ساتھ ملا کر نہ کھاؤ ۴/۲
(۲) وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَآءَ اَمْوَالَكُمُ الَّتِيْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِيٰمًا	النساء ۱	اور کم عقل لوگوں کو اپنے مال نہ دے دو جن کو اللہ نے تمہارے لئے سہارا بنایا ہے ۴/۵
(۳) وَلَا تَاْكُلُوْهَآ اِسْرَافًا وَّبِدَارًا اَنْ يَّكْبَرُوْا	النساء ۱	اور فضول خرچی سے اور جلدی کر کے ان کو کھا نہ جاؤ کہ وہ بڑے ہو جائیں گے ۴/۶
(۴) وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ	بنی اسرائیل ۴	اور یتیم کے مال کے قریب بھی نہ جاؤ مگر اس (طریق) سے جو نہایت عمدہ ہو یہاں تک کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچ جائے ۱۷/۳۴

(فصل ۹) متفرق نواہی

(۱) لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ	النساء ۲۱	اللہ بری بات کے مشہور کرنے کو (کسی سے) پسند نہیں کرتا سوائے اس کے جس پر ظلم کیا گیا ۴/۱۴۸

آیت	ترجمہ	حوالہ
(۲) یٰبَنِیْٓ اٰدَمَ لَا یَفْتِنَنَّکُمُ الشَّیْطٰنُ (الاعراف ۳)	اے بنی آدم شیطان تم کو دھوکے میں نہ ڈال دے	۷/۲۷
(۳) وَلَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا (الاعراف)	اور زمین کے اندر اس کی اصلاح کے بعد فساد نہ کرو	۷/۵۶
(۴) وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ط (النحل ۲)	اور اگر اللہ کی نعمت کو گننا چاہو تو انھیں گن نہ سکو گے	۱۶/۱۸
(۵) وَلَا تَجْعَلْ یَدَکَ مَغْلُوْلَةً اِلٰی عُنُقِکَ	اور اپنے ہاتھ کو اپنی گردن سے بندھا ہوا نہ رکھ اور نہ	
وَلَا تَبْسُطْهَا کُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا مَّحْسُوْرًا ہ (بنی اسرائیل ۳)	اسے حد سے زیادہ کھول ورنہ تو ملامت کیا ہوا درماندہ ہو کر بیٹھ رہیگا	۱۷/۲۹
(۶) وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَکُمْ خَشْیَةَ اِمْلَاقٍ (بنی اسرائیل ۴)	اور اپنی اولاد کو مفلسی کے خوف سے نہ مار ڈالو	۱۷/۳۱
(۷) وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓی اِنَّهٗ کَانَ فَاحِشَةً ط وَسَآءَ	اور زنا کے قریب مت جاؤ کیونکہ وہ بے حیائی کی بات ہے	
سَبِیْلًا ہ (بنی اسرائیل ۴)	اور بری راہ ہے	۱۷/۳۲
(۸) وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ط	اور اس جان کو قتل نہ کرو جسے اللہ نے حرام ٹھہرایا ہے	
وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِیِّهٖ سُلْطٰنًا	مگر حق کے ساتھ اور جو ظلم سے قتل کیا جاوے تو ہم نے	۱۷/۳۳ بنی اسرائیل
فَلَا یُسْرِفْ فِّی الْقَتْلِ ط اِنَّهٗ کَانَ مَنْصُوْرًا ہ (بنی اسرائیل ۴)	اس کے ولی کو اختیار دیا ہے مگر وہ قتل میں زیادتی نہ کرے اسلئے کہ اسی مدد	
(۹) وَلَا تَقْفُ مَا لَیْسَ لَکَ بِهٖ عِلْمٌ ط (بنی اسرائیل ۴)	اور اس کے پیچھے نہ لگ جس کا تجھے علم نہیں	۱۷/۳۶
(۱۰) وَلَا تَمْشِ فِی الْاَرْضِ مَرَحًا ج اِنَّکَ لَنْ تَخْرِقَ	اور زمین میں اکڑتا ہوا نہ چل کیونکہ نہ تو تو زمین کو پھاڑ ڈالیگا	
الْاَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا ہ (بنی اسرائیل ۴)	نہ لمبائی میں پہاڑوں کو پہونچیگا	۱۷/۳۷
(۱۱) فَلَا تَغُرَّنَّکُمُ الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا وَلَا یَغُرَّنَّکُمْ	سو دنیا کی زندگی تمھیں دھوکا نہ دے اور نہ بڑا دھوکا دینے والا	

بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ٥ لقمان ۴ - فاطر ۱	اللہ کے بارے میں تمھیں کچھ دھوکا دے ۳۱/۳۳ - ۳۵/۵
(۱۲) مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ	اللہ نے کسی شخص کے لئے اس کے اندر دو دل نہیں بنائے
وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ الّٰٓـئِيْ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ	اور نہ تمھاری بیویوں کو جن سے تم ظہار کرتے ہو تمھاری مائیں
وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ	اور نہ تمھارے لے پالکوں کو تمھارے بیٹے بنایا ہے یہ تمھاری
بِاَفْوَاهِكُمْ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي	اپنی منہ کی بات ہے اور اللہ سچ کہتا ہے اور وہی سیدھا
السَّبِيْلَ ٥ الاحزاب ۱	رستہ دکھاتا ہے ۳۳/۴
(۱۳) وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ الشوریٰ ۲	اور اس میں تفرقہ نہ ڈالو ۴۲/۱۳
(۱۴) فَلَا تُزَكُّوْٓا اَنْفُسَكُمْ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ	سو اپنے نفسوں کو پاک نہ ٹھہراؤ وہ اسے خوب جانتا
اتَّقٰى ٥ النجم ۲	ہے جو تقویٰ اختیار کرتا ہے ۵۳/۳۲
(۱۵) لِّكَيْلَا تَاْسَوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا	تاکہ تم اس پر غم نہ کھاؤ جو تم سے جاتا رہا اور نہ اس پر اتراؤ
بِمَآ اٰتٰىكُمْ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ۳ الحدید	جو تمھیں دیا ہے اللہ کسی متکبر فخر کرنے والے کو دوست نہیں رکھتا ۵۷/۲۳

(باب ۴) کافروں مشرکوں اور منافقوں وغیرہ کے متعلق

(فصل ۱) وہ اوامر جن میں کافروں کو مخاطب کیا گیا

(۱) اِتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ البقرہ ۲۱ - لقمان ۳ — اس کی پیروی کرو جو اللہ نے اتارا ہے ۲/۱۷۰ - ۳۱/۲۱

آیت	حوالہ	ترجمہ	
(۲) تَعَالَوْا اِلٰی مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَی الرَّسُوْلِ	المائدہ ۱۴	اس کی طرف آؤ جو اللہ نے اُتارا اور رسول کی طرف	۵/۱۰۴
(۳) ذٰلِكُمْ فَذُوْقُوْهُ وَاَنَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابَ النَّارِ	الانفال ۲	اس (عذاب) کا مزہ چکھ لو اور (جان لو) کہ کافروں کو آگ کا عذاب ہے	۸/۱۴
(۴) فَسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝	النحل ۶	تو اہل ذکر سے پوچھ لو اگر تم نہیں جانتے	۱۶/۴۳
(۵) وَارْجِعُوْٓا اِلٰی مَآ اُتْرِفْتُمْ فِيْهِ وَمَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْئَلُوْنَ ۝	الانبیاء ۲	اور اس کی طرف لوٹ جاؤ جس میں تم عیش کرتے تھے اور اپنے مکانوں کی طرف تاکہ تم سے سوال کیا جائے	۲۱/۱۳
(۶) وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اسْجُدُوْا لِلرَّحْمٰنِ قَالُوْا وَمَا الرَّحْمٰنُ اَنَسْجُدُ لِمَا تَأْمُرُنَا وَزَادَهُمْ نُفُوْرًا ۝	الفرقان ۵	اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ رحمٰن کو سجدہ کرو کہتے ہیں اور رحمٰن کیا ہے کیا ہم اُسے سجدہ کریں جس کیلئے تو حکم دیتا ہے اور ان کو نفرت زیادہ ہوتی ہے	۲۵/۶۰
(۷) اِتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝	یٰسٓ ۴	اُس سے بچاؤ کرلو جو تمہارے سامنے ہے اور جو تمہارے پیچھے ہے تاکہ تم پر رحم کیا جاوے	۳۶/۴۵
(۸) اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ	یٰسٓ ۴	اس میں سے خرچ کرو جو اللہ نے تمہیں دیا ہے	۳۶/۴۷
(۹) اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝	حٰم السجدہ ۵	جو چاہو سو کرو جو کچھ تم کرتے ہو دیکھنے والا ہے	۴۱/۴۰
(۱۰) فَذُوْقُوْا عَذَابِيْ وَنُذُرِ ۝	القمر ۲	سو میرا عذاب اور میرا ڈرانا چکھو	۵۴/۳۷، ۳۹
(۱۱) فَاِنْ كَانَ لَكُمْ كَيْدٌ فَكِيْدُوْنِ	المرسلت ۲	سو اگر تمہارے پاس کوئی حیلہ ہے تو میرے خلاف حیلہ کرو	۷۷/۳۹
(۱۲) كُلُوْا وَتَمَتَّعُوْا قَلِيْلًا اِنَّكُمْ مُّجْرِمُوْنَ ۝	المرسلت ۲	کھاؤ اور تھوڑا فائدہ اُٹھا لو کیونکہ تم مجرم ہو	۷۷/۴۶
(۱۳) وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ ارْكَعُوْا لَا يَرْكَعُوْنَ ۝	المرسلت ۲	اور جب انہیں کہا جاتا ہے جھک جاؤ جھکتے نہیں	۷۷/۴۸

(۱۳) فَلْيَدْعُ نَادِيَهُ ○ سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ	العلق ۱	سو وہ اپنے اہل مجلس کو بلا لے ہم بھی پیادوں کو بلائیں گے ۹۶ / ۱۷،۱۸

(فصل ۲) وہ نواہی جن میں کافروں کو مخاطب کیا گیا

(۱) وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّمَا نُمْلِي لَهُمْ خَيْرٌ لِأَنْفُسِهِمْ	ال عمران ۱۸	اور جو کفر کرتے ہیں وہ یہ خیال نہ کریں کہ ہم جو انھیں مہلت دیتے ہیں یہ ان کے لئے اچھا ہے ۳ / ۱۷۸
(۲) وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَبَقُوا إِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُونَ ○	الانفال ۸	اور جو کافر ہیں وہ یہ خیال نہ کریں کہ وہ آگے نکل گئے وہ عاجز نہیں کر سکتے ۸ / ۵۹
(۳) لَا تَرْكُضُوا	الانبیاء ۲	بھاگو نہیں ۲۱ / ۱۳
(۴) سَأُورِيكُمْ آيَاتِي فَلَا تَسْتَعْجِلُونِ ○	الانبیاء ۳	میں تمہیں اپنے نشان دکھاؤں گا سو تم مجھ سے جلدی نہ کرو ۲۱ / ۳۷
(۵) فَإِنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا ذَنُوبًا مِثْلَ ذَنُوبِ أَصْحَابِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُونِ ○	الذٰریٰت ۳	سو ان کے لئے جو ظلم کرتے ہیں مقرر پیمانہ ہے جیسے ان کے ساتھیوں کا مقرر پیمانہ تھا سو وہ مجھ سے جلدی نہ کریں ۵۱ / ۵۹

(فصل ۳) وہ امر جس میں کافروں نے ایمان والوں کو مخاطب کیا

(۱) وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ آمَنُوا اتَّبِعُوا سَبِيلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطَايَاكُمْ وَمَا هُمْ بِحَامِلِينَ مِنْ خَطَايَاهُمْ مِنْ شَيْءٍ إِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ ○	العنکبوت ۱	اور جو کافر ہیں وہ انھیں جو ایمان لائے ہیں کہتے ہیں ہماری راہ کی پیروی کرو اور ہم ضرور تمہاری خطاؤں کو اٹھالیں گے اور وہ انکی خطاؤں میں سے کچھ بھی اٹھانے والے نہیں وہ یقیناً جھوٹے ہیں ۲۹ / ۱۲

(فصل ۴) وہ اوامر جن میں مشرکوں کو مخاطب کیا گیا

آیات	ترجمہ
(۱) وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ فَاتَّبِعُوْهُ وَاتَّقُوْا	اور یہ کتاب جس کو ہم نے اُتارا ہے برکت دی گئی ہے سو اس کی
لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝ (الانعام ۲۰)	پیروی کرو اور تقوی کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے
(۲) بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖۤ اِلَى الَّذِيْنَ	یہ علیحدگی (کا اعلان) ہے اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے مشرکوں
عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ فَسِيْحُوْا فِى الْاَرْضِ	میں سے ان لوگوں کی طرف جن کے ساتھ تم نے معاہدہ کیا تھا پس چار
اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّاعْلَمُوْۤا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِى	مہینے ملک میں چلو پھرو اور جان لو کہ تم اللہ کو عاجز کرنے والے نہیں اور کہ
اللّٰهِ وَاَنَّ اللّٰهَ مُخْزِى الْكٰفِرِيْنَ ۝ وَاَذَانٌ	اللہ کافروں کو رسوا کرنے والا ہے اور (یہ) اللہ اور اس کے
مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖۤ اِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ	رسول کی طرف سے لوگوں کو حج اکبر کے دن اطلاع ہے کہ
اَنَّ اللّٰهَ بَرِىْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ وَرَسُوْلُهٗ	اللہ اور اس کا رسول ان مشرکوں سے بیزار ہے
فَاِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ	پس اگر تم توبہ کرو تو وہ تمہارے لئے بہتر ہے اور اگر پھر جاؤ
فَاعْلَمُوْۤا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِى اللّٰهِ ۔ (التوبہ ۱)	تو جان لو کہ تم اللہ کو عاجز کرنے والے نہیں
(۳) فَتَمَتَّعُوْا فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ	سو چند روزہ فائدہ اُٹھا لو آخر جان لوگے
(۴) هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ فَاَرُوْنِىْ مَاذَا خَلَقَ	یہ اللہ کی پیدائش ہے تو مجھے دکھاؤ کہ انھوں نے کیا پیدا کیا
الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ (لقمٰن ۱)	ہے جو اس کے سوائے ہیں
(۵) وَاتَّبِعُوْنِ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ (الزخرف ۶)	اور میری پیروی کرو یہ سیدھا رستہ ہے

(۶) فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ اِنِّىْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ	الذّٰریٰت ۳	سو اللہ کی طرف دوڑو میں اس کی طرف سے تمہارے لئے کھلا ڈرانے والا ہوں ۵۱/۵
(۷) فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا	النجم ۳	سو اللہ کے لئے سجدہ کرو اور (اس کی) عبادت کرو

(فصل ۵) وہ نواہی جن میں مشرکوں کو مخاطب کیا گیا

(۱) اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ	النحل ۱	اللہ کا حکم آگیا سو اس کے لئے جلدی مت کرو
(۲) فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ	النحل ۱۰	پس اللہ کے لئے مثالیں نہ بیان کرو
(۳) فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا	الزخرف ۶	سو تم اس کے متعلق شک نہ کرو
(۴) وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ	الزخرف ۶	اور تمہیں شیطان نہ روک دے
(۵) وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ	الذّٰریٰت ۳	اور اللہ کے ساتھ دوسرا معبود نہ بناؤ

(فصل ۶) وہ اوامر جن میں منافقوں کو مخاطب کیا گیا

(۱) اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ	البقرۃ ۲	ایمان لاؤ جس طرح لوگ ایمان لائے
(۲) اتَّقِ اللّٰهَ	البقرۃ ۲۵	اللہ کا تقویٰ اختیار کر
(۳) تَعَالَوْا قَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوِ ادْفَعُوْا	اٰل عمران ۱۷	آؤ اللہ کی راہ میں لڑو یا مدافعت کرو
(۴) فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ	اٰل عمران ۱۸	پس اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ
(۵) تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ	النساء ۹	اس کی طرف آؤ جو اللہ نے اتارا اور رسول کی طرف

(۶) فَلْيَضْحَكُوا قَلِيلًا وَّلْيَبْكُوا كَثِيرًا جَزَآءً بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝ التوبہ ۱۱	سو تھوڑا ہنسیں اور بہت روئیں اسکی سزا جو وہ کماتے تھے
(۷) وَقِيلَ اقْعُدُوا مَعَ الْقٰعِدِينَ ۝ التوبہ ۷	اور کہا گیا بیٹھنے والوں کے ساتھ بیٹھ جاؤ
(۸) اٰمِنُوا بِاللّٰهِ وَجَاهِدُوا مَعَ رَسُولِهِ التوبہ ۱۱	اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے رسول کے ساتھ ہو کر جہاد کرو
(۹) تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُولُ اللّٰهِ المنٰفقون ۱	آؤ اللہ کا رسول تمہارے لئے بخشش مانگے گا

(فصل ۷) وہ نواہی جن میں منافقوں کو مخاطب کیا گیا

(۱) لَا تُفْسِدُوا فِي الْاَرْضِ البقرہ ۲	زمین میں فساد نہ کرو
(۲) لَا تَعْتَذِرُوا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيمَانِكُمْ التوبہ ۸	بہانے نہ بناؤ تم نے یقیناً اپنے ایمان کے بعد کفر کیا

(فصل ۸) وہ نہی جس میں بخیلوں کو مخاطب کیا گیا

(۱) وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ يَبْخَلُونَ بِمَا اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ سَيُطَوَّقُونَ مَا بَخِلُوا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اٰل عمران ۱۸	اور وہ لوگ جو اس میں بخل کرتے ہیں جو اللہ نے انھیں اپنے فضل سے دیا ہے یہ خیال نہ کریں کہ یہ ان کے لئے اچھا ہے بلکہ وہ ان کے لئے برا ہے۔ قیامت کے دن وہی ان کے گلے کا ہار بنایا جائے گا جس میں وہ بخل کرتے ہیں ۳ / ۱۷۹

(فصل ۹) وہ اوامر جس میں خدا کی اولاد ٹھہرانے والوں کو مخاطب کیا گیا

(۱) اَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ مُّبِينٌ ۝ فَاْتُوا بِكِتٰبِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِينَ ۝ والصّٰفّٰت	یا تمہارے پاس کوئی کھلی سند ہے سو اپنی کتاب لاؤ اگر تم سچے ہو ۳۷ / ۱۵۷،۱۵۶

(فصل ۱۰) وہ اوامر جن میں کلام الٰہی کے متعلق شک کرنے والوں کو مخاطب کیا گیا

(۱) وَإِنْ كُنْتُمْ فِي رَيْبٍ مِمَّا نَزَّلْنَا عَلَىٰ عَبْدِنَا فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِنْ مِثْلِهِ وَادْعُوا شُهَدَاءَكُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ۝ فَإِنْ لَمْ تَفْعَلُوا وَلَنْ تَفْعَلُوا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِي وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ أُعِدَّتْ لِلْكَافِرِينَ البقرۃ/۳

اور اگر تمھیں اس میں شک ہے جو ہم نے اپنے بندے پر اتارا ہے تو ایک سورت اس جیسی لے آؤ اور اللہ کو چھوڑ کر اپنے مددگاروں کو بلالو اگر تم سچے ہو پھر اگر تم نے (ایسا) نہ کیا اور ہرگز نہ کرسکو گے تو اس آگ سے بچو جس کا ایندھن انسان اور پتھر ہیں، یہ کافروں کے لئے تیار کی گئی ہے

(۲) فَإِنْ كُنْتَ فِي شَكٍّ مِمَّا أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ فَاسْأَلِ الَّذِينَ يَقْرَءُونَ الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكَ یونس/۱۰

(اے سننے والے) اگر تجھے اس میں شک ہو جو ہم نے تیری طرف اتارا تو ان لوگوں سے پوچھ جو تجھ سے پہلے کتاب پڑھتے ہیں ۱۰/۹۴

(فصل ۱۱) وہ نواہی جن میں کلام الٰہی کے متعلق شک کرنے والوں کو مخاطب کیا گیا

(۱) فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ الانعام/۱۴ یونس/۱۰

سو تو شک کرنے والوں میں سے نہ ہو

(۲) فَلَا تَكُ فِي مِرْيَةٍ مِنْهُ إِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَبِّكَ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُونَ ھود/۲

سو تو اس میں کسی شک میں نہ رہ وہ تیرے رب کی طرف سے حق ہے لیکن اکثر لوگ نہیں مانتے

(فصل ۱۲) وہ امر جس میں قرآن مجید کے جھٹلانے والوں کو مخاطب کیا گیا

(۱) فَلْيَأْتُوا بِحَدِيثٍ مِثْلِهِ إِنْ كَانُوا صَادِقِينَ ۝ الطور/۲

تو اس جیسی کوئی بات لائیں اگر سچے ہیں

(فصل ۱۳) وہ نہی جس میں اللہ کی آیات جھٹلانے والوں کو مخاطب کیا گیا

(۱) وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِ اللَّهِ فَتَكُونَ مِنَ الْخٰسِرِينَ ۝ یونس ۱۰ | اور تو ان لوگوں میں سے نہ ہو جو اللہ کی آیتوں کو جھٹلاتے ہیں ورنہ تو نقصان اٹھانے والوں میں سے ہوگا ۹۵/۱۰

(فصل ۱۴) وہ امر جس میں فرشتے موت کے وقت کلام ربانی کے متعلق افترا کرنے والوں کو مخاطب کرتے ہیں

(۱) وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ قَالَ أُوحِيَ إِلَيَّ وَلَمْ يُوحَ إِلَيْهِ شَيْءٌ وَمَنْ قَالَ سَأُنْزِلُ مِثْلَ مَا أَنْزَلَ اللَّهُ ۗ وَلَوْ تَرَىٰ إِذِ الظَّالِمُونَ فِي غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَالْمَلَائِكَةُ بَاسِطُو أَيْدِيهِمْ أَخْرِجُوا أَنْفُسَكُمُ ۖ الْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُونِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُولُونَ عَلَى اللَّهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ آيَاتِهِ تَسْتَكْبِرُونَ ۝ الانعام ۱۱ ۶

اور اس سے زیادہ ظالم کون ہے جو اللہ افترا کرے یا کہے میری طرف وحی کی گئی اور اس کی طرف کچھ وحی نہیں کی گئی اور جو کہے میں اس کی مثل اتار سکتا ہوں جو اللہ نے اتارا اور اگر تو دیکھے جب ظالم موت کی سختیوں میں ہوں اور فرشتے اپنے ہاتھ پھیلا رہے ہوں اپنی جانوں کو نکالو آج تم کو رسوائی کا عذاب اس کے بدلے میں دیا جائے گا جو تم اللہ پر ناحق کہتے تھے اور تم اس کی باتوں سے تکبر کرتے تھے ۶/۹۴

(فصل ۱۵) وہ امر جن میں فرشتے موت کے وقت ظالموں اور کافروں کو مخاطب کرتے ہیں۔

(۱) إِنَّ الَّذِينَ تَوَفَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ ظَالِمِي أَنْفُسِهِمْ | ان کو جن کا فرشتے جان قبض کرتے ہیں اس حال میں کہ وہ اپنی جانوں پر ظلم کرنے

قَالُوا فِيمَ كُنتُمْ قَالُوا كُنَّا مُسْتَضْعَفِينَ فِي الْأَرْضِ قَالُوا أَلَمْ تَكُنْ أَرْضُ اللَّهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوا فِيهَا (النساء ۱۴)

والے ہیں وہ کہیں گے تم کس حال میں تھے کہیں گے ہم ملک میں بے بس تھے (فرشتے) کہیں گے کیا اللہ کی زمین فراخ نہ تھی کہ تم اس میں ہجرت کرتے

(۲) حَتَّىٰ إِذَا جَاءَتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ قَالُوا أَيْنَ مَا كُنتُمْ تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ (الاعراف)

یہاں تک کہ جب ہمارے بھیجے ہوئے ان کے پاس آئیں گے کہ ان کو وفات دیں کہیں گے وہ کہاں ہیں جن کو اللہ کے سوا تم پکارتے تھے

(۳) وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ يَتَوَفَّى الَّذِينَ كَفَرُوا الْمَلَائِكَةُ يَضْرِبُونَ وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَارَهُمْ وَذُوقُوا عَذَابَ الْحَرِيقِ ۝ (الانفال ۷)

اور اگر تو دیکھے جب فرشتے کافروں کی روح قبض کرتے ہیں ان کے مونھوں اور پیٹھوں کو مارتے ہیں اور جلنے کا عذاب چکھو ۸/۵۰

(فصل ۱۶) وہ اوامر جن میں فرشتے موت کے وقت نیک لوگوں کو مخاطب کرتے ہیں

(۱) الَّذِينَ تَتَوَفَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ طَيِّبِينَ يَقُولُونَ سَلَامٌ عَلَيْكُمُ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (النحل)

جن کی جانیں فرشتے قبض کرتے ہیں (درانحالیکہ) وہ پاک ہیں کہتے ہیں تم پر سلامتی ہو جنت میں داخل ہو جاؤ اس کا بدلہ جو تم کرتے تھے

(باب ۵) وہ اوامر جن میں بنی اسرائیل کو مخاطب کیا گیا

(فصل ۱) اللہ کی عبادت کرو

(۱) إِنَّ اللَّهَ رَبِّي وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ (ال عمران، مریم ۵/۲، الزخرف ۶)

اللہ ہی میرا رب اور تمہارا رب ہے پس اسکی عبادت کرو ۳/۵۰ — ۱۹/۳۶ --

(۴) يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ۔ اے بنی اسرائیل اللہ کی عبادت کرو جو میرا اور تمھارا رب ہے

(فصل ۲) نماز قایم کرو ۔ زکوٰۃ دو ۔ جھک جانے والوں کے ساتھ جھکے رہو ۔ صبر اور نماز سے مدد ۔

(۱) وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ۝ البقرہ ۵ ۔ اور نماز کو قایم کرو اور زکوٰۃ دو اور جھک جانے والوں کے ساتھ جھکے رہو

(۲) وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ البقرہ ۵ ۔ اور صبر اور نماز کے ساتھ مدد مانگتے رہو

(۳) وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ البقرہ ۱۰ ۔ اور نماز قایم کرو اور زکوٰۃ دو

(فصل ۳) اللہ کی نعمت کو یاد کرو ۔ اس کے عہد کو پورا کرو اور اس سے ڈرو ۔

(۱) يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَوْفُوْا بِعَهْدِيْٓ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ وَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ البقرہ ۵ ۔ اے بنی اسرائیل میری نعمت کو یاد کرو جو میں نے تمھیں عطا کی اور میرے عہد کو پورا کرو میں تمھارے عہد کو پورا کروں گا اور مجھ ہی سے ڈرو ۔ البقرہ ۵ / ۴

(۲) اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ البقرہ ۱۵ و ۱۶ ۔ میری نعمت کو یاد کرو جو میں نے تمھیں عطا کی ۔ البقرہ ۱۵/۴ و ۱۶/۱۲۲

(۳) اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ المائدہ ۴ ابراہیم ۱ ۔ اللہ کی نعمت (جو) تم پر (ہوگی) یاد کرو ۔ ۵/۲۰ و ۱۴/۶

(فصل ۴) کتاب الٰہی پر عمل کرو اور اس کو یاد رکھو

(۱) خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ البقرہ ۸ ۔ الاعراف ۲ ۔ جو ہم نے تمھیں دیا ہے اسے زور سے پکڑ رکھو اور جو اس میں ہے اس کو یاد رکھو

(۲) خُذُوا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاسْمَعُوْا البقرۃ ۱۱ | جو ہم نے تم کو دیا ہے اُسے زور سے پکڑ لو اور سن لو

(فصل ۵) حلال اور ستھری چیزیں کھاؤ

(۱) كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ البقرۃ ۶ الاعراف ۲۰ طٰہٰ ۴ | ان ستھری چیزوں سے کھاؤ جو ہم نے تم کو دی ہیں

(۲) كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ البقرۃ ۷ | اللہ کے دیئے سے کھاؤ اور پیو

(فصل ۶) فرماں بردار بن کر بستی میں داخل ہو جاؤ

(۱) وَاِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ فَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُوْلُوْا حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطٰيٰكُمْ وَسَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ البقرۃ ۶ النساء ۲۲ الاعراف ۲۰ | اور جب ہم نے کہا کہ اس بستی میں داخل ہو جاؤ اور اس میں جہاں چاہو بافراغت کھاؤ اور دروازہ میں فرماں بردار بن کر داخل ہو اور کہو ہماری خطائیں معاف ہوں ہم تمھاری خطائیں معاف کردیں گے اور احسان کرنیوالوں کو اور زیادہ بھی دیں گے

(فصل ۷) گائے کو ذبح کرو

(۱) اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً البقرۃ ۸ | اللہ تمھیں حکم دیتا ہے کہ گائے ذبح کرو

(۲) فَافْعَلُوْا مَا تُؤْمَرُوْنَ البقرۃ ۸ | پس کرو جو کچھ تمھیں حکم دیا جاتا ہے

(فصل ۸) متفرق اوامر

(۱) وَاٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ البقرۃ ۵ | اور اس پر ایمان لاؤ جو میں نے اُتارا اُسے سچا ٹھہرانا ہوا جو تمھارے پاس ہے

آیت	ترجمہ
(۲) وَاِيَّايَ فَاتَّقُوْنِ ۝	اور میرا ہی تقویٰ اختیار کرو
(۳) وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْئًا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝ البقرۃ ۱۵-۶	اور اس دن سے بچاؤ کرو جب کوئی جی کسی جی کے کچھ کام نہیں آئیگا اور نہ اس سے سفارش قبول کی جائیگی اور نہ اس سے بدلہ لیا جائیگا اور نہ انھیں مدد دیجائیگی ۲/۱۲۳،۴۸
(۳) فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ط البقرۃ ۶	پس اپنے پیدا کرنے والے کی طرف آؤ اور اپنے نفسوں کو مار ڈالو ۲/۵۴
(۴) اِهْبِطُوْا مِصْرًا فَاِنَّ لَكُمْ مَّا سَاَلْتُمْ البقرۃ ۷	(کسی) شہر میں آ اترپڑو جو تم مانگتے ہو تمھیں مل جائے گا ۲/۶۱
(۵) فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ط البقرۃ ۹	پس ہم نے کہا کہ اس کو اس کے بعض سے مارو
(۶) وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا البقرۃ ۱۰	اور ماں باپ کے ساتھ نیکی کرنا اور رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں (کے ساتھ) اور لوگوں کو اچھی بات کہو
(۷) اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ البقرۃ ۱۱	اس پر ایمان لاؤ جو اللہ نے اتارا ہے
(۸) فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ آل عمران - الزخرف ۵ ۶	پس اللہ کا تقویٰ اختیار کرو اور میری اطاعت کرو ۳/۵۰ ۴۳/۶۳
(۹) يٰقَوْمِ ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِيْ كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ المائدۃ ۴	اے میری قوم پاک سرزمین میں داخل ہو جاؤ جسے اللہ نے تمھارے لئے لکھ رکھا ہے
(۱۰) اُدْخُلُوْا عَلَيْهِمُ الْبَابَ المائدۃ ۴	ان پر دروازے سے داخل ہو جاؤ
(۱۱) وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝	اور اللہ پر ہی توکل کرو اگر تم مومن ہو

(۱۲) مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ كَتَبْنَا عَلٰى بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًۢا بِغَیْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِی الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِیْعًا ؕ وَ مَنْ اَحْیَاهَا فَكَاَنَّمَاۤ اَحْیَا النَّاسَ جَمِیْعًا ؕ — المائدہ ۵

اسی وجہ سے ہم نے بنی اسرائیل کے لئے یہ مقرر کردیا کہ جو کوئی کسی جان کو بغیر جان کے (بدلہ کے) یا زمین میں فساد کرنے کے مار ڈالے تو گویا اس نے سب لوگوں کو مار ڈالا اور جو کوئی اس کو زندہ رکھے تو گویا اس نے سب لوگوں کو زندہ رکھا ۵/۳۲

(۱۳) وَ اخْشَوْنِ — المائدہ ۷

اور مجھ ہی سے ڈرو

(۱۴) وَ كَتَبْنَا عَلَیْهِمْ فِیْهَاۤ اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ ۙ وَ الْعَیْنَ بِالْعَیْنِ وَ الْاَنْفَ بِالْاَنْفِ وَ الْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَ السِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ وَ الْجُرُوْحَ قِصَاصٌ ؕ فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ ؕ — المائدہ ۷

اور ہم نے اس میں ان پر یہ فرض کیا تھا کہ جان کو بدلے جان اور آنکھ کے بدلے آنکھ اور ناک کے بدلے ناک اور کان کے بدلے کان اور دانت کے بدلے دانت اور زخموں میں بدلہ ہے پھر جو شخص اسے معاف کردے تو وہ اس کے لئے کفارہ ہوگا

(۱۵) اِسْتَعِیْنُوْا بِاللّٰهِ وَ اصْبِرُوْا — الاعراف ۱۵

اللہ سے مدد مانگو اور صبر کرو

(۱۶) فَعَلَیْهِ تَوَكَّلُوْۤا اِنْ كُنْتُمْ مُّسْلِمِیْنَ — یونس ۹

تو اسی پر بھروسا کرو اگر تم فرماں بردار ہو

(۱۷) اُسْكُنُوا الْاَرْضَ — بنی اسرائیل ۱۲

[illegible] کی) زمین میں آباد ہو جاؤ

(۱۸) اَنْ سَبِّحُوْا بُكْرَةً وَّ عَشِیًّا — مریم ۱

صبح اور شام تسبیح کرو

(۱۹) فَاتَّبِعُوْنِیْ وَ اَطِیْعُوْۤا اَمْرِیْ — طٰہٰ ۵

تو میری پیروی کرو اور میرے حکم کی فرماں برداری کرو

(۲۰) اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا	السباء ۲	اے آلِ داؤد شکر کرتے ہوئے عمل کرو	۳۴/۱۳

(باب ۶) وہ نواہی جن میں بنی اسرائیل کو مخاطب کیا گیا

(۱) وَلَا تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ كَافِرٍۢ بِهٖ	البقرہ ۵	اور تم اس کے پہلے منکر ہو	۲/۴۱
(۲) وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا	البقرہ ۵ - المائدہ ۷	اور میری باتوں کے بدلے تھوڑا مول نہ لو	۲/۴۱ - ۵/۴۴
(۳) لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ	البقرہ ۱۰	سوائے اللہ کے تم کسی کی عبادت نہ کرنا	۲/۸۳
(۴) وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ		اور سچ کو جھوٹ کے ساتھ نہ ملاؤ اور (نہ) سچ کو چھپاؤ	
وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ	البقرہ ۵	اور تم جانتے ہو	۲/۴۲
(۵) اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ		کیا تم لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہو اور اپنے آپ کو بھول جاتے	
وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ		ہو حالانکہ تم کتاب پڑھتے ہو پس کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے	۲/۴۴
(۶) وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ	البقرہ ۷	اور ملک میں فساد نہ پھیلاتے پھرو	۲/۶۰
(۷) وَلَا تَكْفُرْ	البقرہ ۱۲	پس (تو) کافر نہ بن	۲/۱۰۲
(۸) لَا تَعْدُوْا فِي السَّبْتِ	النساء ۲۲	سبت کے بارے میں حد سے نہ گزر جائیو	۴/۱۵۴
(۹) وَلَا تَرْتَدُّوْا عَلٰٓي اَدْبَارِكُمْ	المائدہ ۴	اور پیٹھ پھیرتے ہوئے واپس نہ ہو آنا	۵/۲۱
(۱۰) فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ	المائدہ	سو لوگوں سے مت ڈرو	۵/۴۴
(۱۱) اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِيْ وَكِيْلًا	بنی اسرائیل ۱	میرے سوائے کسی کو کارساز نہ بناؤ	۱۷/۲

آیت	ترجمہ
(۱۲) وَلَا تَطْغَوْا فِيهِ فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبِي وَمَنْ يَحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِي فَقَدْ هَوَىٰ ۝ طٰهٰ ۲	اور اس میں حد سے نہ بڑھو ورنہ میرا غضب تم پر اترے گا اور جس پر میرا غضب اترا وہ پستی میں گر گیا ۲۰/۸۱

(باب ۷) وہ اوامر جن میں اہل کتاب کو مخاطب کیا گیا

آیت	ترجمہ
(۱) ثُمَّ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مُصَدِّقٌ لِمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهِ وَلَتَنْصُرُنَّهُ ۝ آل عمران ۹	پھر تمہارے پاس وہ رسول آئے جو اس کی تصدیق کرنے والا ہو جو تمہارے پاس ہے تو تم کو ضرور اس پر ایمان لانا ہوگا اور ضرور اس کی مدد کرنی ہوگی ۳/۸۰
(۲) يَا أَيُّهَا الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ آمِنُوا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِمَا مَعَكُمْ مِنْ قَبْلِ أَنْ نَطْمِسَ وُجُوهًا فَنَرُدَّهَا عَلَىٰ أَدْبَارِهَا أَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّا أَصْحَابَ السَّبْتِ ۚ وَكَانَ أَمْرُ اللَّهِ مَفْعُولًا ۝ النساء ۷	اے لوگو جن کو کتاب دی گئی ہے اس پر ایمان لاؤ جو ہم نے اتارا ہے اس کی تصدیق کرتا ہوا جو تمہارے پاس ہے قبل اس کے کہ ہم مونہوں کو مٹا دیں اور انھیں ان کی پیٹھ پر لوٹا دیں یا ان پر لعنت کریں جس طرح کہ ہم نے سبت والوں پر لعنت کی اور اللہ کا حکم تو ہو ہی چکا ہے ۴/۴۷
(۳) فَآمِنُوا بِاللَّهِ وَرُسُلِهِ النساء ۲۳	سو اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ ۴/۱۷۱
(۴) وَمَا أُمِرُوا إِلَّا لِيَعْبُدُوا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ حُنَفَاءَ وَيُقِيمُوا الصَّلَاةَ وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ ۚ وَذَٰلِكَ دِينُ الْقَيِّمَةِ ۝ البیّنہ ۱	اور وہ انہیں یہی حکم دیا گیا ہے کہ وہ اللہ کی عبادت کریں اس کے لئے فرماں برداری خالص کرتے ہوئے راست رو ہو کر اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ دیں اور یہی ٹھیک دین ہے ۹۸/۵

(باب ۸) وہ نواہی جن میں اہل کتاب کو مخاطب کیا گیا

آیت	ترجمہ
(۱) يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تُحَاجُّونَ فِي إِبْرَاهِيمَ	اے اہل کتاب تم ابراہیم کے بارے میں کیوں جھگڑتے ہو

آیت	ترجمہ
وَمَآ اُنْزِلَتِ التَّوْرٰىةُ وَالْاِنْجِيْلُ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ هٰۤاَنْتُمْ هٰۤؤُلَاۤءِ حَاجَجْتُمْ فِيْمَا لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ فَلِمَ تُحَاۤجُّوْنَ فِيْمَا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ آل عمران ۷	حالانکہ توریت اور انجیل اس کے بعد ہی اتاری گئیں پھر کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے سنو! تم وہ ہو جو اس میں جھگڑ چکے جس کا تم کو علم تھا پھر اس میں کیوں جھگڑتے ہو جس کا تم کو علم نہیں اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے
(۲) لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ۝ "	اللہ کی آیتوں کا کیوں انکار کرتے ہو حالانکہ تم گواہ ہو
(۳) لِمَ تَلْبِسُوْنَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ آل عمران ۷	کیوں حق کو باطل کے ساتھ ملاتے ہو اور حق کو چھپاتے ہو حالانکہ تم جانتے ہو
(۴) لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ وَلَا تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ۝ النساء ۲۳	اپنے دین میں غلو مت کرو اور اللہ کی نسبت سوائے حق کے کچھ نہ کہو
(۵) وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ ؕ "	اور مت کہو تین ہیں
(۶) فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِى الْاَمْرِ الحج ۹	پس تجھ سے اس امر میں جھگڑا نہ کریں

(باب ۹) حضرت آدمؑ، فرشتوں، ابلیس اور شیطان کے متعلق

(فصل ۱) وہ امر جس میں حضرت آدمؑ کو مخاطب کیا گیا

آیت	ترجمہ
(۱) قَالَ يٰۤاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَاۤئِهِمْ البقرة ۴	کہا اے آدم ان کے نام انہیں بتا دو

(فصل ۲) وہ اوامر جن میں حضرت آدمؑ اور آنکی بیوی کو مخاطب کیا گیا

(۱) وَقُلْنَا يَآدَمُ اسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا البقرۃ/۴ ، الاعراف/۲۱
اور ہم نے کہا اے آدمؑ تو اور تیرا جوڑا باغ میں رہو اور اس میں سے بافراغت کھاؤ جہاں چاہو ۳۵/۲ — ۱۹/۷

(فصل ۳) وہ نواہی جن میں حضرت آدمؑ اور ان کی بیوی کو مخاطب کیا گیا

(۱) وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُونَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ البقرۃ/۴ الاعراف/۲
اور اس درخت کے پاس نہ جاؤ ورنہ تم ظالموں میں سے ہو جاؤ گے ۳۵/۲ - ۱۹/۷

(فصل ۴) وہ اوامر جن میں حضرت آدمؑ کی فرماں برداری کرنے کے لئے فرشتوں کو مخاطب کیا گیا

(۱) أَنْبِئُوْنِيْ بِأَسْمَآءِ هٰؤُلَآءِ إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ البقرۃ/۴
مجھے ان کے نام بتاؤ اگر تم سچے ہو ۳۱/۲

(۲) اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْا إِلَّآ إِبْلِيْسَ البقرۃ/۴ الاعراف/۲ بنی اسرائیل/۶ الکھف/۷ طٰہٰ/۷
آدمؑ کی فرمانبرداری کرو تو انھوں نے فرماں برداری کی مگر ابلیس (نے نہ کی) ۳۴/۲ - ۱۱/۷ - ۶۱/۱۷ - ۵۰/۱۸ - ۱۱۶/۲۰

(۳) فَإِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ۝ الحجر/۴ ، صٓ/۵
سو جب میں اسے تکمیل کو پہنچاؤں اور اپنی روح اس میں پھونکوں تو تم نے اس کے لئے فرمانبرداری کرتے ہوئے گر پڑنا ۷۲/۳۸ ، ۲۹/۱۵

(فصل ۵) وہ اوامر جن میں ابلیس کو حضرت آدمؑ کی فرماں برداری نہ کرنے پر مخاطب کیا گیا

(۱) قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُوْنُ لَكَ أَنْ تَتَكَبَّرَ
کہا پھر اس حالت سے اتر جا تیرے لئے شایاں نہیں کہ تو اس میں تکبر کرے

فِيهَا فَاخْرُجْ إِنَّكَ مِنَ الصّٰغِرِينَ (الاعراف ۲)	سو نکل جا تو ذلیل ہونے والوں میں سے ہے ۱۳
(۲) قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُومًا مَّدْحُورًا	کہا اس (حالت سے) اتر جا ذلیل دھتکارا ہوا
(۳) قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَإِنَّكَ رَجِيمٌ (الحجر ۳) (ص ۵)	کہا تو اس (حالت) سے نکل جا کیونکہ تو دور کیا گیا ہے
(۴) قَالَ اذْهَبْ فَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَإِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُورًا (بنی اسرائیل ۷)	فرمایا چلا جا جو کوئی ان میں سے تیری پیروی کرے گا تو دوزخ تمہاری سزا ہے (اور) پوری سزا ہے
(۵) وَاسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَأَجْلِبْ عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ وَشَارِكْهُمْ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ وَعِدْهُمْ ۚ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ إِلَّا غُرُورًا (بنی اسرائیل ۷)	اور ان میں سے جس کو تو کر سکے اپنی آواز سے خفیف کر دے اور ان پر اپنے سواروں اور اپنے پیادوں کو چڑھا کر لا اور ان کے مالوں اور اولاد میں شریک ہوتا رہ اور ان سے وعدے کرتا رہ اور شیطان جو ان سے وعدے کرتا ہے سو دھوکا ہے

(فصل ۶) وہ اوامر جن میں حضرت آدمؑ اور شیطان کو مخاطب کیا گیا

(۱) وَقُلْنَا اهْبِطُوا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ (البقرہ ۴) (الاعراف ۲)	اور ہم نے کہا اتر پڑو تم ایک دوسرے کے دشمن ہو ۲/۳۴
(۲) قُلْنَا اهْبِطُوا مِنْهَا جَمِيعًا	ہم نے کہا سب اس سے اتر جاؤ ۲/۳۸
(۳) قَالَ اهْبِطَا مِنْهَا جَمِيعًا	فرمایا تم سب اس سے نکل جاؤ

(باب ۱۰) وہ اوامر و نواہی جن میں انبیاء علیہم السلام کو مخاطب کیا گیا

(فصل ۱) وہ اوامر جن میں حضرت نوح علیہ السلام کو مخاطب کیا گیا

آیت	سورت	ترجمہ	حوالہ
(۱) وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِأَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا	هود ۴، المؤمنون ۲	اور ہماری آنکھوں کے سامنے اور ہماری وحی کے مطابق کشتی بنا	۱۱/۳۷، ۲۳/۲۷
(۲) قُلْنَا احْمِلْ فِيهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَأَهْلَكَ إِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ آمَنَ		ہم نے کہا اس میں ہر (ضرورت کی) شے کے نر و مادہ دو دو لے لو اور اپنے اہل کو مگر جس کے متعلق پہلے حکم ہو چکا اور ان کو بھی جو (ایمان لائے)	۱۱/۴۰، ۲۳/۲۷
(۳) قِيلَ يَا نُوحُ اهْبِطْ بِسَلَامٍ مِنَّا وَبَرَكَاتٍ عَلَيْكَ وَعَلَى أُمَمٍ مِمَّنْ مَعَكَ	هود ۴	کہا گیا اے نوحؑ ہماری طرف سے سلامتی اور برکتوں کے ساتھ اتر (جو) تجھ پر اور (کئی) جماعتوں پر (شروع ہونگی) جو تیرے ساتھ والوں سے ہوں	۱۱/۴۸
(۴) فَقُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي نَجَّانَا مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۝	المؤمنون ۲	پس کہہ سب تعریف اللہ کے لئے ہے جس نے ہمیں ظالم قوم سے نجات دی	۲۳/۲۸
(۵) وَقُلْ رَبِّ أَنْزِلْنِي مُنْزَلًا مُبَارَكًا وَأَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِينَ ۝	المؤمنون ۲	اور کہہ اے میرے رب مجھے برکت والا اتارنا اتار لیو اور تو سب اتارنے والوں سے بہتر ہے	۲۳/۲۹
(۶) أَنْ أَنْذِرْ قَوْمَكَ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَأْتِيَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝	نوح ۱	(اپنی) قوم کو ڈرا اس سے پہلے کہ ان پر دردناک عذاب آ جائے	۷۱/۱

(فصل ۲) وہ نواہی جن میں حضرت نوح علیہ السلام کو مخاطب کیا گیا

آیت	سورت	ترجمہ	حوالہ
(۱) فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ۝	هود ۳	سو تو اس پر غم نہ کر جو وہ کرتے ہیں	۱۱/۳۶

آیت	ترجمہ	حوالہ
(۲) وَلَا تُخَاطِبْنِي فِي الَّذِينَ ظَلَمُوا إِنَّهُمْ مُغْرَقُونَ — هود ۴ ـ المؤمنون ۲	اور ان کے بارے میں مجھے کچھ نہ کہہ جو ظالم ہیں وہ غرق کئے جائیں گے	۱۱/۳۷ - ۲۳/۲۷
(۳) فَلَا تَسْأَلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ — هود ۴	سو مجھ سے ایسا سوال نہ کر جس کا تجھے علم نہیں	۱۱/۴۶

(فصل ۳) وہ امر جس میں حضرت نوحؑ نے کشتی میں سوار ہونے والوں کو مخاطب کیا

آیت	ترجمہ	حوالہ
(۱) وَقَالَ ارْكَبُوا فِيهَا بِسْمِ اللَّهِ مَجْرَاهَا وَمُرْسَاهَا — هود ۴	اور اس نے کہا اس میں سوار ہو جاؤ اللہ کے نام سے اس کا چلنا اور اس کا لنگر ڈالنا ہے	۱۱/۴۱

(فصل ۴) وہ امر جس میں حضرت نوحؑ نے اپنے بیٹے کو مخاطب کیا

آیت	ترجمہ	حوالہ
(۱) وَنَادَىٰ نُوحٌ ابْنَهُ وَكَانَ فِي مَعْزِلٍ يَا بُنَيَّ ارْكَبْ مَعَنَا — هود ۴	اور نوحؑ نے اپنے بیٹے کو پکارا اور وہ الگ ہو رہا تھا اے میرے بیٹے ہمارے ساتھ سوار ہو جا	۱۱/۴۲

(فصل ۵) وہ نہی جس میں حضرت نوحؑ نے اپنے بیٹے کو مخاطب کیا

آیت	ترجمہ	حوالہ
(۱) وَلَا تَكُنْ مَعَ الْكَافِرِينَ — هود ۴	اور کافروں کے ساتھ مت ہو	۱۱/۴۲

(فصل ۶) وہ امر جن میں زمین اور بادل کو مخاطب کیا گیا

آیت	ترجمہ	حوالہ
(۱) وَقِيلَ يَا أَرْضُ ابْلَعِي مَاءَكِ وَيَا سَمَاءُ أَقْلِعِي — هود ۴	اور کہا گیا اے زمین اپنا پانی جذب کرلے اور اے بادل تھم جا	۱۱/۴۴

(فصل ۷) وہ اوامر جن میں حضرت ابراہیمؑ و حضرت اسمٰعیلؑ کو مخاطب کیا گیا

آیت	ترجمہ
(۱) وَعَهِدْنَا إِلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ أَن طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّائِفِينَ وَالْعَاكِفِينَ وَالرُّكَّعِ السُّجُودِ ۝ البقرۃ/۱۵	اور ہم نے ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ کو حکم دیا کہ میرے گھر پاک کردو طواف کرنے والوں کے لئے اور اعتکاف کرنے والوں اور رکوع کرنے والوں سجدہ کرنے والوں کے لئے) ۲/۱۲۵

(فصل ۸) وہ اوامر جن میں حضرت ابراہیمؑ کو مخاطب کیا گیا

آیت	ترجمہ
(۱) إِذْ قَالَ لَهُ رَبُّهُ أَسْلِمْ ۙ البقرۃ/۱۶	جب اس کے رب نے اسے کہا فرماں بردار رہ ۲/۱۳۱
(۲) يَا إِبْرَاهِيمُ أَعْرِضْ عَنْ هَٰذَا ۝ هود/۷	اے ابراہیمؑ یہ خیال چھوڑ دے ۱۱/۷۶
(۳) وَطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّائِفِينَ وَالْقَائِمِينَ وَالرُّكَّعِ السُّجُودِ ۝ الحج/۴	اور میرے گھر کو طواف کرنے والوں اور قیام کرنے والوں اور رکوع (اور) سجدہ کرنے والوں کے لئے پاک کر ۲۲/۲۶

(فصل ۹) وہ نواہی جن میں حضرت ابراہیمؑ کو مخاطب کیا گیا

آیت	ترجمہ
(۱) قَالُوا لَا تَخَفْ ۔ هود/۷ الذاریات/۲	انھوں نے کہا نہ ڈر ۱۱/۷۰ ۵۱/۲۸
(۲) فَلَا تَكُن مِّنَ الْقَانِطِينَ ۝ الحجر/۴	پس تو ناامیدوں میں سے نہ ہو ۱۵/۵۵
(۳) وَإِذْ بَوَّأْنَا لِإِبْرَاهِيمَ مَكَانَ الْبَيْتِ أَن لَّا تُشْرِكْ بِي شَيْئًا الحج/۴	اور جب ہم نے ابراہیمؑ کے لئے گھر (کعبہ) کی جگہ مقرر کردی کہ میرے ساتھ کسی کو شریک نہ کر ۲۲/۲۶

(فصل ۱۰) وہ امر جس میں حضرت ابراہیمؑ نے اپنے بیٹے کو مخاطب کیا

(۱) قَالَ يٰبُنَيَّ اِنِّيْٓ اَرٰى فِي الْمَنَامِ اَنِّيْٓ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى ۭ قَالَ يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۡ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَاۗءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ (الصّٰفّٰت)

اس نے کہا اے میرے بیٹے میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میں تجھ ذبح کرتا ہوں تو دیکھ تیری کیا رائے ہے اس نے کہا اے میرے باپ جو کچھ تجھے حکم دیا جاتا ہو کر تو مجھے اگر اللہ چاہے صبر کرنے والوں میں سے پائے گا ۳۷/۱۰۲

(فصل ۱۱) وہ امر جس میں حضرت ابراہیمؑ کے متعلق آگ کو مخاطب کیا گیا

(۱) قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓي اِبْرٰهِيْمَ (الانبیاء)

ہم نے کہا اے آگ ابراہیمؑ پر ٹھنڈک اور سلامتی ہو جا

(فصل ۱۲) وہ وصیت جس میں حضرت ابراہیمؑ اور حضرت یعقوبؑ نے اپنے بیٹوں کو مخاطب کیا

(۱) يٰبَنِيَّ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّيْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝ البقرۃ ۱۶

اے میرے بیٹوں اللہ نے یہ دین تمہارے لئے چن لیا ہے پس نہ مرنا مگر اس حالت میں کہ تم فرماں بردار ہو ۲/۱۳۲

(فصل ۱۳) وہ اوامر جن میں حضرت لوطؑ کو مخاطب کیا گیا

(۱) فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ ... وَامْضُوْا حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ ۝ الحجر ہود

سو اپنے اہل کو کچھ رات سے لیکر چلا جا اور خود ان کے پیچھے چل۔ اور چلے جاؤ جہاں تمہیں حکم دیا گیا ہے ۱۵/۶۵

(فصل ۱۴) وہ نواہی جن میں حضرت لوطؑ کو مخاطب کیا گیا

(۱) وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ ہود الحجر

اور تم میں سے کوئی شخص پیچھے مڑ کر نہ دیکھے

(۲) وَقَالُوا لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ | العنکبوت ۴ | اور انھوں نے کہا ڈر نہیں اور نہ غم کر ۲۹/۳۳

(فصل ۱۵) وہ نہی جس میں حضرت یعقوبؑ نے اپنے بیٹے حضرت یوسف علیہ السلام کو مخاطب کیا

(۱) قَالَ يٰبُنَيَّ لَا تَقْصُصْ رُءْيَاكَ عَلٰٓى اِخْوَتِكَ فَيَكِيْدُوْا لَكَ كَيْدًا | یوسف ۱ | اس نے کہا اے میرے بیٹے! اپنا خواب اپنے بھائیوں سے بیان نہ کرنا ورنہ وہ تیرے کوئی مخفی تدبیر کریں گے ۱۲/۵

(فصل ۱۶) وہ امر جس میں گھر کے مالک نے حضرت یوسف علیہ السلام کو مخاطب کیا

(۱) یُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا | یوسف ۳ | یوسف! اس سے درگذر کر ۱۲/۲۹

(فصل ۱۷) وہ امر جس میں گھر کے مالک نے اپنی بیوی کو مخاطب کیا

(۱) وَاسْتَغْفِرِیْ لِذَنْبِكِ اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ | یوسف ۳ | اور (اے عورت) اپنے قصور کی معافی مانگ کیونکہ تو خطاکاروں میں ہو ۱۲/۲۹

(فصل ۱۸) وہ نہی جس میں حضرت یوسفؑ نے اپنے قید خانہ کے دو ساتھیوں کو مخاطب کیا

(۱) اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ | یوسف ۵ | اس نے حکم دیا ہے کہ اس کے سوائے کسی کی عبادت نہ کرو ۱۲/۴۰

(فصل ۱۹) وہ امر جن میں حضرت یعقوبؑ نے اپنے بیٹوں کو مخاطب کیا

(۱) وَادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ | یوسف ۸ | اور الگ الگ دروازوں سے داخل ہونا

(١) يٰبَنِيَّ اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ يوسف ١٠	اے میرے بیٹو! جاؤ یوسف اور اس کے بھائی کا پتا لگاؤ ١٢/٨٧

(فصل ٢٠) وہ نواہی جن میں حضرت یعقوبؑ نے اپنے بیٹوں کو مخاطب کیا

(١) يٰبَنِيَّ لَا تَدْخُلُوْا مِنْۢ بَابٍ وَّاحِدٍ يوسف ٨	اے میرے بیٹو! ایک دروازے سے داخل نہ ہونا ١٢/٦٧
(٢) وَلَا تَايْـَٔسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ لَا	اور اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہو کیونکہ اللہ کی رحمت سے سوائے
يَايْـَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ يوسف ١٠	کافر لوگوں کے اور کوئی مایوس نہیں ہوتا ١٢/٨٧

(فصل ٢١) وہ اوامر جن میں حضرت یوسفؑ نے اپنے بھائیوں کو مخاطب کیا

(١) قَالَ ائْتُوْنِيْ بِاَخٍ لَّكُمْ مِّنْ اَبِيْكُمْ يوسف ٨	کہا اپنے اس بھائی کو بھی میرے پاس لاؤ جو تمہارے باپ سے ہے ١٢/٥٩
(٢) اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰي وَجْهِ	یہ میری قمیص لے جاؤ اور اسے میرے باپ کے سامنے ڈال دو
اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا ۚ وَاْتُوْنِيْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ يوسف ١٠	تاکہ وہ یقین کر کے آجائے اور اپنا سب کنبہ میرے پاس لے آؤ ١٢/٩٢

(فصل ٢٢) وہ نواہی جن میں حضرت یوسفؑ نے اپنے بھائیوں کو مخاطب کیا

(١) فَاِنْ لَّمْ تَاْتُوْنِيْ بِهٖ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ عِنْدِيْ	لیکن اگر تم اسے میرے پاس نہ لائے تو تمہیں میرے پاس
وَلَا تَقْرَبُوْنِ يوسف ٨	سے (غلہ کا) ناپ نہ ملے گا اور نہ میرے پاس آنا ١٢/٦٠

(۲) قَالَ لَا تَثْرِيبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ	یوسف ۱۰	کہا آج تم پر کچھ الزام نہیں ۱۲/۹۲

(فصل ۲۳) وہ امر جس میں حضرت یوسفؑ نے اپنے ماں باپ اور بھائیوں کو مخاطب کیا

(۱) فَلَمَّا دَخَلُوا عَلَىٰ يُوسُفَ آوَىٰ إِلَيْهِ أَبَوَيْهِ	پھر جب وہ یوسفؑ کے پاس آئے تو اس نے اپنے والدین کو
وَقَالَ ادْخُلُوا مِصْرَ إِن شَاءَ اللَّهُ آمِنِينَ ۹۹	اپنے پاس جگہ دی اور کہا مصر میں خدا چاہے تو امن سے داخل ہو جاؤ

(فصل ۲۴) وہ اوامر جن میں حضرت موسیٰؑ کے متعلق ان کی والدہ محترمہ کو مخاطب کیا گیا

(۱) إِذْ أَوْحَيْنَا إِلَىٰ أُمِّكَ مَا يُوحَىٰ ۝	جب ہم نے تیری ماں کی طرف وحی کی جو اب وحی کی جاتی
أَنِ اقْذِفِيهِ فِي التَّابُوتِ فَاقْذِفِيهِ	ہے کہ اسے صندوق میں رکھ دے پھر اس (صندوق) کو دریا
فِي الْيَمِّ فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ	میں ڈال دے تو دریا اسے کنارے پر ڈال دے گا تاکہ
يَأْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّي وَعَدُوٌّ لَّهُ ۚ طٰهٰ ۲	میرا ایک دشمن اور اس کا دشمن اسے لے ۳/۳۹و۳۸
(۲) وَأَوْحَيْنَا إِلَىٰ أُمِّ مُوسَىٰ أَنْ أَرْضِعِيهِ	اور موسیٰؑ کی ماں کی طرف ہم نے وحی کی کہ اسے دودھ پلا پھر
فَإِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَأَلْقِيهِ فِي الْيَمِّ القصص ۱	جب اس کے متعلق تجھے خوف ہو تو اسے دریا میں ڈال دے ۲۸/۷

(فصل ۲۵) وہ نواہی جن میں حضرت موسیٰؑ کے متعلق ان کی والدہ محترمہ کو مخاطب کیا گیا

(۱) وَلَا تَخَافِي وَلَا تَحْزَنِي ۝ إِنَّا رَادُّوهُ إِلَيْكِ اور نہ ڈرنا اور نہ غم کرنا ہم اسے تیری طرف واپس لائیں گے

وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ القصص ۱	اور اسے رسولوں میں سے بنائیں گے	۲۸/۷

(فصل ۲۶) وہ امر جس میں حضرت موسیٰ کے متعلق ان کی والدہ مکرمہ نے انکی بہن کو مخاطب کیا

(۱) وَقَالَتْ لِاُخْتِهٖ قُصِّيْهِ فَبَصُرَتْ بِهٖ عَنْ جُنُبٍ وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝	اور (موسیٰ کی ماں نے) اس کی بہن سے کہا اس کے پیچھے پیچھے جا سو وہ اُسے دور سے دیکھتی رہی اور انھوں نے معلوم نہ کیا	۲۸/۱۱

(فصل ۲۷) وہ نہی جس میں حضرت موسیٰ کے متعلق فرعون کی بیوی نے اپنے خاوند کو مخاطب کیا

(۱) وَقَالَتِ امْرَاَتُ فِرْعَوْنَ قُرَّتُ عَيْنٍ لِّيْ وَلَكَ لَا تَقْتُلُوْهُ القصص ۱	اور فرعون کی عورت نے کہا میرے لئے اور تیرے لئے آنکھ کی ٹھنڈک ہے اسے قتل نہ کرو	۲۸/۹

(فصل ۲۸) وہ امر جس میں ایک ہمدرد نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو مخاطب کیا

(۱) وَجَاءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى قَالَ يٰمُوْسٰى اِنَّ الْمَلَاَ يَاْتَمِرُوْنَ بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ اِنِّيْ لَكَ مِنَ النّٰصِحِيْنَ ۝ القصص	اور شہر کی پرلی طرف ایک شخص دوڑتا ہوا آیا اس نے کہا اے موسیٰ بڑے بڑے لوگ تیرے متعلق مشورہ کر رہے ہیں کہ تجھے قتل کر دیں سو تو نکل جا میں تیرے خیر خواہوں میں سے ہوں	۲۸/۲۰

(فصل ۲۹) وہ نہی جس میں حضرت شعیبؑ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو مخاطب کیا

(۱) قَالَ لَا تَخَفْ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ؀ القصص / ۳۵	اس نے کہا ڈر نہیں تو ظالم لوگوں سے بچ گیا	۲۸ / ۲۵

(فصل ۳۰) وہ اوامر جن میں حضرت موسیٰ نے اپنے گھر والوں کو مخاطب کیا۔

(۱) اِذْ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّیْٓ	جب اُسے آگ دکھائی دی تو اپنے گھر والوں سے کہا ٹھہر	
اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّیْٓ اٰتِیْكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ اَوْ اَجِدُ	جاؤ میں نے آگ دیکھی ہے شاید میں تمہارے پاس اس سے	
عَلَى النَّارِ هُدًى ؀ طٰه / ۱ القصص / ۴	سو (ایک) شعلہ لاؤں یا (وہی) آگ پر رستہ پاؤں	۲۰ / ۱۰ ۲۸ / ۲۹

(فصل ۳۱) وہ اوامر جن میں حضرت موسیٰ علیہ السّلام کو مخاطب کیا گیا

(۱) وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ	اور جب موسیٰؑ نے اپنی قوم کے لئے پانی مانگا تو ہم نے کہا اپنا	
بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ	عصا چٹان پر مار پس اس سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے	
عَيْنًا ؀ البقرۃ / ۲۰ الاعراف / ۷		۲ / ۶۰ - ۷ / ۱۶۰
(۲) انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ	پہاڑ کی طرف دیکھ اگر یہ اپنی جگہ کھڑا رہ گیا تو تو مجھے بھی	
تَرٰىنِیْ الاعراف / ۱۷	دیکھ لے گا	۷ / ۱۴۳
(۳) فَخُذْ مَآ اٰتَيْتُكَ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ	سو جو میں نے تجھے دیا ہے وہ لے اور شکر کرنیوالوں میں سے ہو	۷ / ۱۴۴

(۴) فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ وَّأْمُرْ قَوْمَكَ يَأْخُذُوْا بِأَحْسَنِهَا — سو اس کو مضبوطی سے پکڑ اور اپنی قوم کو حکم دے کہ اس کی بہترین باتیں پکڑیں

(۵) وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ أَنْ أَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ إِلَى النُّوْرِ وَذَكِّرْهُمْ بِأَيّٰمِ اللّٰهِ — ابراهیم ۱

اور ہم نے موسیٰ کو اپنی آیتوں کے ساتھ بھیجا کہ اپنی قوم کو اندھیرے سے روشنی کی طرف نکال لا اور ان کو اللہ کی نعمتوں کے دن یاد دلا — ۱۴/۵

(۶) إِنِّيْٓ أَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ — طٰه ۱

میں تیرا رب ہوں سو تو اپنی جوتیاں اتار دے — ۲۰/۱۲

(۷) وَأَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰى — طٰه ۱

اور میں نے تجھے چن لیا سو اسے سن جو وحی کی جاتی ہے — ۲۰/۱۳

(۸) فَاعْبُدْنِيْ وَأَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ

سو میری عبادت کر اور میرے ذکر کے لئے نماز قایم کر — ۲۰/۱۴

(۹) قَالَ أَلْقِهَا يٰمُوْسٰى ۝ فَأَلْقٰهَا فَإِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى ۝ قَالَ خُذْهَا — طٰه ۱، القصص ۳

کہا اے موسیٰ اسے ڈال دے سو اسے ڈال دیا تو کیا دیکھا کہ وہ سانپ ہے (جو) دوڑ رہا ہے کہا اسے پکڑ لے — ۲۰/۱۹، ۲۱

(۱۰) وَاضْمُمْ يَدَكَ إِلٰى جَنَاحِكَ — طٰه، النّٰزعٰت

اپنا ہاتھ اپنے پہلو سے لگا — ۲۰/۲۲ - ۲۸/۳۲

(۱۱) إِذْهَبْ إِلٰى فِرْعَوْنَ إِنَّهٗ طَغٰى ۝ — طٰه ۱

فرعون کی طرف جا کہ وہ حد سے نکل گیا — ۲۰/۲۴ - ۷۹/۱۷

(۱۲) وَلَقَدْ أَوْحَيْنَآ إِلٰى مُوْسٰى ۝ أَنْ أَسْرِ بِعِبَادِيْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا — طٰه

اور ہم نے موسیٰ کی طرف وحی بھیجی کہ میرے بندوں کو راتوں رات لے جا پھر انہیں سمندر میں خشک رستہ پر جلد لے جا — ۲۰/۷۷

(۱۳) وَاِذْ نَادٰی رَبُّكَ مُوْسٰۤی اَنِ ائْتِ الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ (الشعراء ۲)	اور جب تیرے رب نے موسٰیؑ کو پکارا کہ ظالم قوم کے پاس جا ۲۶/۱۰
(۱۴) وَاَوْحَیْنَآ اِلٰی مُوْسٰۤی اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِیْۤ اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ (الشعراء ۴، الدخان ۱)	اور ہم نے موسٰیؑ کی طرف وحی کی کہ راتوں رات میرے بندوں کو لے جا کیونکہ تمہارا پیچھا کیا جائے گا۔ ۲۶/۵۲ ۴۴/۲۳
(۱۵) فَاَوْحَیْنَآ اِلٰی مُوْسٰۤی اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ (الشعراء ۴)	سو ہم نے موسٰیؑ کی طرف وحی کی کہ اپنے عصا سے سمندر کو مار ۲۶/۶۳
(۱۶) وَاَلْقِ عَصَاكَ فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰی مُدْبِرًا وَّلَمْ یُعَقِّبْ (النمل ۱، القصص ۴)	اور اپنا عصا ڈال دے سو جب اُسے ہلتا ہوا دیکھا گویا وہ چھوٹا سانپ ہے پیٹھ پھیر کر الٹا بھاگا اور مڑ کر نہ دیکھا ۲۷/۱۰ ۲۸/۳۱
(۱۷) وَاَدْخِلْ یَدَكَ فِیْ جَیْبِكَ تَخْرُجْ بَیْضَآءَ مِنْ غَیْرِ سُوْٓءٍ (النمل ۱، القصص ۴)	اور اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں ڈال بغیر کسی روگ کے سفید نکلے گا ۲۷/۱۲ ۔ ۲۸/۳۲
(۱۸) وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا اِنَّهُمْ جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ (الدخان ۱)	اور دریا کو ساکن چھوڑ دے یہ ایک لشکر ہے جو غرق کیے جائیں گے ۴۴/۲۴
(۱۹) یٰمُوْسٰۤی اَقْبِلْ (القصص ۴)	اے موسٰیؑ آگے آ ۲۸/۳۱

(فصل ۳۲) وہ نواہی جن میں حضرت موسٰی علیہ السلام کو مخاطب کیا گیا

(۱) فَلَا تَاْسَ عَلَی الْقَوْمِ الْفٰسِقِیْنَ (المائدہ ۴)	سو تو ان نافرمان لوگوں پر افسوس نہ کر

(۲) فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهَا طٰهٰ ۱ | تجھے اس سے وہ شخص نہ روکے جو اس پر ایمان نہیں لاتا ۱۶/۲۰

(۳) وَلَا تَخَفْ سَنُعِيدُهَا سِيرَتَهَا الْأُولٰى طٰهٰ ۱ | اور ڈر نہیں ہم اسے اسکی پہلی حالت پر لوٹا دینگے ۲۱/۲۰

(۴) لَا تَخَافُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى طٰهٰ ۴ | نہ تجھے پکڑے جانے کا خوف ہے اور نہ تو (غرق ہونے سے) ڈرے ۷۷/۲۰

(۵) يٰمُوسٰى لَا تَخَفْ إِنِّي لَا يَخَافُ لَدَيَّ الْمُرْسَلُونَ النمل ۱ | اے موسیٰ ڈر نہیں میرے یہاں رسولوں کو کوئی خوف نہیں ۱۰/۲۷

(۶) لَا تَخَفْ إِنَّكَ مِنَ الْآمِنِينَ القصص ۴ | اور ڈر نہیں تو امن پانے والوں میں سے ہے ۳۱/۲۸

(فصل ۳۳) وہ نہی جس میں حضرت خضر علیہ السلام نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو مخاطب کیا

(۱) فَلَا تَسْأَلْنِي عَنْ شَيْءٍ حَتّٰى أُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا الکہف ۹ | تو مجھ سے کسی بات کا سوال نہ کرنا یہاں تک کہ میں خود تجھ سے اس کا ذکر کروں ۷۰/۱۸

(فصل ۳۴) وہ اوامر جن میں حضرت موسیٰؑ اور حضرت ہارونؑ دونوں کو مخاطب کیا گیا

(۱) وَأَوْحَيْنَا إِلٰى مُوسٰى وَأَخِيهِ أَنْ تَبَوَّآ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوتًا وَّاجْعَلُوا بُيُوتَكُمْ قِبْلَةً وَّأَقِيمُوا الصَّلٰوةَ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ ۝ یونس ۹ | اور ہم نے موسیٰؑ اور اس کے بھائی کی طرف وحی کی کہ اپنی قوم کے لئے مصر میں گھر بناؤ اور اپنے گھروں کو قبلہ رخ بناؤ اور نماز قائم کرو اور مومنوں کو خوشخبری دے ۸۷/۱۰

(۲) قَالَ قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيْمَا یونس ۹ | فرمایا تم دونوں کی دعا قبول ہوئی سو تم دونوں ثابت قدم رہو ۷/۸۹

(۳) اِذْهَبْ اَنْتَ وَاَخُوْكَ بِاٰيٰتِيْ طٰهٰ ۲ | تو اور تیرا بھائی آیتوں کے ساتھ جاؤ ۲۰/۴۲

(۴) اِذْهَبَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ۝ فَقُوْلَا | دونوں فرعون کی طرف جاؤ کہ وہ حد سے نکل گیا ہے سو

لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰى ۝ طٰهٰ ۲ | اسے نرم بات کہو شاید وہ نصیحت پکڑے یا ڈرے ۲۰/۴۴،۴۳

(۵) فَاْتِيٰهُ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ " | سو اس کے پاس جاؤ اور کہو ہم تیرے رب کے دو رسول ہیں ۲۰/۴۷

(۶) فَقُلْنَا اذْهَبَآ اِلَى الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا الفرقان ۴ | سو ہم نے کہا اس قوم کیطرف جاؤ جو ہماری باتوں کو جھٹلاتی ہیں ۲۵/۳۶

(۷) فَاذْهَبَا بِاٰيٰتِنَآ اِنَّا مَعَكُمْ مُّسْتَمِعُوْنَ ۝ الشعراء ۲ | سو دونوں ہمارے نشانوں کے ساتھ جاؤ ہم تمہارے ساتھ سننے والے ہیں

(۸) فَاْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ " | سو فرعون کے پاس دونوں جاؤ اور کہو ہم جہانوں کے رب کے بھیجے ہوئے ہیں ۲۶/۱۶،۱۵

فصل ۵ (س) وہ نواہی جن میں حضرت موسیٰؑ اور حضرت ہارون علیہ السلام کو مخاطب کیا گیا

(۱) وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ یونس ۹ | اور ان لوگوں کے رستہ کی پیروی نہ کرو جو علم نہیں رکھتے ۱۰/۸۹

(۲) وَلَا تَنِيَا فِيْ ذِكْرِيْ طٰهٰ ۲ | اور میرے ذکر میں سستی نہ کرنا ۲۰/۴۲

(۳) قَالَ لَا تَخَافَا إِنَّنِي مَعَكُمَا أَسْمَعُ وَأَرَىٰ ۝ (طٰهٰ ۲)	کہا مت ڈرو میں تمہارے ساتھ ہوں سنتا ہوں اور دیکھتا ہوں (۲۰/۴۶)

(فصل ۳۶) وہ امر جس میں حضرت موسیٰؑ نے اپنے بھائی حضرت ہارونؑ کو مخاطب کیا

(۱) وَقَالَ مُوسَىٰ لِأَخِيهِ هَارُونَ اخْلُفْنِي فِي قَوْمِي وَأَصْلِحْ (الاعراف ۱۷)	اور موسیٰ نے اپنے بھائی ہارون سے کہا میری قوم میں میری جگہ کام کر اور اصلاح کرنا (۷/۱۴۲)

(فصل ۳۷) وہ نہی جس میں حضرت موسیٰؑ نے اپنے بھائی حضرت ہارونؑ کو مخاطب کیا

(۱) وَلَا تَتَّبِعْ سَبِيلَ الْمُفْسِدِينَ (الاعراف ۱۷)	اور فساد کرنے والوں کی راہ کی پیروی نہ کرنا (۷/۱۴۲)

(فصل ۳۸) وہ نواہی جن میں حضرت ہارونؑ نے اپنے بھائی حضرت موسیٰؑ کو مخاطب کیا

(۱) فَلَا تُشْمِتْ بِيَ الْأَعْدَاءَ وَلَا تَجْعَلْنِي مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۝ (الاعراف ۱۸)	سو دشمنوں کو مجھ پر مت ہنسا اور مجھے ظالم لوگوں کے ساتھ نہ ملا (۷/۱۵۰)
(۲) لَا تَأْخُذْ بِلِحْيَتِي وَلَا بِرَأْسِي (طٰهٰ ۵)	میری ڈاڑھی اور میرا سر نہ پکڑ (۲۰/۹۴)

(فصل ۳۹) وہ اوامر جن میں حضرت موسیٰؑ اور حضرت ہارونؑ نے فرعون کو مخاطب کیا

(۱) فَأَرْسِلْ مَعِيَ بَنِي إِسْرَائِيلَ ۝ (الاعراف ۱۳)	سو بنی اسرائیل کو میرے ساتھ بھیج دے (۷/۱۰۵)

(۲) أَنْ أَدُّوا إِلَيَّ عِبَادَ اللَّهِ ط الدخان ۱	کہ اللہ کے بندوں کو میرے سپرد کردو
(۳) وَإِنْ لَمْ تُؤْمِنُوا لِي فَاعْتَزِلُونِ ٥	اور اگر تم مجھ پر ایمان نہیں لاتے تو مجھ سے الگ ہو جاؤ ۴۴/۲۱
(۴) فَأَرْسِلْ مَعَنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ ۲ طٰہٰ ۲ الشعراء	سو بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ بھیج دے ۲۰/۲۴ ۲۶/۱۲

(فصل ۴۰) وہ نواہی جن میں حضرت موسیٰؑ اور حضرت ہارونؑ نے فرعون کو مخاطب کیا

(۱) وَلَا تُعَذِّبْهُمْ قَدْ جِئْنَاكَ بِآيَةٍ مِنْ رَبِّكَ ط طٰہٰ ۲	اور انھیں دکھ نہ دے ہم تیرے رب کی طرف سے تیرے پاس ایک نشان لائے ہیں
(۲) لَا تَفْتَرُوا عَلَى اللَّهِ كَذِبًا طٰہٰ ۳	اللہ پر جھوٹ نہ بناؤ
(۳) وَأَنْ لَا تَعْلُوا عَلَى اللَّهِ الدخان ۱	اور اللہ کے مقابل سرکشی نہ اختیار کرو

(فصل ۴۱) وہ اوامر جن میں حضرت موسیٰؑ نے جادوگروں کو مخاطب کیا

(۱) قَالَ أَلْقُوا فَلَمَّا أَلْقَوْا سَحَرُوا أَعْيُنَ	کہا ڈالو سو جب انھوں نے ڈالا لوگوں کی آنکھوں کو
النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوهُمْ الاعراف ۱۴ طٰہٰ ۳	دھوکا دیا اور ان کو ڈرایا
(۲) قَالَ لَهُمْ مُوسَى أَلْقُوا مَا أَنْتُمْ مُلْقُونَ ٥ یونس الشعراء ۳	موسیٰ نے انھیں کہا ڈالو جو تم ڈالتے ہو

(فصل ۴۲) وہ اوامر جن میں حضرت موسیٰؑ کو جادوگروں کے مقابلہ پر مخاطب کیا گیا

(۱) وَاَوْحَیْنَآ اِلٰی مُوْسٰۤی اَنْ اَلْقِ عَصَاکَ فَاِذَا هِیَ تَلْقَفُ مَا یَاْفِکُوْنَ ۝ الاعراف ۱۴	اور ہم نے موسیٰؑ کی طرف وحی کی کہ تو اپنا سونٹا ڈال پس وہ فوراً اسے نگل گیا جو وہ جھوٹ بناتے تھے
(۲) وَاَلْقِ مَا فِیْ یَمِیْنِکَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ط طٰہٰ ۳	اور جو تیرے دائیں ہاتھ میں ہے ڈال دے کہ جو انھوں نے بنایا اسے نگل جائے ۲۰/۶۹

(فصل ۴۳) وہ نہی جس میں حضرت موسیٰؑ کو جادوگروں کے مقابلہ پر مخاطب کیا گیا

(۱) قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّکَ اَنْتَ الْاَعْلٰی ۝ طٰہٰ ۳	ہم نے کہا ڈر نہیں تو ہی غالب ہے

(فصل ۴۴) اے موسیٰؑ فرعون سے کہدے

(۱) فَقُلْ هَلْ لَّکَ اِلٰۤی اَنْ تَزَکّٰی ۝ وَاَهْدِیَکَ اِلٰی رَبِّکَ فَتَخْشٰی ۝ النّٰزعٰت ۱	اور کہہ کہ کیا تو چاہتا ہے کہ تو پاک ہو؟ اور میں تجھے تیرے رب کی طرف رستہ دکھاؤں سو تو ڈرے ۷۹/۱۸،۱۹

(فصل ۴۵) وہ امر جس میں ایک ایماندار نے فرعون کی قوم کو مخاطب کیا۔

(۱) وَقَالَ الَّذِیْۤ اٰمَنَ یٰقَوْمِ اتَّبِعُوْنِ اَهْدِکُمْ	اور جو ایمان لایا تھا اس نے کہا اے میری قوم میری پیروی کرو

سَبِیْلَ الرَّشَادِ ۝	المؤمن ۵	تاکہ میں تمھیں بھلائی کا رستہ دکھاؤں	۴۰/۳۸

(فصل ۴۶) وہ اوامر جن میں حضرت صالح علیہ السلام کو مخاطب کیا گیا

(۱) فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ ۝ وَنَبِّئْهُمْ اَنَّ الْمَآءَ قِسْمَةٌۢ بَیْنَهُمْ كُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ ۝	القمر ۲	سو انھیں دیکھتا رہ اور صبر کر اور انھیں خبر دے کہ پانی ان کے درمیان تقسیم ہوا ہوا ہے ہر پینے کی باری پر حاضر ہو گی	۵۴/ ۲۸،۲۷

(فصل ۴۷) وہ اوامر جن میں حضرت ایوب علیہ السلام کو مخاطب کیا گیا

(۱) اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ هٰذَا مُغْتَسَلٌۢ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ ۝	ص ۴	اپنی ایڑی لگا، یہ چل یہ ٹھنڈا (پانی) نہانے اور پینے کو ہے
(۲) وَخُذْ بِیَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِّهٖ		اور اپنے ہاتھ میں جھاڑو لے اور اس سے مار

(فصل ۴۸) وہ نہی جس میں حضرت ایوب علیہ السلام کو مخاطب کیا گیا

(۱) وَلَا تَحْنَثْ ۝	ص ۴	اور قسم نہ توڑ

(فصل ۴۹) وہ امر جس میں حضرت لقمانؑ کو مخاطب کیا گیا

(۱) وَلَقَدْ اٰتَیْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ	لقمٰن ۲	اور ہم نے لقمانؑ کو حکمت عطا کی کہ اللہ کا شکر کر

(فصل ۵۰) وہ اوامر جن میں حضرت لقمانؑ نے اپنے بیٹے کو مخاطب کیا

آیت	ترجمہ
(۱) يٰبُنَيَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَآ اَصَابَكَ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ۔ لقمٰن ۲	اے میرے بیٹے نماز کو قایم کر اور نیکی کا حکم دے اور بُری سے روک اور جو تکلیف تجھے پہونچے اس پر صبر کر یہ ہمت کے کاموں میں سے ہے ۳۱/۱۷
(۲) وَاقْصِدْ فِيْ مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ۭ لقمٰن ۲	اور اپنی چال میں میانہ روی اختیار کر اور اپنی آواز کو نیچا رکھ ۳۱/۱۹

(فصل ۵۱) وہ نواہی جن میں حضرت لقمانؑ نے اپنے بیٹے کو مخاطب کیا

آیت	ترجمہ
(۱) يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ۔ لقمٰن ۲	اے میرے بیٹے اللہ کے ساتھ شرک نہ کرنا ۳۱/۱۳
(۲) وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا ۭ ″	اور لوگوں سے بے رخی نہ کر اور نہ زمین میں اکڑتا ہوا چل ۳۱/۱۸

(فصل ۵۲) وہ اوامر جن میں پہاڑوں اور حضرت داؤد علیہ السلام کو مخاطب کیا گیا

آیت	ترجمہ
(۱) وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ۭ يٰجِبَالُ	اور داؤد کو ہم نے اپنی طرف سے بزرگی دی اے پہاڑو!

اَوِّبِي مَعَهٗ وَالطَّيْرَ وَاَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ ۝ اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ فِي السَّرْدِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ۝ السباء ۲

اس کے ساتھ تسبیح کرو اور پرندوں کو (ان کے کام میں لگایا) اور ہم نے اس کے لئے لوہے کو نرم کر دیا کہ فراخ زرہیں بنا اور (ان کے) بنانے میں اندازہ لگا رکھ اور اچھے عمل کرو ۳۴/۱۰-۱۱

(۲) يٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِيْفَةً فِي الْاَرْضِ فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ ص ۲

اے داؤد ہم نے تجھے زمین میں حاکم بنایا ہے سو لوگوں کے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کر ۳۸/۲۶

(فصل ۵۳) وہ نہی جس میں حضرت داؤد علیہ السلام کو مخاطب کیا گیا

(۱) وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى فَيُضِلَّكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ص ۲

اور خواہشات کی پیروی نہ کرو ورنہ وہ تجھے اللہ کی راہ سے بہکا دیگی ۳۸/۲۶

(فصل ۵۴) وہ امر جن میں دو شخصوں نے حضرت داؤدؑ کو مخاطب کیا

(۱) فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ ... وَاهْدِنَآ اِلٰى سَوَآءِ الصِّرَاطِ ۝ ص ۲

سو ہمارے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کر ... اور ہمیں سیدھے رستہ کی طرف ہدایت کر ۳۸/۲۲

(فصل ۵۵) وہ نواہی جن میں دو شخصوں نے حضرت داؤدؑ کو مخاطب کیا

(۱) قَالُوْا لَا تَخَفْ ... وَلَا تُشْطِطْ ص ۲

انھوں نے کہا ڈرو نہیں ... اور نا انصافی نہ کر ۳۸/۲۲

(فصل ۵۶) وہ اوامر جن میں حضرت سلیمان علیہ السلام کو مخاطب کیا گیا

(۱) هٰذَا عَطَاۤؤُنَا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝	ص ۳	یہ ہماری عطا بے حساب ہے سو احسان کر یا روک رکھ

(فصل ۵۷) وہ اوامر جن میں حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنے ایلچی کو مخاطب کیا

(۱) اِذْهَبْ بِّكِتٰبِيْ هٰذَا فَاَلْقِهْ اِلَيْهِمْ ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانْظُرْ مَاذَا يَرْجِعُوْنَ ۝	النمل ۲	یہ میرا خط لے جا سو یہ انھیں دے دے پھر ان سے ہٹ آ اور انتظار کر کہ وہ کیا (جواب) دیتے ہیں

(فصل ۵۸) وہ اوامر جن میں حضرت سلیمانؑ نے ملکہ سبا کو مخاطب کیا

(۱) وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ۝	النمل ۲	اور فرماں بردار ہوکر میرے پاس آجاؤ
(۲) قِيْلَ لَهَا ادْخُلِي الصَّرْحَ	النمل ۳	اسے کہا گیا محل میں داخل ہوجا

(فصل ۵۹) وہ نہی جس میں حضرت سلیمانؑ نے ملکہ سبا کو مخاطب کیا

(۱) اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ	النمل ۲	کہ میرے خلاف سرکشی نہ کرو

(فصل ۶۰) وہ امر جس میں حضرت زکریا علیہ السلام کو مخاطب کیا گیا

(۱) وَاذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِيرًا وَّسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ ۔ آل عمران ۴	اور اپنے رب کو بہت یاد کر اور شام اور صبح تسبیح کر ۳/۴۰

(فصل ۶۱) وہ نہی جس میں حضرت زکریا علیہ السلام کو مخاطب کیا گیا

(۱) اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ اِلَّا رَمْزًا ۔ آل عمران ۴ / مریم ۱	کہ تین دن سوائے اشارہ کے لوگوں سے بات نہ کرے ۳/۴۱ ۔ ۱۹/۱۰

(فصل ۶۲) وہ امر جس میں حضرت یحییٰ علیہ السلام کو مخاطب کیا گیا

(۱) يٰيَحْيٰى خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ۔ مریم ۱	اے یحییٰ کتاب کو مضبوطی سے پکڑ ۱۹/۱۲

(فصل ۶۳) وہ امر جن میں حضرت مریم علیہا السلام کو مخاطب کیا گیا

(۱) يٰمَرْيَمُ اقْنُتِيْ لِرَبِّكِ وَاسْجُدِيْ وَارْكَعِيْ مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ۔ آل عمران ۵	اے مریم اپنے رب کی فرماں برداری کر اور سجدہ کر اور جھک جانے والوں کے ساتھ جھک جا ۳/۴۲
(۲) وَهُزِّيْٓ اِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسٰقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا ۔ فَكُلِيْ وَاشْرَبِيْ وَقَرِّيْ عَيْنًا ۔ مریم ۲	اور کھجور کے تنے کو اپنی طرف ہلا تجھ پر تازہ پکی کھجوریں جھڑ پڑیں گی سو کھا اور پی اور آنکھیں ٹھنڈی کر

(فصل ۶۴) وہ نہی جس میں حضرت مریمؑ کو مخاطب کیا گیا

(۱) اَلَّا تَحْزَنِیْ قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِیًّا ؕ مریم ۲	غم نہ کر تیرے رب نے تیرے نیچے ایک چشمہ (رہا) رکھا ہے ۱۹/۲۴

(فصل ۶۵) وہ اوامر جن میں حضرت عیسیٰؑ کو مخاطب کیا گیا

(۱) اُذْكُرْ نِعْمَتِیْ عَلَیْكَ وَعَلٰى وَالِدَتِكَ ۚ المائدہ ۱۵	میری نعمت کو یاد کر (جو میں نے) تجھ پر اور تیری ماں پر کی ۵/۱۱۰
(۲) وَاَوْصٰنِیْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَیًّا ؕ مریم ۲	اور مجھے نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیا ہو جب تک میں زندہ رہوں ۱۹/۳۱

(فصل ۶۶) وہ امر جس میں حضرت عیسیٰؑ کے حواریوں کو مخاطب کیا گیا

(۱) اَنْ اٰمِنُوْا بِیْ وَبِرَسُوْلِیْ المائدہ ۱۵	کہ مجھ پر اور میرے رسول پر ایمان لاؤ ۵/۱۱۱

(فصل ۶۷) وہ امر جس میں حضرت عیسیٰؑ نے اپنے حواریوں کو مخاطب کیا

(۱) اِتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ۝ المائدہ ۱۵	اللہ کا تقویٰ کرو اگر تم مومن ہو ۵/۱۱۲

(باب ۱۱) وہ اوامر جن میں انبیاء علیہم السلام کو مخاطب کیا گیا

(فصل ۱) اللہ کی عبادت کرو

(۱) لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا فَاعْبُدُوْنِ ۝ الانبیاء ۲	میرے سوائے کوئی معبود نہیں سو میری ہی عبادت کرو ۲۱/۲۵

(۲) اِنَّ هٰذِهٖۤ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ۝ الانبیاء ۶	یہ تمھاری جماعت ایک ہی جماعت ہے اور میں تمھارا رب ہوں سو میری عبادت کرو	۲۱/۹۲

(فصل ۲) متفرق اوامر

(۱) يٰۤاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا المؤمنون	اے رسولو! پاکیزہ چیزوں سے کھاؤ اور اچھے عمل کرو	۲۳/۵۱
(۲) وَاَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ۝ المؤمنون ۴	اور میں تمھارا رب ہوں سو میرا تقویٰ کرو	۲۳/۵۲
(۳) اَقِيْمُوا الدِّيْنَ الشوریٰ ۲	دین کو قایم رکھو	۴۲/۱۳

(فصل ۳) وہ نہی جس میں نبیوں کو مخاطب کیا گیا

(۱) وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ الشوریٰ ۲	اور اس میں تفرقہ نہ ڈالو	۴۲/۱۳

(باب ۱۲) وہ اوامر جن میں گزشتہ اُمتوں کو ان کے نبیوں نے مخاطب کیا

(فصل ۱) اللہ کی عبادت کرو اس کا شکر کرو اور اس سے رزق چاہو

(۱) اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ المائدۃ ۱۶	کہ اللہ کی عبادت کرو جو میرا رب اور تمھارا رب ہے	۵/۱۱۷
(۲) يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ الاعراف ۸	اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو اس کے سوائے تمھارے لیے کوئی معبود نہیں	۷/۵۹

الاعراف ۹-۱۰-۱۱ و هود ۵-۶-۸ المؤمنون ۲	۷/۶۵-۷۳-۸۵ و ۱۱/۵۰-۶۱-۸۴ ۲۳/۳۲
(۱) اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ النحل/۵ ـ النمل/۴ ـ نوح/۱	کہ اللہ کی عبادت کرو ۱۶/۳۶ - ۲۷/۴۵ - ۷۱/۳
(۲) اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللّٰهَ العنکبوت/۲	جب اس نے اپنی قوم سے کہا اللہ کی عبادت کرو ۲۹/۱۶
(۳) فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْهُ	سو اللہ ہی سے رزق چاہو اور اسکی عبادت اور اس کا
وَاشْكُرُوْا لَهٗ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ العنکبوت/۲	شکر کرو تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے ۲۹/۱۷
(۴) فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ العنکبوت/۴	تو اس نے کہا اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو ۲۹/۳۶

(فصل ۲) اللہ کا تقویٰ کرو

(۱) فَاتَّقُوا اللّٰهَ هود/۷	سو اللہ کا تقویٰ کرو ۱۱/۷۸
(۲) وَاتَّقُوا اللّٰهَ الحجر/۵	اور اللہ کا تقویٰ کرو ۱۵/۶۹
(۳) وَاتَّقُوا الَّذِيْٓ اَمَدَّكُمْ بِمَا تَعْلَمُوْنَ ۝ الشعراء/۷	اور اس کا تقویٰ کرو جس نے ان چیزوں سے تمہاری مدد کی ہے جو تم جانتے ہو ۲۶/۱۳۲
(۴) وَاتَّقُوا الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ الْاَوَّلِيْنَ الشعراء/۱۰	اور اس کا تقویٰ کرو جس نے تمہیں اور پہلی مخلوق کو پیدا کیا ۲۶/۱۸۴
(۵) وَاتَّقُوْهُ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ العنکبوت/۲	اور اس کا تقویٰ کرو یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانتے ہو ۲۹/۱۶

(فصل ۳) اللہ کا تقویٰ کرو اور میری اطاعت کرو

(۱) فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ الشعراء/ ۶۴۴-۸-۹-۱۰ | سو اللہ کا تقویٰ کرو اور میری فرمانبرداری کرو ۲۶/ ۱۰۸-۱۱۰-۱۲۶-۱۳۱-۱۴۴

نوح/ ۱ ۲۶/ ۱۵۰-۱۶۳-۱۷۹ ۷۱/ ۳

(فصل ۴) اللہ کی نعمت کو یاد کرو

(۱) وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ قَوْمِ نُوْحٍ ... فَاذْكُرُوْٓا اٰلَآءَ اللّٰهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ الاعراف/ ۹ | اور یاد کرو جب اس نے تم کو نوحؑ کی قوم کے بعد بادشاہ بنایا ... سو اللہ کی نعمتوں کو یاد کرو تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ ۷/ ۶۹

(۲) وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ عَادٍ ... فَاذْكُرُوْٓا اٰلَآءَ اللّٰهِ الاعراف/ ۱۰ | اور یاد کرو جب تم کو عاد کے بعد جانشین بنایا ... سو اللہ کی نعمتوں کو یاد کرو ۷/ ۷۴

(۳) وَاذْكُرُوْٓا اِذْ كُنْتُمْ قَلِيْلًا فَكَثَّرَكُمْ الاعراف/ ۱۱ | اور یاد کرو جب تم تھوڑے سے تھے پھر تم کو بہت کر دیا ۷/ ۸۶

(فصل ۵) اپنے رب کی بخشش مانگو اس کی طرف رجوع کرو

(۱) وَيٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ هود/ ۵ | اور اے میری قوم اپنے رب کی بخشش مانگو پھر اس کی طرف رجوع کرو ۱۱/ ۵۲

(۲) فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ هود/ ۶-۸ | سو اس کی بخشش مانگو اور اس کی طرف رجوع کرو ۱۱/ ۶۱، ۱۱/ ۹۰

(۳) اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا ۝ نوح/ ۱ | اپنے رب سے بخشش مانگو وہ بڑا بخشنے والا ہے ۷۱/ ۱۰

(فصل ۶) ناپ تول کو پورا کرو

آیت	حوالہ	ترجمہ	حوالہ
(۱) فَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ	الاعراف ۱۱	سو ناپ اور تول کو پورا کرو	۷/۸۵
(۲) اَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ	هود ۸	ناپ اور تول کو انصاف کے ساتھ پورا کرو	۱۱/۸۵
(۳) اَوْفُوا الْكَيْلَ	الشعراء ۱۰	ناپ پورا کر دیا کرو	۲۶/۱۸۱
(۴) وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ۝		اور سیدھی ترازو سے تولا کرو	۲۶/۱۸۲

(فصل ۷) اونٹنی کو چھوڑ دو کہ زمین میں چرے

آیت	حوالہ	ترجمہ	حوالہ
(۱) فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ	الاعراف ۱۰، هود ۶	سو اس کو چھوڑ دو اللہ کی زمین میں چرے چگے	۱۱/۶۴

(فصل ۸) متفرق اوامر

آیت	حوالہ	ترجمہ	حوالہ
(۱) اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ ۝	البقرة ۲۶	سنو اللہ کی مدد قریب ہے	۲/۲۱۴
(۲) فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ۝	الاعراف ۹	سو انتظار کرو میں (بھی) تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں سے ہوں	۷/۷۱
(۳) وَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ	الاعراف ۱۱	اور دیکھو کہ فساد کرنے والوں کا انجام کیسا ہوا	۷/۸۶
(۴) فَاصْبِرُوْا حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ بَيْنَنَا	الاعراف ۱۱	تو صبر کرو یہاں تک کہ اللہ ہمارے درمیان فیصلہ کرے	۷/۸۷

(٥) فَكِيْدُوْنِيْ جَمِيْعًا — هود ٥
تم سب میرے لئے تدبیر کر لو — ١١/٥٥

(٦) وَيٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ — هود ٨
اور اے میری قوم اپنی طاقت کے مطابق عمل کرو میں بھی عمل کرنے والا ہوں — ١١/٩٣

(٧) وَارْتَقِبُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ رَقِيْبٌ ○ — ″
اور دیکھتے رہو میں بھی تمہارے ساتھ دیکھ رہا ہوں — ١١/٩٣

(٨) وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ○ — ابراهيم ٢
اور چاہیے کہ اللہ پر بھروسا کرنے والے اللہ ہی پر بھروسا کریں — ١٤/١٢

(٩) وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ — النحل ٥
اور شیطان سے بچو — ١٦/٣٦

(١٠) فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ — النحل ٥
سو زمین میں چلو پھر دیکھو کہ جھٹلانے والوں کا انجام کیسا ہوا — ١٦/٣٦

(١١) فَسْئَلُوْهُمْ اِنْ كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ ○ — الانبياء ٥
سو ان سے پوچھو اگر وہ بولتے ہیں — ٢١/٦٣

(١٢) وَارْجُوا الْيَوْمَ الْاٰخِرَ — العنكبوت ٤
اور پچھلے دن کی اُمید رکھو — ٢٩/٣٦

(١٣) كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا لَهٗ — السباء ٢
اپنے رب کے رزق سے کھاؤ اور اس کا شکر کرو — ٣٤/١٥

(١٤) سِيْرُوْا فِيْهَا لَيَالِيَ وَاَيَّامًا اٰمِنِيْنَ ○ — السباء ٢
ان میں راتوں اور دنوں کو امن سے چلو — ٣٤/١٨

(١٥) قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ○ — يٰسين ٢
اے میری قوم رسولوں کی پیروی کرو — ٣٦/٢٠

(۱۶) اِتَّبِعُوْا مَنْ لَّا یَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝ یٰسٓ ۲	ان کی پیروی کرو جو تم سے اجر نہیں مانگتے اور وہ ہدایت پر ہیں ۳۶/۲۱
(۱۷) اِنِّیْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ ۝ "	میں تمھارے رب پر ایمان لایا سو میری (بات) سنو ۳۶/۲۵
(۱۸) یٰقَوْمَنَآ اَجِیْبُوْا دَاعِیَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ یَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَیُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ ۝ الاحقاف ۴	اے ہماری قوم اللہ کی طرف بلانے والے کو قبول کرو اور اس پر ایمان لاؤ کہ وہ تمھارے قصور تمھیں معاف کر دے اور تمھیں دردناک عذاب سے پناہ دے ۴۶/۳۱
(۱۹) اِذْ قِیْلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوْا حَتّٰى حِیْنٍ ۝ الذّٰریٰت ۲	جب انھیں کہا گیا ایک وقت تک فائدہ اٹھا لو ۵۱/۴۳

(باب ۱۳) وہ نواہی جن میں گذشتہ اُمتوں کو ان کے نبیوں نے مخاطب کیا

(فصل ۱) خدا کے سوائے کسی کی عبادت نہ کرو

(۱) اَنْ لَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ ھود ۳، حٰمٓ السجدۃ ۲ کہ سوائے اللہ کے کسی کی عبادت نہ کرو ۱۱/۲۶ - ۴۱/۱۴ - ۴۶/۲۱

(فصل ۲) زمین میں فساد نہ پھیلاؤ

(۱) وَلَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ ۝ الاعراف ۱۰، ھود ۸، الشعراء ۱۰ = العنکبوت ۴	اور زمین میں فساد مچاتے نہ پھرو ۷/۷۴ - ۱۱/۸۵ - ۲۶/۱۸۳ - ۲۹/۳۶

آیت	ترجمہ	حوالہ
(۲) وَلَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا (الاعراف ۱۱)	اور زمین میں اس کی اصلاح کے بعد فساد نہ کرو	۷/۸۵

فصل ۳) ناپ تول میں کمی نہ کرو

آیت	ترجمہ	حوالہ
(۱) وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ (الاعراف ۱۱ ، هود ۸ ، الشعراء ۱۰)	اور لوگوں کو انکی چیزیں کم نہ دو	۷/۸۵ - ۱۱/۸۵ - ۲۶/۱۸۳
(۲) وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ (هود ۸)	اور ناپ تول میں کمی نہ کیا کرو	۱۱/۸۴
(۳) وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُخْسِرِيْنَ ۞ (الشعراء ۱۰)	اور کم دینے والوں میں سے نہ بنو	۲۶/۱۸۱

فصل ۴) اونٹنی کو دکھ نہ پہنچاؤ

آیت	ترجمہ	حوالہ
(۱) وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ (اعراف ۱۰ - هود ۶ - الشعراء ۸)	اور اس کو کوئی دکھ نہ پہنچاؤ ورنہ تم پر دردناک عذاب پڑے گا	۷/۷۳ - ۱۱/۶۴ - ۲۶/۱۵۶

فصل ۵) متفرق نواہی

آیت	ترجمہ	حوالہ
(۱) وَلَا تَقْعُدُوْا بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوْعِدُوْنَ وَتَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِهٖ وَتَبْغُوْنَهَا عِوَجًا (الاعراف ۱۱)	اور ہر ایک رستہ پر مت بیٹھو تم ڈراتے ہو اور اللہ کی راہ سے اسے روکتے ہو جو اس پر ایمان لاتا ہے اور اسمیں ٹیڑھا پن چاہتے ہو	۷/۸۶
(۲) وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِيْنَ (هود ۵)	اور مجرم ہو کر پھر جاؤ	۱۱/۵۲
(۳) ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ	پھر مجھے مہلت نہ دو	۱۱/۵۵

آیت	سورۃ	ترجمہ	حوالہ
(۴) وَلَا تُخْزُوْنِ فِیْ ضَیْفِیْ ؕ	ھود ۷	اور میرے مہمانوں کے معاملہ میں مجھے رسوا نہ کرو	۱۱/۷۸
(۵) فَلَا تَفْضَحُوْنِ ۙ	الحجر ۵	تو تم مجھے رسوا نہ کرو	۱۵/۶۸
(۶) وَلَا تُخْزُوْنِ ۙ	〃	اور مجھے ذلیل نہ کرو	۱۵/۶۹
(۷) وَلَا تُطِیْعُوْۤا اَمْرَ الْمُسْرِفِیْنَ ۙ	الشعراء ۸	اور حد سے بڑھنے والوں کی بات کو نہ مانو	۲۶/۱۵۱
(۸) الَّذِیْنَ یُفْسِدُوْنَ فِی الْاَرْضِ وَلَا یُصْلِحُوْنَ ۙ		جو زمین میں فساد کرتے ہیں اور اصلاح نہیں کرتے	۲۶/۱۵۲

(باب ۱۴) متفرق اوامر

(فصل ۱) وہ اوامر جن میں اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے ارادے کی چیزوں اور معاملات کو ظہور میں لانے کے لئے مخاطب کیا

آیت	سورۃ	ترجمہ	حوالہ
(۱) بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاِذَا قَضٰۤی اَمْرًا فَاِنَّمَا یَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ۙ	البقرہ ۱۴، آل عمران ۵	مادہ کے بغیر آسمانوں اور زمین کا بنانے والا ہے جب ایک کام کا حکم کرتا ہے تو اسے کہہ دیتا ہے: ہو، سو وہ ہو جاتا ہے	۳/۴۷، ۲/۱۱۷
(۲) اِنَّ مَثَلَ عِیْسٰی عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ ؕ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ۙ	آل عمران ۶	بیشک عیسیٰ کی مثال اللہ کے نزدیک آدم کی مثال کی مانند ہے اسے مٹی سے پیدا کیا پھر اسے کہا ہو جا، پس وہ ہو جاتا ہے	۳/۵۹

آیت	ترجمہ
(۳) وَيَوْمَ يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ ؕ الانعام ۹	اور جس دن کہے گا کہ ہو تو وہ ہو جائے گا ٦/٧٣
(۴) اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ؕ النحل ٥، یٰسین ٥	ہمارا فرمان کسی چیز کے لیے جب ہم اس کا ارادہ کریں صرف یہی ہوتا ہے کہ ہم اُسے کہیں ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے ١٦/٤٠، ٣٦/٨٢
(۵) مَا كَانَ لِلّٰهِ اَنْ يَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ سُبْحٰنَهٗ اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ؕ مریم ٢	اللہ کو شایاں نہیں کہ وہ کوئی بیٹا بنائے وہ پاک ہے جب کسی امر کا فیصلہ کر دیتا ہے تو اُسے کہتا ہے ہو جا تو وہ ہو جاتا ہے ١٩/٣٥
(۶) فَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ؕ المؤمن	پھر جب وہ ایک بات کا فیصلہ کرتا ہے تو وہ اُسے صرف یہی کہتا ہے کہ ہو جا تو

(فصل ۲) وہ اوامر جن میں آسمان اور زمین کو مخاطب کیا گیا

آیت	ترجمہ
(۱) ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا قَالَتَآ اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ ؕ حٰم السجدہ ٢	پھر آسمان کی طرف متوجہ ہوا اور وہ دھواں تھا سو اُسے اور زمین کو کہا آجا خوشی سے یا ناخوشی سے اُنہوں نے کہا ہم خوشی سے حاضر ہیں ٤١/١١

(فصل ۳) وہ اوامر جن میں شہد کی مکھی کو مخاطب کیا گیا

آیت	ترجمہ
(۱) وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِيْ	تیرے رب نے شہد کی مکھی کی طرف وحی کی

مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا وَّمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُونَ	کہ پہاڑوں میں گھر بنا اور درختوں اور اس میں جو وہ بناتے	
ثُمَّ كُلِي مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ فَاسْلُكِي سُبُلَ رَبِّكِ	ہیں پھر تمام پھلوں سے کھا اور اپنے رب کے رستوں پر فرمانبردار	
ذُلُلًا ط — النحل/9	سے چلی جا	16/68 16/69

(فصل ۴) وہ امر جس میں جن اور انسان کو مخاطب کیا گیا

(۱) يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ إِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَن تَنفُذُوا	اے جنوں اور انسانوں کے گروہ اگر تمھیں طاقت ہے کہ	
مِنْ أَقْطَارِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ فَانفُذُوا لَا	آسمانوں اور زمین کے کناروں سے نکل جاؤ تو نکل جاؤ	
تَنفُذُونَ إِلَّا بِسُلْطَانٍ ه — الرحمٰن/2	تم نہیں نکل سکتے مگر غلبہ کے ساتھ	55/33

(فصل ۵) وہ امر جس میں قوم قریش کو مخاطب کیا گیا

(۱) فَلْيَعْبُدُوا رَبَّ هَٰذَا الْبَيْتِ — القریش/1	پس چاہیئے کہ اس گھر کے رب کی عبادت کریں	106/3

(فصل ۶) وہ امر جس میں ذوالقرنین کو مخاطب کیا گیا

(۱) يَا ذَا الْقَرْنَيْنِ إِمَّا أَن تُعَذِّبَ وَإِمَّا أَن	اے ذوالقرنین چاہو تو سزا دو اور چاہو تو ان سے	
تَتَّخِذَ فِيهِمْ حُسْنًا ه — الکہف/11	بھلائی کا معاملہ کرو	18/86

(فصل ۷) وہ اوامر جن میں ذوالقرنین نے ایک قوم کو مخاطب کیا

(۱) قَالَ مَا مَكَّنِّي فِيهِ رَبِّي خَيْرٌ فَأَعِينُونِي بِقُوَّةٍ	اس نے کہا جو میرے رب نے مجھے طاقت دی ہے وہ بہتر
أَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ۝ آتُونِي زُبَرَ الْحَدِيدِ	ہے سو تم مجھے (اپنی) قوت سے مدد دو میں تمہارے اور ان کے
حَتَّىٰ إِذَا سَاوَىٰ بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ قَالَ انفُخُوا	درمیان ایک دیوار بنا دوں گا میرے پاس لوہے کے (بڑے بڑے)
حَتَّىٰ إِذَا جَعَلَهُ نَارًا قَالَ آتُونِي أُفْرِغْ عَلَيْهِ	ٹکڑے لے آؤ پھر جب اس نے پہاڑ کی دونوں طرفوں کے
قِطْرًا ۝ الکھف ۱۱	درمیان (دیوار کو) برابر کر دیا کہا دھونکو یہاں تک کہ جب
	اسے آگ (کی طرح) کر دیا کہا مجھے پگلا ہوا تانبا لا دو تاکہ اس کے اوپر

(فصل ۸) وہ اوامر جن میں قارون کو اس کی قوم نے مخاطب کیا

(۱) وَابْتَغِ فِيمَا آتَاكَ اللَّهُ الدَّارَ الْآخِرَةَ القصص ۸	اور اس سے جو اللہ نے تجھے دیا ہے آخرت کے گھر (کی بہتری) چاہ
(۲) وَأَحْسِن كَمَا أَحْسَنَ اللَّهُ إِلَيْكَ "	اور احسان کر جس طرح اللہ نے تجھ پر احسان کیا ہے ۲۸/۷۷

(فصل ۹) وہ نواہی جن میں قارون کو اس کی قوم نے مخاطب کیا

(۱) لَا تَفْرَحْ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِينَ ۝ القصص ۸	اترا نہیں اللہ اترانے والے کو پسند نہیں کرتا ۲۸/۷۶

۴۸۶ھ

(۲) وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا القصص ۸	اور دنیا سے اپنا حصّہ نہ بھلا	۲۸/۷۷
(۳) وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْاَرْضِ ط القصص ۸	اور ملک میں فساد نہ چاہ	۲۸/۷۷

(باب ۱۵) ذکر النسوان فی کلام الرحمٰن

(فصل ۱) آزاد مسلم خواتین ۔ لونڈیوں اور اہل کتاب کی عورتوں سے نکاح اور مہر کے متعلق اوامر

(۱) وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتٰمٰى فَانْكِحُوْا[لہ]	اور اگر تمھیں خوف ہو کہ یتیموں کے بارے میں انصاف نہ کر سکوگے
مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ	تو (ایسی) عورتوں سے نکاح کر لو جو تمھیں پسند ہوں دو دو اور
فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً اَوْ مَا مَلَكَتْ	تین تین اور چار چار اور تمھیں خوف ہو کہ عدل نہیں کر سکوگے تو ایک ہی
اَيْمَانُكُمْ ذٰلِكَ اَدْنٰى اَلَّا تَعُوْلُوْا ۝ النساء ۱	یا جس کے تمھارے داہنے ہاتھ مالک ہوئے یہ زیادہ نزدیک ہے تاکہ تم نا انصافی نہ کرو ۴/۳
(۲) وَاٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ۚ فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَيْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِيْٓـًٔا مَّرِيْٓـًٔا ۝ النساء ۱	اور عورتوں کو ان کے مہر بلا بدل دو پھر اگر وہ خوشی سے اس میں کچھ تمھارے لئے خود دیں تو اُسے مزے سے خوشگواری سے کھاؤ ۴/۴

لہ حاشیہ بر صفحہ ۲۷۸

۹۸۳۷

(۳) وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ
مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ ؕ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ
مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً ؕ وَلَا جُنَاحَ
عَلَيْكُمْ فِيْمَا تَرٰضَيْتُمْ بِهٖ مِنْ بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ (النسآء ۴)

(۴) وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ
الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ فَتَيٰتِكُمُ
الْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِكُمْ ؕ بَعْضُكُمْ مِّنْ
بَعْضٍ ۚ فَانْكِحُوْهُنَّ بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ وَاٰتُوْهُنَّ
اُجُوْرَهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ
مُسٰفِحٰتٍ وَّلَا مُتَّخِذٰتِ اَخْدَانٍ ۚ فَاِذَآ اُحْصِنَّ
فَاِنْ اَتَيْنَ بِفَاحِشَةٍ [۱] فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَا

اور جو اس کے سوا ہیں وہ تمھارے لئے حلال ہیں (اس طرح)
کہ تم اپنے مالوں کے ساتھ (اُن کو) چاہو نکاح میں لاکر نہ شہوت رانی
کرتے ہوئے سو تم نے ان میں سے جس کے ساتھ نفع اُٹھایا ہو انھیں ان کے
مقررہ شدہ مہر دے دو اور تم پر اس کے متعلق کوئی گناہ نہیں کہ تم مہر مقرر
کرنے کے بعد آپس میں رضامند ہو جاؤ اللہ جاننے والا حکمت والا ہے ۲۴

اور جو شخص تم میں سے یہ مقدور نہیں رکھتا کہ آزاد مومن عورتوں
سے نکاح کرے تو تمھاری ان مومن لونڈیوں سے (نکاح کرے)
جن کے تمہارے داہنے ہاتھ مالک ہوئے اور اللہ تمہارے ایمان کو
خوب جانتا ہے تم آپس میں ایک ہی ہو سو انھیں ان کے مالکوں کی
اجازت سے نکاح میں لاؤ اور ان کو دستور کے موافق ان کے مہر
دے دو پاک دامن ہوں نہ کھلی بدکاری کرنے والی اور نہ
در پردہ آشنا رکھنے والی پھر جب وہ نکاح میں لائی جائیں تو اگر
بے حیائی کا ارتکاب کریں تو انکے لئے آزاد عورتوں کی سزا سے آدھی ہے

[۱] اس حکم سے ثابت ہوتا ہے کہ زنا کی سزا رجم نہیں ہے کیونکہ رجم یعنی پتھروں سے ہلاک کر دینے کا تو کوئی نصف ہو نہیں سکتا۔

عَلَى الْمُحْصَنٰتِ مِنَ الْعَذَابِ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ وَاَنْ تَصْبِرُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (النساء ۴)

یہ تم میں سے اس کے لئے ہے جسے ہلاکت میں پڑنے کا خوف ہو اور اگر تم صبر کرو تو تمہارے لئے بہتر ہے اور اللہ مغفرت کرنے والا رحم کرنے والا ہے ۴/۲۵

(۵) اَلْيَوْمَ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ... وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ وَلَا مُتَّخِذِيْٓ اَخْدَانٍ[1] وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ (المائدہ ۵)

آج تمہارے لئے ستھری چیزیں حلال کی گئیں ... اور پاک دامن مومن عورتیں اور ان میں سے پاک دامن عورتیں جن کو تم سے پہلے کتاب دی گئی جب تم ان کو ان کے مہر دے دو نکاح میں لانے والے نہ کھلی بدکاری کرنے والے اور نہ چھپی آشنائی رکھنے والے اور جو شخص ایمان سے انکار کرے تو اس کا عمل ضائع ہو گیا اور وہ آخرت میں نقصان اٹھانے والوں میں ہے[1] ۵/۵

(فصل ۲) آزاد مسلم خواتین اور مشرک عورتوں کے نکاح اور مہر کے متعلق نواہی

(۱) وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ اَعْجَبَتْكُمْ وَ

اور مشرک عورتوں سے نکاح نہ کرو یہاں تک کہ وہ ایمان لائیں اور یقیناً ایک مومن لونڈی ایک مشرک (بی بی) سے بہتر ہے گو وہ تمہیں اچھی لگتی ہو

---

[1] جو مسلمان اپنے دین اور ایمان کا انکار کر کے غیر مسلم عورتوں کے ساتھ سول میرج کر لیتے ہیں انھیں ان الفاظ پر غور کرنا چاہئے

وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا ط وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكُمْ ط (البقرة ۲)

اور مشرکوں کو (عورتیں) نکاح میں نہ دو یہاں تک کہ وہ ایمان لائیں اور یقیناً ایک مومن غلام مشرک (آزاد) سے بہتر ہے گو وہ تمھیں (بھلا لگے) ۲/۲۲۱

(۲) وَاِنْ اَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ وَّاٰتَيْتُمْ اِحْدٰىهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ شَيْئًا ط اَتَاْخُذُوْنَهٗ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ه وَكَيْفَ تَاْخُذُوْنَهٗ وَقَدْ اَفْضٰى بَعْضُكُمْ اِلٰى بَعْضٍ وَّاَخَذْنَ مِنْكُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ه (النساء ۴)

اور اگر تم ایک بی بی کی جگہ دوسری بی بی (سے نکاح) کرنا چاہو اور تم اسے سونے کا ڈھیر دے چکے ہو تو اس میں سے کچھ نہ لو کیا تم اسے بہتان سے اور کھلے گناہ کے ساتھ لوگے؟ اور تم اسے کس طرح لے سکتے ہو حالانکہ تم میں سے ایک دوسرے تک پہنچ چکا ہے اور وہ تم سے مضبوط عہد لے چکی ہیں ۴/۲۰-۲۱

(۳) وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ط اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّمَقْتًا ط وَّسَآءَ سَبِيْلًا ه حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ اُمَّهٰتُكُمْ وَبَنٰتُكُمْ وَاَخَوٰتُكُمْ وَعَمّٰتُكُمْ وَخٰلٰتُكُمْ وَبَنٰتُ الْاَخِ وَبَنٰتُ الْاُخْتِ وَاُمَّهٰتُكُمُ الّٰتِيْٓ اَرْضَعْنَكُمْ

اور ان عورتوں سے نکاح نہ کرو جن سے تمھارے باپ نکاح کر چکے ہیں مگر جو گذر چکا یہ بےحیائی اور سخت بیزاری (کی بات) ہے اور بری راہ ہے تم پر (یہ عورتیں) حرام کی گئی ہیں، تمھاری مائیں تمھاری بیٹیاں اور تمھاری بہنیں اور تمھاری پھوپھیاں اور تمھاری خالائیں اور بھائی کی بیٹیاں اور بہن کی بیٹیاں اور تمھاری وہ مائیں جنھوں نے تمکو دودھ پلایا

وَاَخَوٰتُكُمْ مِّنَ الرَّضَاعَةِ وَاُمَّهٰتُ نِسَآئِكُمْ
وَرَبَآئِبُكُمُ الّٰتِیْ فِیْ حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَآئِكُمُ الّٰتِیْ
دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَاِنْ لَّمْ تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ
فَلَا جُنَاحَ عَلَیْكُمْ وَحَلَآئِلُ اَبْنَآئِكُمُ الَّذِیْنَ مِنْ
اَصْلَابِكُمْ وَاَنْ تَجْمَعُوْا بَیْنَ الْاُخْتَیْنِ اِلَّا مَا قَدْ
سَلَفَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ۝ النساء ۴

اور تمھاری رضاعی بہنیں اور تمھاری بیویوں کی مائیں
اور تمھاری پالی ہوئی لڑکیاں جو تمھاری حفاظت
میں ہوں ان عورتوں (کے بطن) سے جن پر تم داخل
ہو چکے ہو اور اگر تم ان پر داخل نہ ہوئے ہو تو تم پر کوئی
گناہ نہیں اور تمھارے ان بیٹوں کی بیویاں جو تمھاری
پیٹھوں سے ہوں اور یہ کہ تم دو بہنوں کو اکٹھا کرو مگر جو گذر چکا
اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے ۴/۲۳

(۴) وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَیْمَانُكُمْ
كِتٰبَ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ النساء ۴

اور تمام بیاہی ہوئی عورتیں سوائے ان کے جن کے تمھارے
داہنے ہاتھ مالک ہو چکے یہ تم پر اللہ کا فرض کیا ہوا ہے ۴/۲۴

(۵) اَلزَّانِیْ لَا یَنْكِحُ اِلَّا زَانِیَةً اَوْ مُشْرِكَةً
وَّالزَّانِیَةُ لَا یَنْكِحُهَآ اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِكٌ
وَحُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ ۝

بدکار مرد سوائے بدکار یا مشرک عورت کے کسی سے نکاح
نہیں کرتا اور بدکار عورت کے ساتھ سوائے بدکار مرد یا مشرک
کے کوئی نکاح نہیں کرتا اور یہ مومنوں پر حرام کیا گیا ہے
۲۴/۳

(فصل ۳) مجرّدوں اور غلاموں کے نکاح کے متعلق اوامر

(۱) وَأَنكِحُوا الْأَيَامَىٰ مِنكُمْ وَالصَّالِحِينَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَإِمَائِكُمْ إِن يَكُونُوا فُقَرَاءَ يُغْنِهِمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ وَاللَّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ النور ۴	اور جو تم میں سے مجرّد ہیں ان کے نکاح کر دو اور اپنے غلاموں اور لونڈیوں میں سے بھی جو صلاحیت رکھتے ہیں اگر وہ محتاج ہوں گے تو اللہ اپنے فضل سے انکو غنی کر دے گا اور اللہ فراخی والا اور علم والا ہے ۲۴/۳۲

(فصل ۴) عصمت کی محافظت کے متعلق اوامر

(۱) قُلْ لِلْمُؤْمِنِينَ يَغُضُّوا مِنْ أَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوا فُرُوجَهُمْ النور ۴	مومنوں کو کہہ دو اپنی نظریں نیچی رکھا کریں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کیا کریں ۲۴/۳۰
(۲) وَقُلْ لِلْمُؤْمِنَاتِ يَغْضُضْنَ مِنْ أَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوجَهُنَّ النور ۴	اور مومن عورتوں کو کہہ دے اپنی نظریں نیچی رکھا کریں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کیا کریں ۲۴/۳۱
(۳) وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِينَ لَا يَجِدُونَ نِكَاحًا حَتَّىٰ يُغْنِيَهُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ ″	اور جو شادی (کا سامان) نہیں پاتے اپنے تئیں بچائے رکھیں یہاں تک کہ اللہ اپنے فضل سے انہیں غنی کر دے ۲۴/۳۳

(فصل ۵) غلام اور لونڈیوں کے نکاح کی آزادی کی تحریر کے متعلق اوامر

(۱) وَالَّذِينَ يَبْتَغُونَ الْكِتَابَ مِمَّا مَلَكَتْ	اور جن کے تمہارے داہنے ہاتھ مالک ہیں ان میں سے جو آزادی کی تحریر

(۱) اس میں رنڈوے اور رانڈیں دونوں شامل ہیں

اَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوْهُمْ اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا وَّاٰتُوْهُمْ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِیْٓ اٰتٰىكُمْ (النور ۴)	تو انھیں لکھدو اگر تم ان میں بھلائی جانتے ہو اور ان کو اللہ کے مال سے دو جو اس نے تمھیں دیا ہے ۲۴/۳۳

(فصل ۶) لونڈیوں سے مجبوراً بدکاری کرانے کی نہی

(۱) وَلَا تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَآءِ اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوْا عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَمَنْ يُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ مِنْۢ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (النور ۴)	اور اپنی لونڈیوں کو اگر وہ پاک امن رہنا چاہتی ہیں بدکاری[۱] پر مجبور نہ کرو تا کہ تم دنیا کی زندگی کا سامان چاہو اور جو کوئی انھیں مجبور کرے گا تو اللہ ان کے جبر کے بعد بخشنے والا رحم کرنے والا ہے ۲۴/۳۳

(فصل ۷) عورتوں کی سرکشی کی سزا کے متعلق اوامر

(۱) وَالّٰتِیْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِی الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ (النساء ۶)	اور جن عورتوں کی سرکشی کا تمھیں ڈر ہو تو انکو وعظ کرو اور خوابگاہوں میں ان کو الگ کر دو اور انکو مارو ۴/۳۴

(فصل ۸) عورتوں کی سرکشی کے متعلق نہی

(۱) فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا (النساء ۶)	پھر اگر وہ تمھاری اطاعت کریں تو ان کے خلاف کوئی راہ تلاش نہ کرو ۴/۳۴

[۱] اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں ہے کہ اگر لونڈیاں اپنی مرضی سے بدکاری کریں تو جائز ہے کیونکہ اس کی کلی ممانعت فصل ایک کے نمبر ۴ میں ہو چکی ہے۔

(فصل ۹) مردوں کی سرکشی یا بے رغبتی کے متعلق اوامر

(۱) وَإِنِ امْرَأَةٌ خَافَتْ مِنْ بَعْلِهَا نُشُوزًا	اور اگر ایک عورت کو اپنے خاوند کی سرکشی یا بے رغبتی کا ڈر ہو
أَوْ إِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا أَنْ يُصْلِحَا	تو ان دونوں پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ آپس میں صلح کر لیں اور
بَيْنَهُمَا صُلْحًا ۚ وَالصُّلْحُ خَيْرٌ ۗ وَأُحْضِرَتِ	صلح اچھی چیز ہے اور طبیعتوں میں بخل ہوتا ہی ہے اور اگر تم
الْأَنْفُسُ الشُّحَّ ۚ وَإِنْ تُحْسِنُوا وَتَتَّقُوا	احسان کرو اور تقویٰ کرو تو اللہ اس سے جو تم کرتے ہو
فَإِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا ۝ النسآء ۱۹	خبردار ہے ۴/۱۲۸
(۲) وَإِنْ تُصْلِحُوا وَتَتَّقُوا فَإِنَّ اللّٰهَ كَانَ	اور اگر تم اصلاح کرلو اور تقویٰ کرو تو اللہ بخشنے والا
غَفُورًا رَّحِيمًا ۝ النسآء ۱۹	رحم کرنے والا ہے ۴/۱۲۹
(۳) وَإِنْ يَتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ سَعَتِهِ ۚ	اور اگر وہ دونوں جدا ہو جائیں تو اللہ ہر ایک کو اپنی کشائش
وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا حَكِيمًا ۝	سے غنی کر دے گا اور اللہ وسعت والا حکمت والا ہے ۴/۱۳۰

(فصل ۱۰) مردوں کی سرکشی یا بے رغبتی کے متعلق نواہی

(۱) وَلَنْ تَسْتَطِيعُوا أَنْ تَعْدِلُوا بَيْنَ النِّسَاءِ	اور تم طاقت نہیں رکھتے کہ عورتوں میں عدل کر سکو

وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِيلُوا كُلَّ الْمَيْلِ فَتَذَرُوهَا كَالْمُعَلَّقَةِ (النسآء ۱۹)

خواہ کتنا ہی چاہو پس بالکل بھی نہ جھک جاؤ یہاں تک کہ اسے اُدھر میں لٹکی ہوئی کی طرح چھوڑ دو ۴/۱۲۹

(فصل ۱۱) میاں بیوی کے جھگڑے کے فیصلہ کے متعلق اوامر

(۱) وَإِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوا حَكَمًا مِّنْ أَهْلِهِ وَحَكَمًا مِّنْ أَهْلِهَا (النسآء ۶)

اور اگر تم کو دونوں (میاں بیوی) میں باہم دشمنی کا ڈر ہو تو ایک فیصلہ کرنے والا اس (مرد) کے لوگوں میں سے اور ایک فیصلہ کرنے والا

(فصل ۱۲) طلاق عدّت۔ اور طلاق دی ہوئی عورتوں کے متعلق اوامر

(۱) لِلَّذِينَ يُؤْلُونَ مِن نِّسَائِهِمْ تَرَبُّصُ أَرْبَعَةِ أَشْهُرٍ فَإِن فَاءُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (البقرة ۲۸)

ان لوگوں کو لئے جو اپنی عورتوں کے حق نہ دینے کی قسم کھا لیتے ہیں چار ماہ کا انتظار ہے پھر اگر وہ رجوع کریں تو اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے ۲/۲۲۶

(۲) وَإِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَإِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ

اور اگر طلاق کا پختہ ارادہ کریں تو اللہ سننے والا اور جاننے والا ہے ۲/۲۲۷

(۳) وَالْمُطَلَّقَاتُ يَتَرَبَّصْنَ بِأَنفُسِهِنَّ ثَلَاثَةَ قُرُوءٍ

اور طلاق دی ہوئی عورتیں اپنے آپ کو تین حیض تک انتظار میں رکھیں ۲/۲۲۸

(۴) وَبُعُولَتُهُنَّ أَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِي ذَٰلِكَ إِنْ أَرَادُوا إِصْلَاحًا (البقرة ۲۸)

اور اس (اثناء) میں ان کے خاوند ان کو واپس لینے کے زیادہ حق دار ہیں اگر وہ اصلاح چاہیں ۲/۲۲۸

وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِي عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ وَاللّٰهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ البقرۃ ۲/۲۸

اور ان کے لیے پسندیدہ طور پر (حقوق) ہیں جیسے ان پر (حقوق) ہیں اور مردوں کو ان پر ایک فضیلت[1] ہے اور اللہ غالب و حکمت والا ہے ۲/۲۲۸

(۵) اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ فَإِمْسَاكٌ بِمَعْرُوفٍ أَوْ تَسْرِيحٌ بِإِحْسَانٍ ۝ البقرۃ ۲/۲۹

(یہ) طلاق دو دفعہ ہے پھر پسندیدہ طور سے رکھنا یا حُسنِ سلوک کے ساتھ رخصت کرنا ہے ۲/۲۲۹

(۶) فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللّٰهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيمَا افْتَدَتْ بِهٖ[2] ۝ البقرۃ ۲/۲۹

پس اگر تمھیں یہ ڈر ہو کہ وہ دونوں اللہ کی حدوں کو قایم نہیں کر سکیں گے تو پھر ان پر اس میں کچھ گناہ نہیں جو عورت فدیہ میں دیدے ۲/۲۲۹

(۷) فَإِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهُ مِنْ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ ۝ فَإِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا أَنْ يَتَرَاجَعَا إِنْ ظَنَّا أَنْ يُقِيمَا حُدُودَ اللّٰهِ وَتِلْكَ حُدُودُ اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ۝

پھر اگر وہ اُسے (تیسری بار) طلاق دے تو پھر وہ عورت اس کے بعد اس کے لئے حلال نہیں یہاں تک کہ وہ کسی دوسرے خاوند سے نکاح کرے پھر اگر وہ اُسے طلاق دیدے تو ان دونوں پر کچھ گناہ نہیں اگر وہ ایک دوسرے کی طرف رجوع کر لیں اگر ان کو یقین ہو کہ اللہ کی حدوں کو قایم رکھیں گے اور یہ اللہ کی حدیں ہیں وہ انھیں ان لوگوں کے لئے کھول کر بیان

(۸) وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَأَمْسِكُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ أَوْ سَرِّحُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ ۝

اور جب تم عورتوں کو طلاق دو پھر وہ اپنی میعاد کو پہنچنے لگیں تو یا انھیں اچھی طرح سے رکھو یا حُسنِ سلوک کے ساتھ رخصت کر دو ۲/۲۳۱

---

[1] وہ فضیلت یہی ہے کہ مرد اپنے نکاح پر اپنا روپیہ خرچ کرتا ہے، خیرہ وغیرہ

[2] حاشیہ بر صفحہ ۲۷۹

(٩) وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمَآ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ البقرة / ٢٩

اور اللہ کی نعمت کو جو تم پر ہے یاد کرو اور اس کو بھی جو تم پر کتاب اور حکمت اتاری جس کے ساتھ تمہیں نصیحت کرتا ہے اور اللہ کا تقویٰ اختیار کرو اور جان لو کہ اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے ۲/۲۳۱

(١٠) وَلِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ ۖ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ۝ البقرة / ٣١

اور طلاق دی ہوئی عورتوں کو پسندیدہ طور پر فائدہ پہنچانا چاہیے یہ متقیوں پر

(١١) كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝

اس طرح اللہ اپنی باتیں تمہارے لئے کھول کر بیان کرتا ہے تاکہ تم سمجھو ۲/۲۴۲

(١٢) وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ فَاِنْ كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْئًا وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا ۝ النساء / ٣

اور ان کے ساتھ پسندیدہ طور سے میل جول رکھو پھر اگر تم انہیں ناپسند کرتے ہو تو ہو سکتا ہے کہ تم ایک چیز کو ناپسند کرو اور اللہ اس میں بہت سی بھلائی رکھ دے ۴/۱۹

(١٣) يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَاَحْصُوا الْعِدَّةَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمْ ۚ الطلاق / ١

اے نبی جب تم عورتوں کو طلاق دو تو انھیں ان کی عدت شروع میں طلاق دو اور عدت کی حفاظت کرو اور اللہ اپنے رب کا تقویٰ کرو ۶۵/۱

(١٤) فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّاَشْهِدُوْا ذَوَيْ عَدْلٍ مِّنْكُمْ

پس جب وہ اپنے مقررہ وقت کو پہنچنے لگیں تو انہیں پسندیدہ طریق سے روک رکھو یا پسندیدہ طریق سے انھیں جدا کر دو اور اپنے میں سے دو صاحب عدل گواہ رکھ لو

وَاَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ذٰلِكُمْ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ	اور گواہی کو اللہ کے لئے درست ادا کرو اور ان باتوں کا اسے وعظ کیا
كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۵ وَمَنْ	جائے جو اللہ اور پچھلے دن پر ایمان لاتا ہے اور جو اللہ کا تقوٰی کرتا ہو
يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ	وہ اس کے لئے مشکلات سے نکلنے کا رستہ بنا دیتا ہے اور اسے ایسی
الطلاق حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ	جگہ سے رزق دیتا ہے جہاں سے اُسے گمان بھی نہیں ہوتا اور جو شخص اللہ پر بھروسہ کرتا ہو تو وہ اس کے لئے بس ہے ۶۵/۲،۳
(۱۵) وَالّٰٓئِيْ يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ مِنْ نِّسَآئِكُمْ اِنِ	اور جو تمھاری عورتوں میں سے حیض سے ناامید ہو چکی ہیں اگر تمھیں
ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ ۙ وَّالّٰٓئِيْ لَمْ يَحِضْنَ ؕ	شک ہو تو انکی عدت تین مہینے ہے اور (ان کی بھی) جنھیں حیض
وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ؕ	نہیں آتا اور حمل والی عورتوں کی عدت یہ ہو کہ وہ بچہ جنیں اور جو
وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ يُسْرًا ″	اللہ کا تقوٰی کرتا ہو وہ اس کے کام میں آسانی کر دیتا ہے ۶۵/۴
(۱۶) ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ اَنْزَلَهٗٓ اِلَيْكُمْ ″	یہ اللہ کا حکم ہے جو اس نے تمھاری طرف اُتارا ہے ۶۵/۵
(۱۷) اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ مِّنْ وُّجْدِكُمْ ″	انھیں اپنے مقدور کے مطابق وہیں رکھو جہاں تم رہتے ہو ۶۵/۶
(۱۸) وَاِنْ كُنَّ اُولَاتِ حَمْلٍ فَاَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ	اور اگر وہ حاملہ ہوں تو ان پر خرچ کرتے رہو یہاں تک کہ
حَتّٰى يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ″	بچہ جنیں ۶۵/۶

فصل (۱۳) طلاق، عدت اور طلاق دی ہوئی عورتوں کے متعلق نواہی

آیت	ترجمہ
(۱) وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ	اور ان کے لئے جائز نہیں کہ اسے چھپائیں جو اللہ نے ان کے رحموں میں
فِيْٓ اَرْحَامِهِنَّ اِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ (البقرة)	پیدا کیا ہے اگر وہ اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتی ہیں ۲/۲۲۸
(۲) وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ	اور تمہارے لئے جائز نہیں کہ تم اس (مال) سے کچھ لو جو تم نے
شَيْـــًٔا اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ (البقرة ۲۹)	انہیں دیا ہے سوائے اس کے کہ دونوں کو ڈر ہو کہ اللہ کی حدوں کو قائم نہیں رکھ سکیں گے
(۳) تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا ۚ وَمَنْ	یہ اللہ کی حدیں ہیں پس ان سے آگے نہ بڑھو اور جو اللہ کی حدوں سے
يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ	آگے بڑھتے ہیں وہی ظالم ہیں ۲/۲۲۹
(۴) فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى	پھر اگر وہ اُسے (تیسری بار) طلاق دے تو وہ عورت اس کے بعد اس کے لئے حلال نہیں یہاں تک کہ وہ کسی
تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ (البقرة ۲۹)	دوسرے خاوند کے ساتھ نکاح کرے ۲/۲۳۰
(۵) وَلَا تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا ۚ وَمَنْ	اور اُن کو دکھ دینے کے لئے نہ روک رکھو تاکہ تم زیادتی کرو اور
يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ۭ وَلَا تَتَّخِذُوْٓا	جو ایسا کرتا ہے وہ اپنی جان پر ظلم کرتا ہے اور اللہ کی باتوں کو
اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا (البقرة ۲۹)	ہنسی نہ کرو ۲/۲۳۱

(۶) وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوهُنَّ أَنْ يَنْكِحْنَ أَزْوَاجَهُنَّ إِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوفِ ۚ البقرة ۲۹

اور جب تم عورتوں کو طلاق دو پھر وہ اپنی میعاد کو پہونچ جائیں تو انھیں (اس بات سے) مت روکو کہ وہ اپنے جوڑوں سے نکاح کرلیں جب آپس میں پسندیدہ طور پر راضی ہوں۔ ۲/۲۳۲

(۷) يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا يَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَرِثُوا النِّسَاءَ كَرْهًا ۖ وَلَا تَعْضُلُوهُنَّ لِتَذْهَبُوا بِبَعْضِ مَا آتَيْتُمُوهُنَّ إِلَّا أَنْ يَأْتِينَ بِفَاحِشَةٍ مُبَيِّنَةٍ ۚ النساء ۳

اے لوگو جو ایمان لائے ہو تمھارے لئے جائز نہیں کہ عورتوں کو زبردستی ورثے میں لو اور نہ انکو روک رکھو اسلئے کہ اس کا کچھ حصّہ لے لو جو تم نے انھیں دیا ہے سوائے اس کے کہ وہ کھلی بیحیائی کا ارتکاب کریں۔ ۴/۱۹

(۸) لَا تُخْرِجُوهُنَّ مِنْ بُيُوتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ إِلَّا أَنْ يَأْتِينَ بِفَاحِشَةٍ مُبَيِّنَةٍ ۚ الطلاق ۱

انھیں اپنے گھروں سے نہ نکالو اور نہ وہ خود نکلیں سوائے اس کے کہ کھلی بیحیائی کریں۔ ۶۵/۱

(۹) وَلَا تُضَارُّوهُنَّ لِتُضَيِّقُوا عَلَيْهِنَّ ۚ

اور انھیں تنگ کرنے کے لئے انھیں تکلیف نہ دو۔ ۶۵/۶

(فصل ۱۴) مطلقہ عورتوں سے بچوں کو دودھ پلانے کے متعلق اوامر

(۱) وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ أَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ

اور مائیں اپنی اولاد کو پورے دو سال دودھ پلائیں

لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ۚ وَعَلَى	اس کے لئے جو دودھ پلانے کے زمانہ کو پورا کرانا چاہتا ہو
الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ (البقرہ ۲۳۳)	اور جس کا بچہ ہے اس پر اچھے طور ان کا کھانا اور ان کا کپڑا ہے
(۲) فَاِنْ اَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا	پھر اگر وہ دونوں آپس کی رضامندی اور مشورے سے دودھ
وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ۗ وَاِنْ اَرَدْتُّمْ	چھڑانا چاہیں تو ان پر کوئی گناہ نہیں اور اگر تم چاہتے ہو
اَنْ تَسْتَرْضِعُوْٓا اَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ	کہ اپنی اولاد کے لئے (اور) دودھ پلانے والی رکھ لو تو
اِذَا سَلَّمْتُمْ مَّآ اٰتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ	تم پر کوئی گناہ نہیں بشرطیکہ جو تمہیں دینا تھا عمدگی
وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ (البقرہ ۲۳۳)	سے پورا دے دو اور اللہ کا تقوی کرو اور جان لو کہ جو کچھ
(۳) فَاِنْ اَرْضَعْنَ لَكُمْ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ	پھر اگر وہ تمہارے لئے دودھ پلائیں تو انہیں ان کی اجرت دو
وَاْتَمِرُوْا بَيْنَكُمْ بِمَعْرُوْفٍ ۚ وَاِنْ تَعَاسَرْتُمْ	اور آپس میں پسندیدہ طور پر مشورہ کرو اور اگر تم ایک دوسرے
فَسَتُرْضِعُ لَهٗٓ اُخْرٰى ۗ لِيُنْفِقْ ذُوْ سَعَةٍ مِّنْ	سے تنگی محسوس کرو تو اس کے لئے دوسری عورت دودھ
سَعَتِهٖ ۗ وَمَنْ قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهٗ فَلْيُنْفِقْ مِمَّآ	پلا دے گی چاہیئے وسعت والا اپنی وسعت کے مطابق خرچ کرے
اٰتٰىهُ اللّٰهُ ۗ (الطلاق ۱)	اور جس پر اسکی روزی تنگ ہے تو چاہیئے کہ وہ اس میں سے خرچ کرے جو اللہ نے اسے دیا ہے

(فصل ۱۵) مطلقہ عورتوں سے بچوں کو دودھ پلانے کے متعلق نواہی

(۱) لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ إِلَّا وُسْعَهَا لَا تُضَآرَّ	کسی شخص پر بوجھ نہیں ڈالا جاتا مگر جہاں تک اس کی طاقت ہے
وَالِدَةٌ بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُودٌ لَّهُ بِوَلَدِهِ وَعَلَى	نہ ماں کو اپنے بچے کی وجہ سے تکلیف دی جائے نہ باپ کو اپنے بچے
الْوَارِثِ مِثْلُ ذَٰلِكَ البقرۃ ۳۰	کی وجہ سے اور وارث پر بھی ایسی ہی (ذمہ واری) ہے۔ ۲/۲۳۳
(۲) لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا مَآ آتَاهَا	اللہ کسی شخص پر کچھ لازم نہیں کرتا مگر اسی کے مطابق جو اسے دیا
سَيَجْعَلُ اللَّهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُسْرًا ۝ الطلاق ۱	اللہ تنگی کے بعد آسانی کر دے گا ۶۵/۷

(فصل ۱۶) قبل چھونے کے عورتوں کی طلاق عدت اور مہر کے متعلق اوامر

(۱) لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِن طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ	تم پر کوئی گناہ نہیں اگر تم عورتوں کو طلاق دیدو جبکہ تم نے
مَا لَمْ تَمَسُّوهُنَّ أَوْ تَفْرِضُوا لَهُنَّ فَرِيضَةً وَّ	ابھی ان کو چھوا نہ ہو یا مہر مقرر نہ کیا ہو اور ان کو کچھ سامان دو فراخی
مَتِّعُوهُنَّ عَلَى الْمُوسِعِ قَدَرُهُ وَعَلَى الْمُقْتِرِ	والا اپنی قدر کے موافق اور تنگ دست اپنی قدر کے مطابق
قَدَرُهُ مَتَاعًا بِالْمَعْرُوفِ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِينَ البقرۃ ۳۱	اچھے طریق پر نفع پہونچانا ہے یہ نیکی کرنے والوں پر ایک حق ہے ۲/۲۳۶
(۲) وَإِن طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِن قَبْلِ أَن تَمَسُّوهُنَّ	اور اگر تم ان کو طلاق دیدو اس سے پہلے کہ تم نے انکو چھوا ہو

وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ	اور تم ان کے لئے مہر مقرر کر چکے ہو تو اس کا آدھا دیدو جو مقرر کیا
إِلَّا أَنْ يَعْفُونَ أَوْ يَعْفُوَ الَّذِي بِيَدِهِ عُقْدَةُ	مگر یہ کہ وہ معاف کردیں یا وہ شخص جس کے ہاتھ میں نکاح کی گرہ
النِّكَاحِ ۚ وَأَنْ تَعْفُوا أَقْرَبُ لِلتَّقْوَىٰ البقرة ۳۱	ہے (اپنا حق) معاف کرے اور یہ کہ تم (مرد) معاف کرو تقوٰی سے قریب تر ہے
(۳) يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنَاتِ ثُمَّ	اے لوگو جو ایمان لائے ہو جب تم مومن عورتوں سے نکاح کرو
طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِنْ قَبْلِ أَنْ تَمَسُّوهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ	پھر تم انھیں طلاق دیدو قبل اس کے کہ تم انھیں چھوؤ تو تمھارے
مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّونَهَا ۖ فَمَتِّعُوهُنَّ وَ	لئے ان پر کوئی عدت نہیں جسے تم شمار کرو سو انھیں سامان دو
سَرِّحُوهُنَّ سَرَاحًا جَمِيلًا الاحزاب ۲	اور انھیں خوبی کے ساتھ رخصت کردو ۳۳/۴۹

(فصل ۱۷) قبل چھونے کے عورتوں کی طلاق کے متعلق نہی

(۱) وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ البقرة ۳۱	اور آپس میں نیک سلوک کرنا نہ بھلاؤ ۲/۲۳۷

(فصل ۱۸) بیوہ عورتوں کی عدت۔ اخراجات اور نکاح کے متعلق اوامر

(۱) وَالَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُونَ	اور تم میں سے جو مر جائیں اور وہ عورتیں چھوڑ جائیں وہ اپنے آپ
أَزْوَاجًا يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا البقرة ۳۰	کو چار مہینے اور دس دن انتظار میں رکھیں ۲/۲۳۴

فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ البقرۃ ۳۰

پھر جب وہ اپنی میعاد کو پہنچ جائیں تو اس کا تم پر کوئی گناہ نہیں جو وہ اپنے حق میں پسندیدہ طریق پر کریں ۲/۲۳۴

(۲) وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا عَرَّضْتُمْ بِهٖ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَآءِ اَوْ اَكْنَنْتُمْ فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ البقرۃ ۳۰

اور اس کے لئے تم پر کوئی گناہ نہیں جو تم اشارۃً (بیوہ) عورتوں کو پیغام نکاح دو، یا اپنے دلوں میں چھپائے رکھو اللہ جانتا ہے کہ تم ان کا خیال رکھو گے ۲/۲۳۵

(۳) وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ فَاحْذَرُوْهُ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ البقرۃ ۳۰

اور جان لو کہ اللہ اسے جانتا ہے جو تمہارے دلوں میں ہے پس اس سے خبردار رہو اور جان لو کہ اللہ بخشنے والا بردبار ہے ۲/۲۳۵

(۴) وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ اِخْرَاجٍ فَاِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْ مَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَّعْرُوْفٍ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ البقرۃ ۳۱

اور تم میں سے جو مرجائیں اور وہ عورتیں چھوڑ جائیں اپنی عورتوں کے وصیت کر جائیں کہ ایک سال تک گھر سے نکالے بغیر خرچ دیا جائے پھر اگر وہ خود چلی جائیں تو تم پر اس کا کوئی گناہ نہیں جو انہوں نے بھلائی سے اپنے حق میں کیا ہے اور اللہ غالب حکمت والا ہے ۲/۲۴۰

(فصل ۱۹) بیوہ عورتوں کے نکاح کے متعلق نواہی

(۱) وَلٰكِنْ لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا اِلَّآ اَنْ تَقُوْلُوْا قَوْلًا مَّعْرُوْفًا البقرۃ ۳۰

لیکن ان سے خفیہ وعدہ نہ کرو ہاں پسندیدہ بات بیشک کہو ۲/۲۳۵

(۲) وَلَا تَعْزِمُوا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتٰبُ اَجَلَهٗ ؕ البقرۃ ۳۰

اور نکاح کی گرہ کو پختہ نہ کرو یہاں تک کہ مقرر کیا ہوا وقت اپنی انتہا کو پہنچ جائے ۲/۲۳۵

(فصل ۲۰) سحاقت[۵۱]۔ لواطت[۵۲] اور زنا کی سزا کے متعلق اوامر

(۱) وَالّٰتِىْ[۱] يَاْتِيْنَ الْفَاحِشَةَ مِنْ نِّسَآئِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَيْهِنَّ اَرْبَعَةً مِّنْكُمْ ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِى الْبُيُوْتِ حَتّٰى يَتَوَفّٰهُنَّ الْمَوْتُ اَوْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا ۝ النسآء ۳

اور تمہاری عورتوں میں سے جو بیحیائی کا ارتکاب کریں تو اپنے میں سے چار گواہ ان پر بلاؤ سو اگر وہ گواہی دیں تو ان کو گھروں میں بند رکھو یہاں تک کہ ان کو موت لے جائے یا اللہ ان کے لئے کوئی راہ نکال دے ۴/۱۵

(۲) وَالَّذٰنِ يَاْتِيٰنِهَا مِنْكُمْ فَاٰذُوْهُمَا ۚ فَاِنْ تَابَا وَاَصْلَحَا فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمَا ؕ النسآء ۳

اور جو دو[۲] تم میں سے اس کا ارتکاب کریں تو ان کو سزا دو پھر اگر وہ توبہ کریں تو ان کو جانے دو ۴/۱۶

(۳) اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِىْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ... وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ النور ۱

زنا کرنے والی عورت اور زنا کرنے والے مرد (کا حکم یہ ہے) کہ ان دونوں میں سے ہر ایک کو سَو کوڑے لگاؤ... اور چاہیے ان کی سزا کے وقت مومنوں کی ایک جماعت موجود ہو ۲۴/۲

---

[۱] جو دو عورتیں آپس میں بے حیائی کا کام کریں

[۲] جو دو مرد آپس میں بے حیائی کا کام کریں

(فصل ۲۱) زنا کی سزا کے متعلق نہی

(۱) وَلَا تَأْخُذْكُمْ بِهِمَا رَأْفَةٌ فِي دِينِ اللَّهِ إِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ (النور ۱)

اور ان پر مہربانی تمہیں اللہ کے حکم کی تعمیل سے نہ روکے اگر تم اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان لاتے ہو (۲۴/۲)

(فصل ۲۲) قذف یعنی بہتان لگانے کی سزا کے متعلق امر

(۱) وَالَّذِينَ يَرْمُونَ الْمُحْصَنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَأْتُوا بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ فَاجْلِدُوهُمْ ثَمَانِينَ جَلْدَةً (النور ۱)

اور جو لوگ پاک دامن عورتوں پر تہمت لگائیں پھر چار گواہ نہ لائیں تو انہیں اسی کوڑے لگاؤ (۲۴/۴)

(فصل ۲۳) بہتان لگانے والوں کے متعلق نہی

(۱) وَلَا تَقْبَلُوا لَهُمْ شَهَادَةً أَبَدًا (النور ۱)

اور ان کی گواہی کبھی قبول نہ کرو (۲۴/۴)

(فصل ۲۴) لعان یعنی بیوی پر زنا کی تہمت کے فیصلے کے متعلق امر

(۱) وَالَّذِينَ يَرْمُونَ أَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُمْ شُهَدَاءُ إِلَّا أَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ أَحَدِهِمْ أَرْبَعُ شَهَادَاتٍ بِاللَّهِ إِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِينَ (النور ۱)

اور جو لوگ اپنی عورتوں پر تہمت لگائیں اور سوائے اپنے ان کا کوئی گواہ نہ ہو تو ان (تہمت لگانے والوں) میں سے ایک کی گواہی یہ ہے کہ اللہ کی قسم کے ساتھ چار بار گواہی دے کہ وہ سچوں میں سے ہے (۲۴/۶)

وَالْخَامِسَةُ أَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ إِنْ كَانَ

مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ

أَنْ تَشْهَدَ أَرْبَعَ شَهٰدٰتٍ بِاللّٰهِ إِنَّهُ لَمِنَ

الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَالْخَامِسَةَ أَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ

عَلَيْهَا إِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ النور ۱

اور پانچویں (بار یہ کہ) اللہ کی لعنت اس پر ہو اگر وہ
جھوٹوں میں سے ہے اور عورت سے یہ بات سزا کو ٹال
سکتی ہے کہ وہ اللہ کی قسم کے ساتھ چار بار گواہی دے کر (یہ
مرد) جھوٹوں میں سے ہے اور پانچویں (بار یہ) کہ اللہ
کا غضب اس پر ہو اگر وہ سچوں میں سے ہے ۲۴ / ۹۳۴

(فصل ۲۵) ظہار یعنی بیوی کو ماں کہہ دینے کی سزا کے متعلق اوامر

(۱) قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ فِيْ زَوْجِهَا

وَتَشْتَكِيْ إِلَى اللّٰهِ وَاللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ۚ

إِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ بَصِيْرٌ ۝ اَلَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْكُمْ

مِّنْ نِّسَائِهِمْ مَّا هُنَّ أُمَّهٰتِهِمْ ۖ إِنْ أُمَّهٰتُهُمْ

إِلَّا الّٰٓئِيْ وَلَدْنَهُمْ ۚ وَإِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِّنَ

الْقَوْلِ وَزُوْرًا ۚ وَإِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ۝ وَالَّذِيْنَ

اللہ نے اس (عورت) کی بات سن لی جو تجھ سے اپنے خاوند
کے بارے میں جھگڑتی تھی اور اللہ سے فریاد کرتی تھی اور اللہ
تم دونوں کی گفتگو سن رہا تھا اللہ سننے والا دیکھنے والا
ہے تم میں جو لوگ اپنی عورتوں کو مائیں کہہ دیتے ہیں ۝
ان کی مائیں نہیں ان کی مائیں صرف وہی ہیں جنہوں نے
انہیں جنا اور وہ بیہودہ بات اور جھوٹ کہتے ہیں اور اللہ یقیناً
معاف کرنے والا مغفرت کرنے والا ہے اور جو لوگ

يُظٰهِرُوْنَ مِنْ نِّسَآىِٕهِمْ ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا	اپنی عورتوں کو ماں کہہ دیتے ہیں پھر اس کی طرف واپس لوٹتے ہیں
فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَآسَّا ذٰلِكُمْ	جو کہا تھا تو ایک غلام کا آزاد کرنا ہے اس سے پہلے کہ وہ ایک دوسرے
تُوْعَظُوْنَ بِهٖ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ فَمَنْ	کو چھوئیں اس کے ساتھ تمہیں وعظ کیا جاتا ہے اور اللہ اس سے
لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِنْ قَبْلِ	جو تم کرتے ہو خبردار ہے پھر جو کوئی (غلام) نہ پائے تو دو مہینے
اَنْ يَّتَمَآسَّا فَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَاِطْعَامُ	کے پے درپے روزے ہیں اس سے پہلے کہ وہ ایک دوسرے کو
سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا ذٰلِكَ لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ	چھوئیں پھر جسے (یہ) طاقت نہ ہو تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا
رَسُوْلِهٖ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ وَلِلْكٰفِرِيْنَ	کھلانا ہے یہ اس لئے کہ تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ
عَذَابٌ اَلِيْمٌ — المجادلة ١	اور یہ اللہ کی (قائم کردہ) حدیں ہیں اور کافروں کے لئے دردناک عذاب ہے (۲۸ / ۴-۱)

(فصل ۲۶) ہجرت کرنے والی مومن عورتوں کے متعلق اوامر

(۱) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا جَآءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ	اے لوگو جو ایمان لائے ہو جب مومن عورتیں تمہارے پاس ہجرت
مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِهِنَّ	کرتی ہوئی آئیں تو ان کا امتحان لے لیا کرو اللہ ان کے ایمان
(۲) وَاٰتُوْهُمْ مَّآ اَنْفَقُوْا وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ	اور جو انہوں نے خرچ کیا ہے انہیں دے دو اور تم پر کوئی گناہ نہیں

أَنْ تَنْكِحُوهُنَّ إِذَا آتَيْتُمُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ ؕ الممتحنة ۲	کہ تم ان سے نکاح کرو جب تم انھیں ان کے مہر دیدو ۶۰/۱۰
(۳) وَسْئَلُوا مَا أَنْفَقْتُمْ وَلْيَسْئَلُوا مَا أَنْفَقُوا ؕ ذٰلِكُمْ حُكْمُ اللّٰهِ ؕ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ۝	اور تم طلب کرو جو تم نے خرچ کیا ہے اور وہ طلب کریں جو انھوں نے خرچ کیا ہے یہ اللہ کا حکم ہے وہ تمھارے درمیان فیصلہ کرتا ہے اور اللہ علم والا حکمت والا ہے ۶۰/۱۰
(۴) وَإِنْ فَاتَكُمْ شَيْءٌ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ إِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَآتُوا الَّذِينَ ذَهَبَتْ أَزْوَاجُهُمْ مِثْلَ مَا أَنْفَقُوا ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِي أَنْتُمْ بِهِ مُؤْمِنُونَ ۝ الممتحنة ۲	اور اگر تمھاری عورتوں (کے مہروں سے) کچھ تم سے نکل کر کافروں کی طرف چلا گیا ہے پھر تمھاری باری آئے تو ان لوگوں کو جن کی عورتیں چلی گئی ہیں اس کی مثل دیدو جو انھوں نے خرچ کیا ہے اور اللہ کا تقویٰ کرو جس پر تم ایمان لائے ہو ۶۰/۱۱

(فصل ۲۷) ہجرت کرنے والی مومن عورتوں کے متعلق نواہی

(۱) فَإِنْ عَلِمْتُمُوهُنَّ مُؤْمِنَاتٍ فَلَا تَرْجِعُوهُنَّ إِلَى الْكُفَّارِ ؕ لَا هُنَّ حِلٌّ لَهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّونَ لَهُنَّ ۝ الممتحنة ۲	پھر اگر تم انھیں مومنہ جانو تو انھیں کافروں کی طرف نہ لوٹاؤ نہ وہ عورتیں ان کے لئے حلال ہیں اور نہ وہ ان عورتوں کے لئے حلال ہیں ۶۰/۱۰

(فصل ۲۸) کافر عورتوں کو نکاح میں رکھنے کی نہی

(۱) وَلَا تُمْسِكُوا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ الممتحنة ۲	اور کافر عورتوں کو اپنے نکاح میں نہ روکے رکھو ۶۰/۱۰

(فصل ۲۹) وہ اوامر جن میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ازواج مطہرات کو مخاطب کیا گیا

آیت	سورت	ترجمہ	حوالہ
(۱) وَقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوفًا ۝	الاحزاب ۴	اور نیکی کی بات کہو	۳۳/۳۲
(۲) وَقَرْنَ فِي بُيُوتِكُنَّ	″	اور اپنے گھروں میں قرار پکڑو	۳۳/۳۳
(۳) وَأَقِمْنَ الصَّلَاةَ وَآتِينَ الزَّكَاةَ وَأَطِعْنَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ ۚ إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا ۝		اور نماز کو قایم کرو اور زکوٰۃ دو اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اللہ یہی چاہتا ہے کہ تم سے اے اہل بیت ناپاکی کو دور کرے اور تمہیں بالکل پاک صاف کر دے	۳۳/۳۳
(۴) وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلَىٰ فِي بُيُوتِكُنَّ مِنْ آيَاتِ اللَّهِ وَالْحِكْمَةِ ۚ إِنَّ اللَّهَ كَانَ لَطِيفًا خَبِيرًا ۝		اور اسے یاد رکھو جو تمہارے گھروں میں اللہ کی آیتوں اور حکمت سے پڑھا جاتا ہے اللہ باریک باتوں کا جاننے والا خبردار ہے	۳۳/۳۴
(۵) وَاتَّقِينَ اللَّهَ	الاحزاب ۷	اور (اے بی بیو!) اللہ کا تقویٰ کرو	۳۳/۵۵

(فصل ۳۰) وہ نواہی جن میں آنحضرت صلی اللہ علیہ کے ازواج مطہرات کو مخاطب کیا گیا

آیت	سورت	ترجمہ	حوالہ
(۱) يَا نِسَاءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَأَحَدٍ مِّنَ النِّسَاءِ ۚ إِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِي فِي قَلْبِهِ مَرَضٌ	الاحزاب ۴	اے نبی کی عورتو! تم اور عورتوں کی طرح نہیں ہو اگر تم تقویٰ اختیار کرو سو نرم آواز میں بات نہ کرو ایسا نہ ہو کہ وہ جس کے دل میں بیماری ہے طمع کرے	۳۳/۳۲

آیت	ترجمہ
(۲) وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُوْلٰى (الاحزاب ۴)	اور پہلی جاہلیت کی طرح بناؤ سنگھار نہ دکھاتی پھرو ۳۳/۳۳

فصل (۳۱) اے نبیؐ اپنی بیبیوں سے کہدے

آیت	ترجمہ
(۱) يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ إِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ	اے نبی! اپنی بیویوں سو کہدے کہ اگر تم دنیا کی زندگی اور اس کی
الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ أُمَتِّعْكُنَّ وَأُسَرِّحْكُنَّ	زینت کو چاہتی ہو تو آؤ میں تمہیں سامان دوں اور تمہیں اچھی طرح
سَرَاحًا جَمِيْلًا ۝ وَإِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ	سو رخصت کردوں اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول کو اور آخرت
وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَإِنَّ اللّٰهَ أَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ	کے گھر کو چاہتی ہو تو اللہ نے تم میں سو نیکی کرنے والیوں کے لئے
مِنْكُنَّ أَجْرًا عَظِيْمًا ۝ (الاحزاب ۴)	بڑا اجر تیار کیا ہے ۳۳/۲۸-۲۹

فصل (۳۲) اے نبیؐ اپنی بیویوں اپنی بیٹیوں اور مومنوں کی عورتوں سو کہدے

آیت	ترجمہ
(۱) يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ	اے نبی اپنی بیویوں اور اپنی بیٹیوں اور مومنوں کی عورتوں سو
الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ	کہدے کہ اپنی چادریں اپنے اوپر اوڑھ لیا کریں یہ زیادہ قریب ہے کہ
ذٰلِكَ أَدْنٰى أَنْ يُعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ۝ (الاحزاب ۸)	وہ پہچان لی جائیں تو انہیں ایذا نہ دی جائے ۳۳/۵۹

فصل (۳۳) اے نبیؐ مومن عورتوں سے کہدے

آیت	ترجمہ
(۱) وَقُلْ لِلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ أَبْصَارِهِنَّ	اور مومن عورتوں کو کہدے اپنی نظریں نیچی رکھا کریں

لہ حاشیہ برصفحہ ۲۸۰

وَيَحْفَظْنَ فُرُوجَهُنَّ وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا مَا[1]	اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں اور اپنی زینت کو ظاہر نہ کریں
ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلَىٰ جُيُوبِهِنَّ وَلَا	سوائے اس کے جو (عادتاً) کھلی رہتی ہو اور چاہیے کہ اپنی اوڑھنیاں اپنے
يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا لِبُعُولَتِهِنَّ أَوْ آبَائِهِنَّ أَوْ	سینوں پر ڈال لیں اور اپنی زینت کو (اور کسی کے سامنے) ظاہر نہ کریں
آبَاءِ بُعُولَتِهِنَّ أَوْ أَبْنَائِهِنَّ أَوْ أَبْنَاءِ بُعُولَتِهِنَّ	سوائے اپنے خاوندوں کے یا اپنے باپوں کے یا اپنے خاوندوں کے باپوں
أَوْ إِخْوَانِهِنَّ أَوْ بَنِي إِخْوَانِهِنَّ أَوْ بَنِي أَخَوَاتِهِنَّ	کے یا اپنے بیٹوں کے یا اپنے خاوندوں کے بیٹوں کے یا اپنے بھائیوں کے
أَوْ نِسَائِهِنَّ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ أَوِ التَّابِعِينَ	یا اپنے بھائیوں کے بیٹوں کے یا اپنی بہنوں کے بیٹوں کے یا اپنی عورتوں کے یا ان کے جن کے ان کے داہنے ہاتھ مالک ہیں یا مردوں میں سے ایسے
غَيْرِ أُولِي الْإِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ أَوِ الطِّفْلِ الَّذِينَ	خادموں کے جو (عورتوں کی) حاجت نہیں رکھتے یا لڑکوں کے جو عورتوں
لَمْ يَظْهَرُوا عَلَىٰ عَوْرَاتِ النِّسَاءِ وَلَا يَضْرِبْنَ	کے پردے کی باتوں سے واقف نہیں اور اپنے پاؤں کو
بِأَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِينَ مِنْ زِينَتِهِنَّ وَ	(اس طرح) زمین پر نہ ماریں کہ ان کے چھپے ہوئے زیور معلوم ہو جائیں
تُوبُوا إِلَى اللَّهِ جَمِيعًا أَيُّهَ الْمُؤْمِنُونَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ	اور اے مومنو سب کے سب اللہ کی طرف رجوع کرو تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ ۲۴/۳۱

(فصل ۳۴) بوڑھی عورتوں کی زینت کے متعلق اوامر

وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَاءِ اللَّاتِي لَا يَرْجُونَ نِكَاحًا	اور بڑی عمر کی عورتیں جو نکاح کی امید نہیں رکھتیں

[1] حاشیہ بر صفحہ ۲۸۰

فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ جُنَاحٌ اَنْ يَّضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۢ بِزِيْنَةٍ ۭ وَاَنْ يَّسْتَعْفِفْنَ خَيْرٌ لَّهُنَّ ۭ

ان پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ اپنے (اوپر کے) کپڑے اتار رکھیں بغیر اس کے کہ سنگھار دکھاتی پھریں اور وہ اپنے آپ کو بچائے رکھیں تو ان کے لئے بہتر ہے ۲۴/۶۰

(فصل ۳۵) اے نبی مومن عورتوں سے بیعت لے اور ان کے لئے بخشش مانگ

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَاۗءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰٓي اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْــــًٔا وَّلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ وَلَا يَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ۭ الممتحنہ ۲

اے نبی! جب تیرے پاس مومن عورتیں آئیں تجھ سے بیعت کریں اس بات پر کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کریں گی نہ چوری کریں گی اور نہ زنا کریں گی اور نہ اپنی اولاد کو قتل کریں گی نہ اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے سامنے کوئی بہتان باندھ لائیں گی اور نہ کسی اچھی بات میں تیری نافرمانی کریں گی تو ان سے بیعت لے لے اور ان کے لئے اللہ سے بخشش مانگ ۶۰/۱۲

(فصل ۳۶) مردوں اور عورتوں کے جائز طور پر کمانے میں مساوات

(۱) وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِيْ عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۠

(اور ان کے لئے پسندیدہ طور پر حقوق) ہیں جیسے ان پر (حقوق) ہیں ۲/۲۲۸

(۲) لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا ۭ وَلِلنِّسَاۗءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ ۭ النساء

مردوں کا حصہ ہے جو وہ کمائیں اور عورتوں کا حصہ ہے جو وہ کمائیں ۴/۳۲

(باب ۱۶) وہ اوامر و نواہی جن میں ایمان والوں کو مخاطب کیا گیا

(فصل ۱) رکوع کرو، سجدہ کرو، اپنے رب کی عبادت کرو اور نیک کام کرو

آیت	ترجمہ	حوالہ
(۱) یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَیْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۔ (الحج)	اے لوگو! جو ایمان لائے ہو رکوع کرو اور سجدہ کرو اور اپنے رب کی عبادت کرو اور نیک کام کرو تاکہ تم کامیاب ہو	۲۲/۷۷
(۲) یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّ اَرْضِیْ وَاسِعَةٌ فَاِیَّایَ فَاعْبُدُوْنِ ۔ (العنکبوت ۹)	اے میرے بندو جو ایمان لائے ہو میری زمین فراخ ہے سو میری ہی عبادت کرو	۲۹/۵۶

(فصل ۲) خدا کو پکارو

آیت	ترجمہ	حوالہ
(۱) وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا وَذَرُوا الَّذِیْنَ یُلْحِدُوْنَ فِیْۤ اَسْمَآىِٕهٖ سَیُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۔ (الاعراف ۲۲)	اور اللہ کے سب اچھے نام ہیں سو ان کے ساتھ اس کو پکارو اور ان کو چھوڑ دو جو اس کے ناموں میں ٹیڑھی راہ چلتے ہیں ان کو اس کا بدلہ دیا جاویگا جو وہ کرتے تھے	۷/۱۸۰
(۲) فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۔ (المؤمن ۲)	تو اللہ کو اسی کی خالص فرماں برداری کرتے ہوئے پکارو اگرچہ کافر ناپسند کریں	۴۰/۱۴

(فصل ٣) اللہ اور اس کے رسولوں اور اس کی کتابوں پر ایمان لاؤ

(١) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ (النساء ٢٠)

اے لوگو! جو ایمان لائے ہو اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے رسول پر اور اس کتاب پر جو اس نے اپنے رسول پر اتاری اور اس کتاب پر جو پہلے اتاری ٤/١٣٦

(٢) لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ (الفتح ١)

تاکہ تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اس کی مدد کرو اور اس کا ادب کرو ٤٨/٩

(٣) وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ (الحدید ٤)

اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ ٥٧/٢٨

(فصل ٤) اللہ کو یاد کرو۔ اس کا شکر کرو اور اس کی تسبیح کرو

(١) فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ (البقرة ١٨)

پس مجھے یاد کرتے رہو میں تمھیں یاد رکھوں گا اور میرا شکر کرو ٢/١٥٢

(٢) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ۙ وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا (الاحزاب، الفتح ١)

اے لوگو جو ایمان لائے ہو اللہ کو بہت یاد کرو اور صبح اور شام اس کی تسبیح کرو ٣٣/٤١-٤٢، ٤٨/٩

(فصل ٥) مال اور اولاد اللہ کی یاد سے غافل نہ کریں

(١) لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ (المنافقون ٢)

نہ تمھارے مال اور نہ ہی تمھاری اولاد تمھیں اللہ کے ذکر سے غافل کریں ٦٣/٩

(فصل ۶) اللہ کی نعمت اور اس کے عہد کو یاد کرو

(۱) وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ — اٰل عمران ۱۱ — اور اپنے اوپر اللہ کی نعمت کو یاد کرو

(۲) وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمِيْثَاقَهُ الَّذِيْ	اور اللہ کی نعمت یاد کرو (جو) تم پر ہے اور اس کے
وَاثَقَكُمْ بِهٖ — المائدہ ۲	اس عہد کو بھی جو اس نے تم سے پختہ لیا
(۳) وَاذْكُرُوْا اِذْ اَنْتُمْ قَلِيْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ	اور یاد کرو جب تم تھوڑے زمین میں کمزور تھے ڈر رہے تھے
فِي الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ اَنْ يَّتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ	کہ لوگ تم کو زبردستی پکڑ کے لے جائیں سو اس نے تم کو پناہ دی
فَاٰوٰىكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ	اور اپنی نصرت کے ساتھ تمہاری تائید کی اور تم کو اچھی چیزوں
الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۔ الانفال ۳	سے رزق دیا تاکہ تم شکر کرو

(فصل ۷) عذر کی حالت میں تیمم کرلیا کرو

(۱) وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ	اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی جائے ضرور
اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ	سے آئے یا تم نے عورتوں کو چھوا ہو پھر تم کو پانی نہ ملے تو پاک مٹی
فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا	کا قصد کرو

فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ ۔	النساء ۷ ۔ المائدہ ۲	پھر اپنے مونہوں اور ہاتھوں پر مسح کرلو ۴/۴۳ ۔ ۵/۶

(فصل ۸) اگر جنابت کی حالت ہو تو غسل کرلیا کرو

(۱) وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ۔	المائدہ ۲	اور اگر حالت جنابت میں ہو تو نہا لیا کرو ۵/۶

(فصل ۹) نماز کے لئے وضو کرلیا کرو

(۱) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ	اے لوگو جو ایمان لائے ہو جب تم نماز کو اٹھو تو اپنے منہ اور
فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَ	کہنیوں تک اپنے ہاتھ دھولیا کرو اور اپنے سروں کا مسح کرلیا
امْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ (المائدہ ۲)	کرو اور ٹخنوں تک اپنے پاؤں (دھولیا کرو) ۵/۶

(فصل ۱۰) امن، خوف، سفر اور جنگ کی حالت میں نماز کے متعلق اوامر

(۱) وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ البقرۃ ۱۳ ۔ الانعام ۹ ۔ الحج ۱۰ ۔ النور ۷	اور نماز کو قایم کرو ۲/۱۱۰ ۔ ۶/۷۲ ۔ ۲۲/۷۸ ۔ ۲۴/۵۶ ۔ ۳۰/۳۱
الروم ۴ ۔ المجادلہ ۲ ۔ المزمل ۲	۵۸/۱۳ ۔ ۷۳/۲۰
(۲) حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى وَقُوْمُوْا	تم اپنی نمازوں اور درمیانی نماز کی محافظت کرو اور اللہ کے
لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ رُكْبَانًا فَاِذَآ	فرمانبردار بن کر کھڑے ہو جاؤ پھر اگر تم کو ڈر ہو تو پیدل یا سوار (جس طرح ہو نماز پڑھ لو) پھر جب

اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ۝ البقرۃ ۳۱	امن میں ہو جاؤ تو اللہ کو یاد کرو جس طرح اس نے تمہیں سکھایا جو تم نہیں جانتے تھے ۲/۲۳۸ ، ۲/۲۳۹
(۳) وَاِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ اِنْ خِفْتُمْ اَنْ يَّفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا النساء ۱۵	اور جب تم زمین میں سفر کرو تو تم پر کوئی گناہ نہیں کہ نماز کو کم کرلو۔ اگر تمہیں ڈر ہو کہ جو کافر ہیں وہ تمہیں تکلیف پہنچائیں گے ۴/۱۰۱
(۴) وَاِذَا كُنْتَ فِيْهِمْ فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ فَلْتَقُمْ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ مَّعَكَ وَلْيَاْخُذُوْا اَسْلِحَتَهُمْ فَاِذَا سَجَدُوْا فَلْيَكُوْنُوْا مِنْ وَّرَآئِكُمْ وَلْتَاْتِ طَآئِفَةٌ اُخْرٰى لَمْ يُصَلُّوْا فَلْيُصَلُّوْا مَعَكَ وَلْيَاْخُذُوْا حِذْرَهُمْ وَاَسْلِحَتَهُمْ النساء ۱۵	اور جب تو ان کے درمیان ہو پھر ان کے لئے نماز قایم کرے تو چاہیے کہ ان میں سے ایک گروہ تیرے ساتھ کھڑا ہو اور چاہیے کہ وہ اپنے ہتھیار لے لیں پھر جب سجدہ کر چکیں تو وہ تمہارے پیچھے ہو جائیں اور چاہیے کہ ایک دوسرا گروہ جنہوں نے نماز نہیں پڑھی آئے پھر وہ تیرے ساتھ نماز پڑھیں اور وہ اپنا بچاؤ اور اپنے ہتھیار لئے رہیں ۴/۱۰۲
(۵) فَاِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ	پھر جب تم نماز ادا کر چکو تو کھڑے بیٹھے اور اپنی کروٹوں پر اللہ کو یاد کرو

فَإِذَا اطْمَأْنَنْتُمْ فَأَقِيمُوا الصَّلٰوةَ إِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ	اور جب مطمئن ہو جاؤ تو نماز کو (اصلی حالت پر) قائم کرو نماز مومنوں
عَلَى الْمُؤْمِنِينَ كِتٰبًا مَّوْقُوتًا ۝ النسآء ۱۵	پر مقررہ اوقات میں فرض کی گئی ہے ۴/۱۰۳

(فصل ۱۱) جمعہ کی نماز کے متعلق اوامر

(۱) يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوٓا إِذَا نُودِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ	اے لوگو جو ایمان لائے ہو جب جمعہ کے دن نماز کے لئے بلایا جائے
يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ	تو اللہ کے ذکر کی طرف جلدی آجاؤ اور کاروبار کو چھوڑ دو
ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ فَإِذَا قُضِيَتِ	یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم علم رکھتے ہو پس جب نماز ہو چکے
الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوا فِي الْأَرْضِ وَابْتَغُوا مِنْ	تو زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ کا فضل تلاش کرو اور اللہ کو
فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝ الجمعۃ ۲	بہت یاد کرو تاکہ تم کامیاب ہو ۶۲/۱۰-۹

(فصل ۱۲) تہجد کی نماز میں قرآن پڑھنے کے متعلق امر

(۱) فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ۝ المزمل ۲	سو قرآن سے جو آسانی پڑھ سکتے ہو پڑھو ۷۳/۲۰

(فصل ۱۳) نماز کے متعلق نواہی

(۱) يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَأَنْتُمْ سُكٰرٰى	اے لوگو جو ایمان لائے ہو نماز کے نزدیک نہ جاؤ جب تم نشہ میں ہو

آیت	ترجمہ
حَتّٰی تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ (النساء)	یہاں تک کہ سمجھنے لگو جو کہتے ہو ۴/۴۳
(۲) وَلَا جُنُبًا اِلَّا عَابِرِیْ سَبِیْلٍ حَتّٰی تَغْتَسِلُوْا ؕ	اور نہ جنابت کی حالت میں سوائے اس کے کہ راستہ گذر رہے ہو نہاکر

(فصل ۱۴) زکوٰۃ، خیرات اور صدقہ اور ان کے مستحقین کے متعلق اوامر

آیت	ترجمہ
(۱) وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ (البقرۃ، الحج، النور، المجادلہ، المزمل)	اور زکوٰۃ دو ۲/۱۱۰ - ۲۲/۷۸ - ۲۴/۵۶ - ۵۸/۱۳ - ۷۳/۲۰
(۲) وَاَنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ (البقرۃ)	اور اللہ کی راہ میں خرچ کرو ۲/۱۹۵
(۳) یٰۤاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰکُمْ ؕ	اے لوگو جو ایمان لائے ہو اس میں سے جو ہم نے تم کو دیا ہے خرچ کرو ۲/۲۵۴
(۴) اَنْفِقُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا کَسَبْتُمْ وَمِمَّاۤ اَخْرَجْنَا لَکُمْ مِّنَ الْاَرْضِ ... وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰہَ غَنِیٌّ حَمِیْدٌ ۝ (البقرۃ)	ان اچھی چیزوں سے خرچ کرو جو تم کماتے ہو اور اس سے جو ہم نے تمہارے لئے زمین سے نکالا ہے ... اور جان لو کہ اللہ بے نیاز تعریف کیا گیا ہے ۲/۲۶۷
(۵) اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰکِیْنِ وَالْعٰمِلِیْنَ عَلَیْھَا وَالْمُؤَلَّفَۃِ قُلُوْبُھُمْ وَفِی الرِّقَابِ وَالْغٰرِمِیْنَ وَفِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَابْنِ السَّبِیْلِ ؕ فَرِیْضَۃً مِّنَ اللّٰہِ ؕ (التوبۃ)	زکوٰۃ صرف ناداروں کے لئے ہے اور مسکینوں اور اس کے کارکنوں (کے لئے) اور جن کے دل مائل کرنا ہے اور غلاموں کے آزاد کرنے اور قرض داروں (کے لئے) اور اللہ کی راہ میں اور مسافر (کے لئے)، یہ اللہ کی طرف سے ضروری ٹھہرایا گیا ہے ۹/۶۰

(۶) هَآ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ۚ	دیکھو تم وہ لوگ ہو جو بلائے جاتے ہو کہ اللہ کی راہ میں خرچ کرو ۴۷/۳۸
(۷) وَاَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰكُمْ ‏ المنٰفقون ۲	اور اس سے خرچ کرو جو ہم نے تمھیں دیا ہے ۶۳/۱۰
(۸) وَاَنْفِقُوْا خَیْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ؕ التغابن ۲	اور خرچ کرو تمھارے اپنے لئے بہتر ہے ۶۴/۱۶
(۹) اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا یُّضٰعِفْهُ لَكُمْ	اگر تم اللہ کے لئے کوئی اچھا مال الگ کرو تو وہ اسے تمھارے لئے بڑھا کر ۶۴/۱۷
(۱۰) وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ‏ المزمل ۲	اور اللہ کے لئے اچھے مال الگ کرو ۷۳/۲۰

(فصل ۱۵) زکوٰۃ خیرات اور صدقہ کے متعلق نواہی

(۱) لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰی ‏ البقرۃ ۳۶	اپنی خیرات کو احسان جتا کر اور ستا کر باطل نہ کرو ۲/۶۴
(۲) وَلَا تَیَمَّمُوا الْخَبِیْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ	اور ردی چیز دینے کا قصد نہ کرو اس میں سے تم خرچ کرو گے
وَلَسْتُمْ بِاٰخِذِیْهِ اِلَّاۤ اَنْ تُغْمِضُوْا فِیْهِ ؕ ‏ البقرۃ ۳۶	حالانکہ تم خود اس کو لینے والے نہیں سوائے اس کے کہ اسکی قیمت کم کرو ۲/۲۶۷

(فصل ۱۶) روزوں کے متعلق اوامر

(۱) یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَیْكُمُ الصِّیَامُ	اے لوگو جو ایمان لائے ہو تمھارے لئے روزے ضروری ٹھہرائے گئے ہیں
كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ‏ البقرۃ ۲۳	جیسے کہ ان لوگوں کے لئے ضروری ٹھہرائے گئے جو تم سے پہلے تھے تاکہ تم متقی ہو ۲/۱۸۳

(٢) أَيَّامًا مَّعْدُودَاتٍ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيضًا أَوْ	چند دن پھر جو کوئی تم میں سے بیمار ہو یا سفر میں ہو تو اور دنوں سے گنتی
عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ أَيَّامٍ أُخَرَ وَعَلَى الَّذِيْنَ	(پوری) کی جائے اور جو اس میں مشقت پاتے ہیں وہ ایک مسکین کا کھانا
يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا	فدیہ دیں پھر جو کوئی تکلف سے نیکی کرتا ہے وہ اس کے لئے بہتر ہے اور
فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ وَأَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ (البقرة ٢٣)	روزے رکھنا تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانو ٢/١٨٤
(٣) شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ أُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى	رمضان کا مہینہ جس میں قرآن اتارا گیا لوگوں کے لئے ہدایت اور
لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ فَمَنْ	ہدایت کی اور حق اور باطل کو الگ کر دینے کی کھلی دلیلیں ہیں پس
شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ وَمَنْ كَانَ	جو کوئی تم میں سے اس مہینہ کو پائے تو چاہیئے کہ اس کے روزے
مَرِيْضًا أَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ أَيَّامٍ أُخَرَ	رکھے اور جو کوئی بیمار ہو یا سفر میں ہو تو اور دنوں سے گنتی
يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ	(پوری کی جائے) اللہ تمہارے لئے آسانی چاہتا ہے اور
وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ وَ	تمہارے لئے تنگی نہیں چاہتا اور کہ تم گنتی کو پورا کرو اور اللہ کی
لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ البقرة ٢٣	بڑائی کرو اس لئے کہ اس نے تمہیں ہدایت کی اور تاکہ تم شکر کرو ٢/١٨٥
(٤) وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَإِنِّيْ قَرِيْبٌ	اور جب میرے بندے تجھ سے میرے متعلق پوچھیں تو میں قریب ہوں

اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِیْ	میں دعا کرنے والے کی دعا کو جب وہ مجھے پکارتا ہے قبول
وَلْيُؤْمِنُوْا بِیْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ ۝ البقرۃ ۲۳	کرتا ہوں پس چاہیئے کہ میری فرمانبرداری کریں اور چاہیئے کہ مجھ [illegible]
(۵) اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ اِلٰى نِسَآئِكُمْ	تمہارے لئے روزوں کی رات میں اپنی عورتوں کی طرف رغبت
هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ عَلِمَ اللّٰهُ	کرنا حلال کیا گیا ہے وہ تمہارے لئے لباس ہیں اور تم ان کے
اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ	لئے ہو اللہ جانتا ہے کہ تم اپنی جانوں کو نقصان پہونچانا
وَعَفَا عَنْكُمْ فَالْئٰنَ بَاشِرُوْهُنَّ وَابْتَغُوْا	چاہتے تھے سو اس نے تم پر رجوع برحمت کیا اور تم کو معاف کیا
مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى	پس اب ان سے میل جول کرو اور جو اللہ نے تمہارے لئے مقرر کیا
يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ	ہے چاہو اور کھاؤ اور پیو یہانتک کہ تمہارے لئے صبح کی سفید دھاری سیاہ دھاری سے الگ ہو جائے پھر رات تک
مِنَ الْفَجْرِ ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ ۚ	روزے کو پورا کرو ۱۸۲/۲

(فصل ۱۷) اعتکاف کی حالت میں نواہی

(۱) وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ وَاَنْتُمْ عَاكِفُوْنَ	اور جب تم مسجدوں میں اعتکاف میں ہو تو ان سے میل جول
فِی الْمَسٰجِدِ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا البقرۃ ۲۳	نہ کرو یہ اللہ کی حدیں ہیں پس تم انکے قریب مت جاؤ ۱۸۲/۲

فصل ۱۸) خانہ کعبہ۔ حج، عمرہ، قربانی، زادراہ اور حالت احرام میں شکار کے متعلق اوامر

آیات	ترجمہ	حوالہ
(۱) وَإِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَأَمْنًا ؕ وَاتَّخِذُوا مِن مَّقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى ؕ (البقرۃ ۱۵)	اور جب ہم نے خانہ (کعبہ) کو لوگوں کے لئے مرجع اور امن بنایا اور ابراہیم کے مقام کو قبلۂ نماز بناؤ	۲/۱۲۵
(۲) وَحَيْثُ مَا كُنتُمْ فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ شَطْرَهُ ؕ	اور جہاں کہیں تم ہو اپنے موہنوں کو اس کی طرف پھیر دو	۲/۱۴۴-۱۵۰
(۳) وَلِكُلٍّ وِجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيهَا ۖ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ ؕ	اور ہر ایک کے لئے ایک طرف ہے جدھر وہ منہ کرتا ہے پس نیکیوں کی ایک دوسرے [illegible]	۲/۱۴۸
(۴) وَاخْشَوْنِي (البقرۃ ۱۸)	اور مجھ سے ڈرو	۲/۱۵۰
(۵) إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِن شَعَائِرِ اللَّهِ ۖ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَن يَطَّوَّفَ بِهِمَا ۚ وَمَن تَطَوَّعَ خَيْرًا فَإِنَّ اللَّهَ شَاكِرٌ عَلِيمٌ ۝ (البقرۃ ۱۹)	صفا اور مروا اللہ کے نشانوں میں سے ہیں پس جو شخص خانہ کعبہ کا حج یا عمرہ کرے تو اس پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ ان دونوں کا طواف کرے اور جو کوئی شوق سے نیکی کرتا ہے تو اللہ بڑا قدردان جاننے والا ہے	۲/۱۵۸
(۶) وَأَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلَّهِ ۚ فَإِنْ أُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۖ (البقرۃ ۲۴)	اور حج اور عمرہ کو اللہ کے لئے پورا کرو پھر اگر تم رُکے جاؤ تو جو کچھ قربانی آسانی سے میسر آئے کرو	۲/۱۹۶

(۷) فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ بِهٖٓ اَذًى مِّنْ
رَّاْسِهٖ فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ
فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ فَمَا
اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ
ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ فِى الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ اِذَا رَجَعْتُمْ تِلْكَ
عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ذٰلِكَ لِمَنْ لَّمْ يَكُنْ اَهْلُهٗ
حَاضِرِى الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا
اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ البقرۃ / ۲۴

پھر جو کوئی تم میں سے بیمار ہو یا اس کے سر میں کچھ دکھ ہو تو اس کا
فدیہ روزوں سے یا صدقہ سے یا قربانی سے دے پھر جب تم امن
میں ہو تو جو کوئی حج کے ساتھ عمرہ کا فائدہ اٹھائے تو جو قربانی
آسانی سے میسر آئے کر دے اور جو نہ پائے تو تین دن کے روزے
حج میں رکھے اور سات جب تم لوٹ کر آؤ یہ پورے دس ہیں
یہ اس کے لئے ہے جس کے اہل مسجد حرام کے رہنے والے نہ ہوں
اور اللہ کے تقویٰ پر رہو اور جان لو کہ اللہ (بدی کی) سزا
دینے میں سخت ہے ۲ / ۱۹۶

(۸) وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى
وَاتَّقُوْنِ يٰٓاُولِى الْاَلْبَابِ ۝ البقرۃ / ۲۵

اور زاد (راہ) لے لیا کرو البتہ بہترین توشہ تقویٰ سے ہے
اور اے عقل والو میرا تقویٰ اختیار کرو ۲ / ۱۹۷

(۹) لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ
رَّبِّكُمْ فَاِذَآ اَفَضْتُمْ مِّنْ عَرَفٰتٍ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ
عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ وَاذْكُرُوْهُ كَمَا هَدٰىكُمْ ۔

تم پر کوئی گناہ نہیں کہ اپنے رب سے فضل کی طلب میں لگو پھر جب
تم عرفات سے نکلو تو مشعر الحرام کے پاس اللہ کا
ذکر کرو اور اسے یاد کرو جیسے اس نے تمہیں ہدایت دی ۲ / ۱۹۸

آیت	ترجمہ
(۱۰) ثُمَّ اَفِيضُوا مِنْ حَيْثُ اَفَاضَ النَّاسُ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ	پھر تم وہاں سے ہو کر چلو جہاں سے لوگ ہو کر چلتے ہیں اور اللہ کی مغفرت مانگو ۲/۱۹۹
(۱۱) فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ آبَاءَكُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا ؕ	تو اللہ کا ذکر کرو جس طرح تم اپنے بڑوں کا ذکر کیا کرتے تھے بلکہ اس سے بڑھ کر ۲/۲۰۰
(۱۲) وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ — البقرة ۲۵	اور گنتی کے دنوں میں اللہ کو یاد کرو ۲/۲۰۳
(۱۳) وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْا اَنَّكُمْ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ؕ	اور اللہ کے تقویٰ پر رہو اور جان لو کہ تم اس کے حضور اکٹھے کیے جاؤ گے ۲/۲۰۳
(۱۴) وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ	اور لوگوں پر اللہ کے لیے اس گھر (خانہ کعبہ) کا حج کرنا
اِلَيْهِ سَبِيْلًا ؕ — آل عمران ۱۰	ہے اس پر جو اس تک راہ پا سکے ۳/۹۶
(۱۵) وَاِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا — المائدہ ۱	اور جب تم احرام کھولو تو شکار کرو ۵/۲
(۱۶) وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى 〃	اور نیکی اور تقویٰ پر ایک دوسرے کی مدد کرو ۵/۲
(۱۷) وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ؕ	اور اللہ کا تقویٰ کرو اللہ (بدی کی) سزا دینے میں سخت ہے ۵/۲
(۱۸) اُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهٗ مَتَاعًا	تمھارے لئے دریا کا شکار اور اس کا طعام حلال کیا گیا ہے
لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ ۔۔۔ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ	تمھارے اور مسافروں کے فائدے کے لئے ۔۔۔ اور اللہ کا
اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ؕ — المائدہ ۱۳	تقویٰ کرو جس کی طرف تم اکٹھے کیے جاؤ گے ۵/۹۶

(۱۹) اِعْلَمُوْآ اَنَّ اللّٰہَ شَدِیْدُ الْعِقَابِ — المائدہ ۱۳

جان لو کہ اللہ (بدی کی) سزا دینے میں سخت ہے — ۵/۹۸

(۲۰) وَاَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ یَاْتُوْکَ رِجَالًا وَّعَلٰی کُلِّ ضَامِرٍ یَّاْتِیْنَ مِنْ کُلِّ فَجٍّ عَمِیْقٍ — الحج ۴

اور لوگوں میں حج کے لئے پکار دے وہ تیری طرف آئیں گے (کچھ) پیدل اور (کچھ) ہر طرح کی دبلی (سواریوں) پر جو ہر دور کے رستے سے آتی ہونگی — ۲۲/۲۷

(۲۱) لِیَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ وَیَذْکُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فِیْٓ اَیَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ عَلٰی مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِیْمَةِ الْاَنْعَامِ فَکُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْبَآئِسَ الْفَقِیْرَ

تاکہ اپنے فائدہ کی جگہوں پر حاضر ہوں اور مقرر دنوں میں اللہ کے نام کا ذکر اس پر کریں جو اس نے انھیں چار پائے جانور دیئے ہیں سو ان سے کھاؤ اور تکلیف والے محتاج کو کھلاؤ — ۲۲/۲۸

(۲۲) ثُمَّ لْیَقْضُوْا تَفَثَهُمْ وَلْیُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ وَلْیَطَّوَّفُوْا بِالْبَیْتِ الْعَتِیْقِ ۝

پھر چاہیئے کہ اپنی میل کچیل اتاریں اور اپنی منتوں کو پورا کریں اور قدیم گھر کا طواف کریں — ۲۲/۲۹

(۲۳) فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ ۝ — الحج ۴

پس بتوں کی ناپاکی سے بچو اور جھوٹ بات سے بچو — ۲۲/۳۰

(۲۴) وَلِکُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَکًا لِّیَذْکُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلٰی مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِیْمَةِ الْاَنْعَامِ فَاِلٰهُکُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَلَهٗٓ اَسْلِمُوْا — الحج ۵

اور ہر قوم کے لئے ہم نے قربانی مقرر کی ہے تاکہ اللہ کا نام اس پر یاد کریں جو اس نے انھیں چار پائے جانوروں سے دیئے ہیں پس تمھارا معبود ایک ہی معبود ہے سو اسی کے فرمانبردار ہو جاؤ — ۲۲/۳۴

(٢٥) وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ فَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا صَوَآفَّ فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ (الحج)

اور قربانی کے اونٹوں کو ہم نے تمہارے لئے اللہ کے نشانوں سے ٹھہرایا ہے تمہارے لئے ان میں بھلائی ہے تو اللہ کا نام ان پر یاد کرو جب (وہ) قطار باندھے ہوئے (رہوں) پھر جب وہ پہلو کے بل گر پڑیں تو ان سے کھاؤ اور سوال نہ کرنے والے اور سوال کرنے والے کو کھلاؤ ٢٢/٣٦

(٢٦) كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ

اسی طرح اس نے انہیں تمہارے کام میں لگا دیا تاکہ تم اس پر اللہ کی بڑائی کرو جو تم نے

(فصل ١٩) خانہ کعبہ، حج، عمرہ، قربانی اور حالتِ احرام میں شکار سے متعلق نواہی

(١) فَلَا تَخْشَوْهُمْ — البقرۃ/١٨

سو ان سے مت ڈرو ٢/١٥٠

(٢) فَلَا تَحْلِقُوْا رُءُوْسَكُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ — البقرۃ/٢٤

اور اپنے سروں کو نہ منڈواؤ یہاں تک کہ قربانی اپنے ٹھکانے پر پہونچ جائے ٢/١٩٦

(٢) فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ (البقرۃ ٢٥)

تو حج میں نہ فحش کلام اور نہ گالی گلوچ اور نہ کوئی جھگڑا ہو ٢/١٩٧

(٣) غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ — المائدۃ/١

نہ شکار کو حلال جاننے والے جب تم حالتِ احرام میں ہو ٥/١

(٤) يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَآئِرَ اللّٰهِ وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَآئِدَ وَلَآ

اے لوگوں جو ایمان لائے ہو اللہ کے نشانوں کی بے حرمتی نہ کرو اور نہ حرمت والے مہینے کی اور نہ قربانیوں کی اور نہ ان کی جو گانی پہنائے گئے ہوں

آمِّينَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ	المائدہ ۱	اور نہ حرمت والے گھر کا قصد کرنے والوں کی	۵/۲
(۵) وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ أَنْ صَدُّوكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ		اور کسی قوم کی دشمنی کہ انھوں نے تم کو حرمت والی مسجد سے روکا	
الْحَرَامِ أَنْ تَعْتَدُوا	المائدہ ۱	تم کو اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم زیادتی کرو	۵/۲
(۶) وَلَا تَعَاوَنُوا عَلَى الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ	"	اور گناہ اور زیادتی پر ایک دوسرے کی مدد نہ کرو	۵/۲
(۷) لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَأَنْتُمْ حُرُمٌ وَمَنْ قَتَلَهُ مِنْكُمْ		شکار کو نہ مارو جب تم حالتِ احرام میں ہو اور جو کوئی تم میں سے	
مُتَعَمِّدًا فَجَزَاءٌ مِثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهِ		اسے جان بوجھ کر مارے تو (اس کا) بدلہ چارپایوں سے	
ذَوَا عَدْلٍ مِنْكُمْ هَدْيًا بَالِغَ الْكَعْبَةِ أَوْ كَفَّارَةٌ		اس کا مثل ہے جو مارا ہے جس کا فیصلہ تم میں سے دو عدل والے	
طَعَامُ مَسَاكِينَ أَوْ عَدْلُ ذَٰلِكَ صِيَامًا لِيَذُوقَ		کریں یہ قربانی کعبہ پہنچنے والی ہو یا کفارہ ہے مسکینوں کا کھانا یا	
وَبَالَ أَمْرِهِ	المائدہ ۱۳	اس کے برابر روزے رکھنا تاکہ اپنے کام کا برا نتیجہ چکھے	۵/۹۵
(۸) وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا	"	اور تم پر خشکی کا شکار حرام کیا گیا ہے جب تک کہ تم حالتِ احرام میں ہو	۵/۹۶
(۹) يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْمُشْرِكُونَ نَجَسٌ		اے لوگو! جو ایمان لائے ہو مشرک ضرور پلید ہیں سو اپنے اس سال کے	
فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هَٰذَا	التوبہ ۴	بعد وہ مسجد حرام کے پاس نہ آئیں	۹/۲۸

(فصل ۲۰) جہاد کے متعلق اوامر

آیت	ترجمہ
(۱) وَقَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَكُمْ (البقرة ۲۴)	اور اللہ کی راہ میں ان لوگوں سے جنگ کرو جو تم سے جنگ کرتے ہیں ۲/۱۹۰
(۲) وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوهُمْ وَأَخْرِجُوهُم مِّنْ حَيْثُ أَخْرَجُوكُمْ وَالْفِتْنَةُ أَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ	اور جہاں ان کو پاؤ مارو اور انھیں نکالدو جہاں سے اُنھوں نے تمھیں نکالا ہے اور فتنہ قتل سے بڑھ کر سخت ہے ۲/۱۹۱
(۳) فَإِن قَاتَلُوكُمْ فَاقْتُلُوهُمْ ۗ	پھر اگر وہ تم سے جنگ کریں تو تم ان کو مارو ۲/۱۹۱
(۴) وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّىٰ لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ لِلَّهِ ۖ (البقرة ۲۴ - الانفال ۵)	اور ان سے جنگ کرو یہاں تک کہ فتنہ باقی نہ رہے اور دین صرف اللہ کے لئے ہو ۲/۱۹۳ - ۸/۳۹
(۵) كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ ۖ وَعَسَىٰ أَن تَكْرَهُوا شَيْئًا وَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۖ وَعَسَىٰ أَن تُحِبُّوا شَيْئًا وَهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ۗ (البقرة ۲۶)	تم پر جنگ کرنی لکھی گئی اور وہ تم کو ناگوار ہے اور ہوسکتا ہے کہ تمھیں ایک چیز ناگوار ہو حالانکہ وہ تمھارے لئے اچھی ہو اور ہوسکتا ہے کہ تم ایک چیز کو پسند کرو اور وہ تمھارے لئے بُری ہو ۲/۲۱۶
(۶) وَقَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ	اور اللہ کی راہ میں جنگ کرو اور جان لو کہ اللہ سننے والا جاننے والا ہے ۲/۲۴۴
(۷) وَخَافُونِ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ﴿ (آل عمران ۱۸)	اور مجھ سے ہی ڈرو اگر تم مومن ہو ۳/۱۷۴

(٨) خُذُوا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوا ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوا جَمِيْعًا	اپنے بچاؤ کا سامان لے لیا کرو پھر گروہ گروہ ہو کر نکلو یا اکٹھے ہو کر نکلو ٤/٧١
(٩) فَلْيُقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ط النساء ١٠	سو چاہیے وہ لوگ اللہ کے رستہ میں جنگ کریں جو آخرت کے بدلے دنیا کی زندگی کو بیچتے ہیں ٤/٧٤
(١٠) وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ "	اور تمھیں کیا (عذر) ہے کہ تم اللہ کے رستے میں جنگ نہ کرو ٤/٧٥
(١١) فَقَاتِلُوْا اَوْلِيَآءَ الشَّيْطٰنِ ج اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيْفًا ٥ "	پس تم شیطان کے مددگاروں سے جنگ کرو شیطان کی جنگ یقیناً کمزور ہے ٤/٧٦
(١٢) فَاِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ النساء ١٢	لیکن اگر وہ پھر جائیں تو ان کو پکڑو اور ان کو قتل کرو جہاں کہیں انھیں پاؤ ٤/٨٩
(١٣) فَاِنْ لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ وَيُلْقُوْا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ وَيَكُفُّوْا اَيْدِيَهُمْ فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ ط النساء ١٢	پس اگر وہ تم سے کنارہ کش نہ ہوں اور (نہ) تم سے صلح کی درخواست کریں اور (نہ) اپنے ہاتھ روکیں تو ان کو پکڑو اور ان کو قتل کرو جہاں انھیں گھیر پاؤ ٤/٩١
(١٤) اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا النساء ١٣	جب تم اللہ کی راہ میں نکلو تو تحقیق کر لیا کرو ٤/٩٤

(١٥) وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِنْ كَانَ بِكُمْ أَذًى مِّنْ مَّطَرٍ أَوْ كُنْتُمْ مَّرْضَىٰ أَنْ تَضَعُوا أَسْلِحَتَكُمْ وَخُذُوا حِذْرَكُمْ ۚ النساء ١٥

اور تم پر کوئی گناہ نہیں کہ اگر تمہیں بارش کی وجہ تکلیف ہو یا تم بیمار ہو تو اپنے ہتھیار اتار رکھو اور اپنا بچاؤ لیتے رہو ۴/۱۰۲

(١٦) وَجَاهِدُوا فِي سَبِيلِهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۚ المائدہ ٦

اور اس کی راہ میں جہاد کرو تاکہ تم کامیاب ہو ۵/۳۵

(١٧) إِذْ يُوحِي رَبُّكَ إِلَى الْمَلَائِكَةِ أَنِّي مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِينَ آمَنُوا ۚ سَأُلْقِي فِي قُلُوبِ الَّذِينَ كَفَرُوا الرُّعْبَ فَاضْرِبُوا فَوْقَ الْأَعْنَاقِ وَاضْرِبُوا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ۚ الانفال ١٢

جب تیرا رب فرشتوں کو وحی کرتا تھا کہ میں تمہارے ساتھ ہوں سو جو ایمان لائے ان کو ثابت قدم رکھو میں ان کے دلوں میں جو کافر ہوئے رعب ڈال دوں گا سو گردنوں کے اوپر مارو اور ان کے پوروں کو کاٹ ڈالو ۸/۱۲

(١٨) وَإِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ مَوْلَاكُمْ ۚ الانفال ٥

اور اگر پھر جائیں تو جان لو کہ اللہ تمہارا مولیٰ ہے ۸/۴۰

(١٩) يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا لَقِيتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوا وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۚ الانفال

اے لوگو! جو ایمان لائے ہو جب تمہارا کسی جماعت سے مقابلہ ہو تو ثابت قدم رہو اور اللہ کو بہت یاد کرو تاکہ تم کامیاب ہو ۸/۴۵

(٢٠) الَّذِينَ عَاهَدْتَ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنْقُضُونَ عَهْدَهُمْ فِي كُلِّ مَرَّةٍ

وہ جن سے تو عہد کرتا ہے پھر وہ اپنا عہد ہر بار توڑ دیتے ہیں

وَّهُمْ لَا يَتَّقُوْنَ ۝ فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِى الْحَرْبِ	اور وہ (خلاف ورزی عہد سے) نہیں بچتے سو اگر تو ان کو لڑائی
فَشَرِّدْ بِهِمْ مَّنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ۝ الانفال	میں پائے تو ان (کی عبرتناک سزا) سے ان کو منتشر کر دو جو ان کے پیچھے ہیں
(۲۱) وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ	اور اگر تجھے کسی قوم سے دغابازی کا خوف ہو تو (ان کا عہد)
عَلٰى سَوَآءٍ ؕ الانفال ۸	برابری کو ملحوظ رکھتے ہوئے ان کی طرف پھینک دے ۸/۵۸
(۲۲) وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ	اور جو کچھ طاقت اور گھوڑوں کے سرحدوں پر باندھ رکھنے
وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ	سے تم سے ہو سکے ان کے لئے تیار رکھو تم اس کے ساتھ اللہ کے دشمن اور اپنے دشمن کو خوف زدہ رکھو اور ان کے سوا
وَاٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ الانفال ۸	اوروں کو بھی جنہیں تم نہیں جانتے ۸/۶۰
(۲۳) اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ثُمَّ	مگر جن مشرکوں کے ساتھ تم نے عہد کیا پھر انہوں نے تمہارے
لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ شَيْـًٔا وَّلَمْ يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ اَحَدًا	ساتھ کوئی کمی نہیں کی اور نہ تمہارے خلاف کسی کو مدد دی تو
فَاَتِمُّوْٓا اِلَيْهِمْ عَهْدَهُمْ اِلٰى مُدَّتِهِمْ ۝ التوبة ۱	ان کے ساتھ ان کا عہد ان کی مدت تک پورا کر دیں ۹/۴
(۲۴) فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا	پھر جب حرمت والے مہینے نکل جائیں تو ان مشرکوں کو جہاں
الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ	پاؤ قتل کرو اور ان کو پکڑو

آیت	ترجمہ
وَاحْصُرُوهُمْ وَاقْعُدُوا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ	اور ان کو روک رکھو اور ان کے لئے ہر گھات کی جگہ بیٹھو پھر
فَإِنْ تَابُوا وَأَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَآتَوُا الزَّكٰوةَ التوبة	اگر توبہ کریں اور نماز قایم کریں اور زکوٰۃ دیں تو ان کا رستہ
فَخَلُّوا سَبِيلَهُمْ إِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ	چھوڑ دو اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے ۹/۵
(۲۵) فَمَا اسْتَقَامُوا لَكُمْ فَاسْتَقِيمُوا لَهُمْ التوبة ۲	سو جب تک وہ تمہارے لئے (عہد پر) قایم رہیں تم انکے لئے قائم رہو
(۲۶) وَإِنْ نَكَثُوا أَيْمَانَهُمْ مِنْ بَعْدِ عَهْدِهِمْ	اور اگر وہ اپنے عہد کے بعد اپنی قسموں کو توڑ دیں اور تمہارے
وَطَعَنُوا فِي دِينِكُمْ فَقَاتِلُوا أَئِمَّةَ الْكُفْرِ	دین میں عیب لگائیں تو کفر کے سرداروں کے ساتھ جنگ کرو
إِنَّهُمْ لَا أَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَنْتَهُونَ	ان کی قسمیں کچھ نہیں تا کہ وہ باز آئیں ۹/۱۲
(۲۷) أَتَخْشَوْنَهُمْ فَاللّٰهُ أَحَقُّ أَنْ تَخْشَوْهُ	کیا تم ان سے ڈرتے ہو بلکہ اللہ ہی زیادہ حق رکھتا ہے کہ تم اس
إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ التوبة ۲	سے ڈرو اگر تم مومن ہو ۹/۱۳
(۲۸) قَاتِلُوهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِأَيْدِيكُمْ	ان سے جنگ کرو اللہ ان کو تمہارے ہاتھوں سے عذاب دیگا ۹/۱۴
(۲۹) قَاتِلُوا الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَلَا	ان سے جنگ کرو جو اللہ پر ایمان نہیں لاتے اور نہ پچھلے دن
بِالْيَوْمِ الْآخِرِ وَلَا يُحَرِّمُونَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ	پر اور نہ ان چیزوں کو حرام ٹھہراتے ہیں جو اللہ اور اس کے رسول نے حرام کیں

وَلَا يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ	اور نہ سچے دین کو اختیار کرتے ہیں ان لوگوں میں سے جن کو
حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ۝ التوبة ۲۹	کتاب دی گئی یہاں تک کہ وہ ہاتھ سے جزیہ دیں اور وہ محکوم ہوں ۹/۲۹
(۳۰) وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِيْنَ كَآفَّةً كَمَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ كَآفَّةً ۝	اور مشرکوں سے سب کے سب جنگ کرو جس طرح وہ تم سے سب کے سب
وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ۝ التوبة ۵	جنگ کرتے ہیں اور جان لو کہ اللہ متقیوں کے ساتھ ہے ۹/۳۶
(۳۱) اِنْفِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ التوبة ۶	اللہ کی راہ میں نکلو ۹/۳۸
(۳۲) اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا وَّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ	ہلکے اور بوجھل نکل پڑو اور اپنے مالوں اور اپنی جانوں کے
وَاَنْفُسِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ″	ساتھ اللہ کی راہ میں جہاد کرو ۹/۴۱
(۳۳) فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ التوبة ۱۴	سو اپنے سودے پر جو تم نے اس سے کیا ہے خوش ہو جاؤ ۹/۱۱۱
(۳۴) قَاتِلُوا الَّذِيْنَ يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوْا	ان کافروں سے جنگ کرو جو تمہارے قریب ہیں اور چاہیے
فِيْكُمْ غِلْظَةً ۝ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ۝ التوبة ۱۶	کہ وہ تم میں شدت پائیں اور جان لو کہ اللہ متقیوں کے ساتھ ہے ۹/۱۲۳
(۳۵) اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا الحج ۶	ان لوگوں کو اجازت دی گئی جن سے لڑائی کی جاتی ہے اس لئے کہ ان پر ظلم
(۳۶) فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ	سو جب تمہاری کافروں سے مڈبھیڑ ہو جائے تو گردنیں مارنا ہے

حَتّٰىٓ اِذَآ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ ۙ فَاِمَّا مَنًّاۢ	یہاں تک کہ جب تم ان پر غالب آ جاؤ تو قیدیں مضبوط باندھ لو پھر بعد میں
محمد ١٨ / ١	٤٧ / ٤
بَعْدُ وَاِمَّا فِدَآءً حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا	یا تو احسان کے طریق پر یا فدیہ لیکر (چھوڑ دو) یہاں تک کہ لڑائی اپنے ہتھیار

فصل (۲) جہاد کے متعلق نواہی

(۱) وَلَا تَعْتَدُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ — البقرة ٢٣	اور زیادتی نہ کرو اللہ زیادتی کرنے والوں کو پیار نہیں کرتا ٢/١٩٠
(۲) وَلَا تُقٰتِلُوْهُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتّٰى	اور مسجد حرام کے قریب ان سے جنگ نہ کرو جب تک کہ وہ اس
يُقٰتِلُوْكُمْ فِيْهِ ۚ — البقرة ١١	کے اندر تمہارے ساتھ جنگ (نہ) کریں ٢/١٩١
(۳) وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ	اور نہ سست ہو اور نہ غمگین ہو اور تم ہی غالب رہو گے اگر
اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ — ال عمران ١٤	تم مومن ہو ٣/١٣٨
(۴) فَلَا تَخَافُوْهُمْ — ال عمران ١٨	سو تم ان سے مت ڈرو ٣/١٧٤
(۵) وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰٓى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ	اور جو تمہیں سلام کرے اسے یہ نہ کہو کہ تو
مُؤْمِنًا ۚ — النساء ١٣	مومن نہیں ٤/٩٣
(۶) وَلَا تَهِنُوْا فِي ابْتِغَاۗءِ الْقَوْمِ ۭ — النساء ١٥	اور (دشمن) قوم کا پیچھا کرنے میں سستی نہ کرو ٤/١٠٤

(٧) يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا لَقِيتُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوهُمُ الْأَدْبَارَ ۝ الانفال ٢	اے لوگو جو ایمان لائے ہو جب تم ان سے جو کافر ہیں جنگ کی غاؔ میں ملو تو ان سے پیٹھ نہ پھیرو ٨/١٥
(٨) فَلَا تَظْلِمُوا فِيهِنَّ أَنْفُسَكُمْ التوبة ٥	سو ان میں اپنے اوپر ظلم مت کرو ٩/٣٦

(فصل ٢٢) دشمنوں سے صلح کے متعلق اوامر

(١) وَإِنْ جَنَحُوا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ الانفال ٨	اور اگر وہ صلح کی طرف جھکیں تو تو بھی اس کی طرف جھک جا اور اللہ پر بھروسہ رکھ وہ سننے والا جاننے والا ہے ٨/٦١

(فصل ٢٣) دشمنوں سے صلح کے متعلق نواہی

(١) فَلَا تَهِنُوا وَتَدْعُوا إِلَى السَّلْمِ محمد ٤	سو تم سست نہ ہو اور صلح کی طرف (نہ) بلاؤ ٤٧/٣٥

(فصل ٢٤) مال غنیمت اور اس کے مستحقین کے متعلق اوامر

(١) وَاعْلَمُوا أَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِنْ شَيْءٍ فَأَنَّ لِلَّهِ خُمُسَهُ وَلِلرَّسُولِ وَلِذِي الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِينِ وَابْنِ السَّبِيلِ الانفال ٥	اور جان لو کہ جو کوئی چیز تم فتح پا کر حاصل کرو تو اس کا پانچواں حصہ اللہ کے لئے ہے اور رسول کے لئے اور قریبیوں کے لئے اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں کے لئے ٨/٤١

آیات	ترجمہ
(۲) فَكُلُوا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلَالًا طَيِّبًا وَاتَّقُوا اللَّهَ ۹۶ (الانفال)	اس سے جو تم نے فتح پاکر حاصل کیا ہے حلال طیّب کھاؤ اور اللہ کا تقویٰ کرو ۱۰
(۳) مَا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَىٰ رَسُولِهِ مِنْ أَهْلِ الْقُرَىٰ	جو اللہ نے اپنے رسول کو بستیوں والوں سے مال غنیمت دلایا تو
فَلِلَّهِ وَلِلرَّسُولِ وَلِذِي الْقُرْبَىٰ وَالْيَتَامَىٰ	وہ اللہ کے لئے اور رسول کے لئے اور قریبیوں کے لئے اور یتیموں
وَالْمَسَاكِينِ وَابْنِ السَّبِيلِ كَيْ لَا يَكُونَ دُولَةً	اور مسکینوں اور مسافر کے لئے ہے) تاکہ تم میں سے دولتمندوں کے اندر
بَيْنَ الْأَغْنِيَاءِ مِنْكُمْ ۚ وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ (الحشر)	نہ پھرتا رہے اور جو کچھ رسول دیتا ہے وہ لے لو اور جس سے وہ تمھیں
فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا وَاتَّقُوا اللَّهَ	روکتا ہے رک جاؤ اور اللہ کا تقویٰ کرو ۵۹/۷
(۴) لِلْفُقَرَاءِ الْمُهَاجِرِينَ الَّذِينَ أُخْرِجُوا مِنْ	(وہ) مہاجر ناداروں کے لئے ہے جو اپنے گھروں اور اپنے مالوں
دِيَارِهِمْ وَأَمْوَالِهِمْ الحشر/۱	سے نکالے گئے ہیں ۵۹/۸

(فصل ۲۵) شہیدانِ راہِ خدا کے متعلق نواہی

آیات	ترجمہ
(۱) وَلَا تَقُولُوا لِمَنْ يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ	اور جو اللہ کی راہ میں مارے جاتے ہیں انھیں مردہ نہ کہو بلکہ
أَمْوَاتٌ ۚ بَلْ أَحْيَاءٌ وَلَٰكِنْ لَا تَشْعُرُونَ (البقرۃ ۱۹)	وہ زندہ ہیں مگر تم محسوس نہیں کرتے ۲/۱۵۴
(۲) وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتًا	اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے گئے انھیں مرے خیال مت کرو

بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ۝ (آل عمران ۱۷) — بلکہ وہ زندہ ہیں اپنے رب کے پاس رزق دیئے جاتے ہیں ۳/۱۶۹

(فصل ۲۶) مسلمانوں کی باہمی جنگ کے متعلق امر

(۱) فَاِنْۢ بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِىْ تَبْغِىْ حَتّٰى تَفِىْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ (الحجرات ۱) — پس اگر ایک (گروہ) دوسرے پر زیادتی کرتا تو اس سے جنگ کرو جو زیادتی کرتا ہے یہاں تک کہ وہ اللہ کے حکم کی طرف رجوع کرے ۴۹/۹

(فصل ۲۷) مسلمانوں کی باہمی صلح اور انصاف کے متعلق اوامر

(۱) وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا (الحجرات ۱) — اور اگر مومنوں میں سے دو گروہ جنگ کریں تو ان میں صلح کرا دو ۴۹/۹

(۲) فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا — پس اگر وہ (گروہ) رجوع کرے تو ان کے درمیان عدل سے صلح کرا دو اور انصاف کرو ۴۹/۹

(۳) اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝ (الحجرات ۱) — مومن بھائی بھائی ہی ہیں سو اپنے بھائیوں کے درمیان صلح کرا دیا کرو اور اللہ کا تقویٰ کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے ۴۹/۱۰

(فصل ۲۸) جنگ نہ کرنے والوں کی دوستی کے متعلق اوامر

(۱) فَاِنِ اعْتَزَلُوْكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ وَاَلْقَوْا اِلَيْكُمُ (السّلَمَ) — پس اگر وہ تم سے کنارہ کش ہوں پھر تم سے جنگ نہ کریں اور تم سے صلح کی درخواست کریں

فَمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيْلًا ۝ (النساء ٣/١٢)	تو اللہ نے تمہارے لئے ان کے خلاف کوئی راہ نہیں رکھی ٤/٩٠
(٢) لَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ	اللہ تمہیں ان سے نہیں روکتا جنہوں نے تمہارے ساتھ دین کے
فِي الدِّيْنِ وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ اَنْ	بارے میں لڑائی نہیں کی اور تمہیں اپنے گھروں سے نہیں نکالا
تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا اِلَيْهِمْ (الممتحنہ ١)	کہ تم ان سے احسان کرو اور ان سے انصاف کرو ٦٠/٨

(فصل ٢٩) جنگ کرنے والوں اور ان کے حامیوں کافروں منافقوں یہودیوں اور عیسائیوں

کی دوستی کے متعلق نواہی

(١) لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ	مومن مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست نہ بنائیں
مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ (ال عمران ٣) (النساء ٢١)	٣/٢٨ ٤/١٤٤
(٢) لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ لَا يَاْلُوْنَكُمْ	اپنوں کے سوائے (اپنے) راز دار نہ بناؤ وہ تمہاری خرابی میں
خَبَالًا ۝ (ال عمران ١٢)	کمی نہیں کرتے ٣/١١٨
(٣) فَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ اَوْلِيَآءَ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا	سو ان میں سے کسی کو دوست نہ بناؤ یہاں تک کہ وہ اللہ کی راہ
فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ... لَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۝ (النساء ١٢)	میں ہجرت کریں ... ان میں سے کسی کو نہ دوست اور نہ مددگار بناؤ ٤/٨٩

(۴) لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰىٓ اَوْلِيَآءَ ۘ

یہودیوں اور عیسائیوں کو دوست مت بناؤ ۵/۵۱

(۵) لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ — الممتحنۃ ۱

میرے مخالفوں اور اپنے مخالفوں کو دوست نہ بناؤ ۶۰/۱

(۶) اِنَّمَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ قٰتَلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَاَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ وَظٰهَرُوْا عَلٰٓى اِخْرَاجِكُمْ اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ — الممتحنۃ ۲

اللہ تمہیں صرف ان لوگوں سے دوستی کرنے سے روکتا ہے جنہوں نے دین کے بارے میں تم سے لڑائی کی اور تمہیں تمہارے گھروں سے نکالا اور تمہارے نکالنے میں (دوسروں کی) مدد کی اور جو ان سے دوستی کرتے ہیں تو وہی ظالم ہیں ۶۰/۹

(۷) لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ،،

ان سے دوستی مت کرو جن پر اللہ ناراض ہوا ہے ۶۰/۱۳

(فصل ۳۰) اللہ کی آیات کا انکار دین پر ہنسی کرنے والوں ایمان پر کفر کو عزیز سمجھنے والوں اور ظالموں کی صحبت اور دوستی کے متعلق نواہی

(۱) وَقَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَيُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖٓ — النساء ۲۰

اور وہ تم پر کتاب میں (یہ حکم) نازل کرچکا ہے کہ جب تم سنو کہ اللہ کی آیات کا انکار کیا جاتا ہے اور ان پر ہنسی کی جاتی ہے تو ان کے ساتھ مت بیٹھو جہاں تک کہ وہ اس کے سوا کسی دوسری بات میں لگ جائیں ۴/۱۴۰

(۱) يا ايها الذين آمنوا لا تتخذوا الذين اتخذوا دينكم هزوا ولعبا من الذين اوتوا الكتب من قبلكم والكفار اولياء — المائدة ۹

اے لوگو جو ایمان لائے ہو ان میں سے جن کو تم سے پہلے کتاب دی گئی ان لوگوں کو دوست نہ بناؤ جو تمہارے دین کو ہنسی اور کھیل بناتے ہیں اور (نہ) کافروں کو — ۵/۵۷

(۲) يا ايها الذين آمنوا لا تتخذوا آباءكم واخوانكم اولياء ان استحبوا الكفر على الايمان — التوبة ۳

اے لوگو! جو ایمان لائے ہو اپنے باپوں اور اپنے بھائیوں کو دوست نہ بناؤ اگر وہ ایمان پر کفر کو دوست رکھیں اور جو کوئی تم میں سے ان کو دوست بنائے گا یہی ظالم ہیں — ۹/۲۳

(۳) ولا تركنوا الى الذين ظلموا فتمسكم النار — هود ۱۰

اور ان کی طرف نہ جھکو جو ظالم ہیں ورنہ تمہیں آگ چھوجائیگی — ۱۱/۱۱۳

(فصل ۳) فوجداری یعنی قتل اور دیگر جرائم کی سزا کے متعلق اوامر

يا ايها الذين آمنوا كتب عليكم القصاص في القتلى الحر بالحر والعبد بالعبد والانثى بالانثى فمن عفي له من اخيه شيء

اے لوگو جو ایمان لائے ہو مقتولوں کے بارے میں تم پر قصاص مقرر کیا گیا ہے (قاتل) آزاد ہو تو آزاد (ہی مارا جائے) اور غلام ہو تو غلام اور عورت ہو تو عورت مگر جس کو اپنے بھائی کی طرف سے کچھ معافی دی گئی ہے

فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوفِ وَأَدَاءٌ إِلَيْهِ بِإِحْسَانٍ ذَٰلِكَ تَخْفِيفٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ فَمَنِ اعْتَدَىٰ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَلَهُ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ البقرة ۲۲

تو عمدگی سے پیروی کرنی چاہیئے اور نیکی کے ساتھ اُسے ادا کیا جائے یہ تمہارے رب کی طرف سے آسانی اور مہربانی ہے پھر جو کوئی اس کے بعد زیادتی کرے اس کے لئے دردناک

(۲) وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيَاةٌ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ۝ البقرة ۲۲

اور تمہارے لئے قصاص میں زندگی ہے اے عقل والو تاکہ تم بچتے رہو ۲/۱۷۹

(۳) اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْحُرُمَاتُ قِصَاصٌ فَمَنِ اعْتَدَىٰ عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدَىٰ عَلَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ مَعَ الْمُتَّقِينَ البقرة ۲۲

حرمت والا مہینہ حرمت والے مہینے کے بدلے ہے اور تمام حرمت والی چیزوں میں بدلا ہے پس جو کوئی تم پر زیادتی کرے تم اس کو اسی کے مطابق سزا دو جو اس نے تم پر زیادتی کی ہے اور اللہ کے تقویٰ پر رہو اور جان لو کہ اللہ ان کے ساتھ ہے جو تقویٰ اختیار کرتے ہیں ۲/۱۹۴

(۴) وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ أَن يَقْتُلَ مُؤْمِنًا إِلَّا خَطَأً وَمَن قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَأً فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ إِلَىٰ أَهْلِهِ إِلَّا أَن يَصَّدَّقُوا ط

اور کسی مومن کو شایاں نہیں کہ وہ مومن کو مار ڈالے مگر غلطی سے اور جو کوئی غلطی سے کسی مومن کو مار ڈالے تو ایک مومن غلام آزاد کرے اور خون بہا دے جو اس کے وارثوں کو سپرد کیا جائے سوائے اس کے کہ وہ معاف کر دیں

فَإِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۖ وَإِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ إِلَىٰ أَهْلِهِ وَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۖ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ تَوْبَةً مِّنَ اللَّهِ ۗ

پھر اگر (مقتول) ایسے لوگوں سے ہو جو تمہارے دشمن ہیں اور وہ مومن ہو تو ایک مومن غلام آزاد کرنا چاہیئے اور اگر ایسے لوگوں سے ہو کہ تم میں اور ان میں معاہدہ ہے تو خون بہا دینا چاہیئے جو اس کے وارثوں کے سپرد کیا جائے اور ایک مومن غلام آزاد کرنا چاہیئے پھر جو شخص یہ نہ پائے تو دو مہینے کے متواتر روزے رکھے (تاکہ) اللہ اس پر رحمت سے متوجہ ہو ۴/۹۲

(۵) وَمَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَاؤُهُ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيهَا وَغَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهُ وَأَعَدَّ لَهُ عَذَابًا عَظِيمًا ○ النساء ۱۳

اور جو جان بوجھ کر کسی مومن کو قتل کرے تو اس کی سزا دوزخ ہے اسی میں رہے گا اور اللہ اس پر ناخوش ہے اور اس پر لعنت کرتا ہے اور اس کے لئے بڑا عذاب تیار کرے گا ۴/۹۳

(۶) إِنَّمَا جَزَاءُ الَّذِينَ يُحَارِبُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيَسْعَوْنَ فِي الْأَرْضِ فَسَادًا أَنْ يُقَتَّلُوا أَوْ يُصَلَّبُوا أَوْ تُقَطَّعَ أَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ أَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْأَرْضِ ۚ ذَٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا ۖ وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ ○ (مائدہ ۵)

ان کی سزا جو اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ جنگ کرتے ہیں اور ملک میں فساد پھیلانے کی کوشش کرتے ہیں صرف یہی ہے کہ وہ قتل کئے جائیں یا صلیب پر مارے جائیں یا ان کے ہاتھ اور پاؤں مخالف اطراف سے کاٹے جائیں یا ان کو قید کیا جائے یہ ان کے لئے دنیا میں رسوائی ہے اور ان کے لئے آخرت میں بڑا عذاب ہے ۵/۳۳

(٧) اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهِمْ ۚ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ (المائدة ٥)	سوائے ان کے جو توبہ کریں اس سے پہلے کہ تم ان پر قابو پا لو سو جان لو کہ اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے ٣٤
(٨) وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَيْدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ فَمَنْ تَابَ مِنْۢ بَعْدِ ظُلْمِهٖ وَاَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَتُوْبُ عَلَيْهِ ۗ المائدة ٥ / ٥	اور چور مرد اور چور عورت دونوں کے ہاتھ کاٹ دو (یہ ان) کی سزا (ہے) جو انھوں نے کیا اللہ کی طرف سے عبرتناک سزا اور اللہ غالب حکمت والا ہے پھر جو شخص اپنے ظلم کے بعد توبہ کرے اور اصلاح کرے اور اللہ اس پر (رحمت سے) توجہ کرے گا ٥/٣٨، ٣٩
(٩) وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ۚ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ ۝ النحل ١٦	اور اگر تم (انھیں) بدلا دو تو اتنا دو جتنی تمھیں تکلیف دی گئی اور اگر تم صبر کرو تو یہ صبر کرنے والوں کے لئے بہت اچھا ہے ١٦/١٢٦

(فصل ٣٢) دیوانی یعنی قرض لین دین کے متعلق اوامر

(١) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكْتُبُوْهُ ۗ البقرة ٣٩	اے لوگو جو ایمان لائے ہو جب تم آپس میں مقرر وقت کے لئے قرض کا معاملہ کرو تو اسے لکھ لو ٢/٢٨٢
(٢) وَلْيَكْتُبْ بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌۢ بِالْعَدْلِ ″	اور چاہئے تمھارے درمیان لکھنے والا عدل کے ساتھ لکھے ″

آیت	حوالہ	ترجمہ	حوالہ
(۳) فَلْيَكْتُبْ	البقرة ۳۹	اور ضرور لکھ دے	۲/۲۸۲
(۴) وَلْيُمْلِلِ الَّذِي عَلَيْهِ الْحَقُّ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ		اور چاہیئے کہ وہ جس پر حق ہے لکھائے اور وہ اللہ اپنے رب کا تقویٰ کرے	
(۵) فَإِنْ كَانَ الَّذِي عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيهًا أَوْ ضَعِيفًا أَوْ لَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يُمِلَّ هُوَ فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهُ بِالْعَدْلِ	البقرة ۳۹	پھر اگر وہ شخص جس پر حق ہے کم عقل یا ضعیف ہو یا لکھوانے کی قابلیت نہ رکھتا ہو تو اس کا ولی انصاف کے ساتھ لکھوائے	۲/۲۸۲
(۶) وَاسْتَشْهِدُوا شَهِيدَيْنِ مِنْ رِجَالِكُمْ		اور دو گواہ اپنے مردوں میں سے گواہی کے لئے بلا لیا کرو	
(۷) فَإِنْ لَمْ يَكُونَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَامْرَأَتَانِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَاءِ أَنْ تَضِلَّ إِحْدَاهُمَا فَتُذَكِّرَ إِحْدَاهُمَا الْأُخْرَىٰ	البقرة ۳۹	پھر اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں ان گواہوں میں سے ہوں جن کو تم پسند کرو تاکہ اگر ایک بھول جائے تو ایک ان دونوں میں سے دوسری کو یاد دلا دے	۲/۲۸۲
(۸) وَأَشْهِدُوا إِذَا تَبَايَعْتُمْ		اور جب خرید و فروخت کرو تو گواہ کر لیا کرو	۲/۲۸۲
(۹) وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ	البقرة ۳۹	اور اللہ کا تقویٰ کرو اور اللہ تم کو سکھاتا ہے اور اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے	۲/۲۸۲

(فصل ۳۳) دیوانی یعنی قرض لین دین کے متعلق نواہی

(۱) وَلَا يَأْبَ كَاتِبٌ أَنْ يَكْتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ اللّٰهُ	البقرة ۳۹	اور لکھنے والا لکھنے سے انکار نہ کرے جیسا اللہ نے اسے سکھایا	۲/۲۸۲
(۲) وَلَا يَبْخَسْ مِنْهُ شَيْئًا ؕ	"	اور اس سے کچھ کمی نہ کرے	۲/۲۸۲
(۳) وَلَا يَأْبَ الشُّهَدَآءُ إِذَا مَا دُعُوْا ؕ	"	اور گواہ جب بلائے جائیں انکار نہ کریں	"
(۴) وَلَا تَسْأَمُوْٓا أَنْ تَكْتُبُوْهُ صَغِيْرًا أَوْ كَبِيْرًا إِلٰٓى أَجَلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ أَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ وَأَقْوَمُ لِلشَّهَادَةِ وَأَدْنٰٓى أَلَّا تَرْتَابُوْٓا إِلَّآ أَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِيْرُوْنَهَا بَيْنَكُمْ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَلَّا تَكْتُبُوْهَا ؕ	البقرة ۳۹	اور اس کے وقت تک اسے لکھنے میں کاہلی نہ کرو تھوڑا ہو یا بہت یہ اللہ کے نزدیک بہت انصاف کی بات ہے اور گواہی کو بہت مضبوط رکھنے والی ہے اور اس سے بہت قریب ہے کہ تم شک میں پڑو لیکن اگر نقد سودا ہو جس کو تم آپس میں لیتے دیتے ہو تو پھر تم پر کوئی گناہ نہیں کہ اُسے نہ لکھو	۲/۲۸۲
(۵) وَلَا يُضَآرَّ كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ ؕ وَإِنْ تَفْعَلُوْا فَإِنَّهٗ فُسُوْقٌ بِكُمْ ؕ	"	اور نہ لکھنے والے کو نقصان پہنچایا جائے اور نہ گواہ کو اور اگر تم (ایسا) کروگے تو یہ تمہاری طرف سے نافرمانی ہوگی	۲/۲۸۲

(فصل ۳۴) گروی رکھ لینے کے متعلق اوامر

(۱) وَإِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ وَّلَمْ تَجِدُوْا كَاتِبًا	اور اگر تم سفر میں ہو اور لکھنے والا نہ پاؤ

فَرِهٰنٌ مَّقْبُوضَةٌ ۖ فَإِنْ أَمِنَ بَعْضُكُم بَعْضًا فَلْيُؤَدِّ الَّذِي اؤْتُمِنَ أَمَانَتَهُ وَلْيَتَّقِ اللَّهَ رَبَّهُ ۗ البقرة ۳۹

تو (کچھ) بالقبضہ گروی رکھ لیا جائے پھر اگر تم میں سے ایک دوسرے کا اعتبار کرے تو جس کا اعتبار کیا گیا ہے چاہیئے کہ وہ امانت کو ادا کرے اور اللہ اپنے رب کا تقویٰ اختیار کرے ۲/۲۸۳

(فصل ۳۵) گواہی دینے کے متعلق اوامر

(۱) كُونُوا قَوَّامِينَ بِالْقِسْطِ شُهَدَاءَ لِلَّهِ وَلَوْ عَلَىٰ أَنفُسِكُمْ أَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ ۚ النساء ۲۰ المائدہ ۲

انصاف پر قائم ہونے والے اللہ کے لئے گواہی دینے والے رہو ۴/۱۳۵ گو (معاملہ) تمہاری اپنی ذات یا ماں باپ اور قریبیوں کے خلاف ہو ۵/۸

(فصل ۳۶) گواہی چھپانے کے متعلق نہی

(۱) وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ۚ وَمَن يَكْتُمْهَا فَإِنَّهُ آثِمٌ قَلْبُهُ ۗ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ عَلِيمٌ ۝ البقرة ۳۹

اور گواہی کو نہ چھپاؤ اور جو شخص اسے چھپاتا ہے تو اس کا دل ضرور گنہگار ہوتا ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اسے جانتا ہے ۲/۲۸۳

(فصل ۳۷) وصیت اور اس کی گواہی کے متعلق اوامر

(۱) كُتِبَ عَلَيْكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ إِن تَرَكَ خَيْرًا الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ بِالْمَعْرُوفِ ۖ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِينَ ۝ فَمَن بَدَّلَهُ بَعْدَمَا سَمِعَهُ

